أَهَمُّ الحِوَارَاتِ وَالعِبَارَاتِ

فِى اللُّغَةِ العَرَبِيَّةِ

عربی زبان میں روزمرہ استعمال ہونے والے اہم جملے اور تعبیرات

الجُزءُ الثَّاني

من إفادات وحوارات

الشيخ شكري عبد الواحد التونسي

ماجستير في العلوم الشرعيه واللغوية من دمشق ومتخصص فى الفقه الاسلامي

جمع وترتيب وترجمه

خَلِيلُ الرَّحمٰنُ العُمَري

الناشر

لجنة الدفاع عن اللغة العربية

أَهَمُّ الْحِوَارَاتِ وَالْعِبَارَاتِ

فِى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ

عربی زبان میں روزمرہ استعمال ہونے والے اہم جملے اور تعبیرات

الجزء الثانى

من إفادات وحوارات

الشيخ شكري عبد الواحد التونسي

ماجستير في العلوم الشرعيه واللغوية من دمشق وتخصص فى الفقه الاسلامي
دبلوم في الآلية العامة بالمعهد التقني العالي بتونس
وفي صدد انجاز دكتوراه في (تنظيم العلاقات المالية في الاسلام)

جمع وترتيب وترجمه

خليل الرحمن العمرى

الناشر

لجنة الدفاع عن اللغة العربية

- نام کتاب...... ...... أهم الحوارات والعبارات في اللغة العربية
- جمع وترتیب وترجمہ .... خليل الرحمٰن العمري
- حوارات وإفادات .... شيخ شكري عبدالواحد التونسي
- ناشر... . ... لجنة الدفاع عن اللغة العربية

رابطہ نمبر:0333-3874213
0332- 2214044

ملنے کے پتے

- ☆ اسلامی کتب خانہ، بنوری ٹاؤن، کراچی
- ☆ کتب خانہ مظہری، گلشن اقبال، کراچی
- ☆ ادارۃ الانور، بنوری ٹاؤن، کراچی
- ☆ مکتبہ المعارف، بنوری ٹاؤن، کراچی
- ☆ مکتبہ عمر فاروق، شاہ فیصل کالونی، کراچی
- ☆ مکتبہ عثمانیہ، بالمقابل ڈاکخانہ دارالعلوم کراچی
- ☆ بخاری کتاب گھر، گھنٹہ گھر سکھر

فهرس الموضوعات

مقدمة

الحمدلله الذي أَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهٖ قُرآناعَرَبِيًّاغَيْرَذِي عِوَجٍ،واختارلدينه رسولا عربياخيرَمَن نطق بلغة الضاد. والصلاة والسلام علٰى أشرف المرسلين سيدنا محمد ﷺ وعلٰى آله وَأصحابه أجمعين.

وبعد:فقد كانت شبه القارة الهندية منذ أقدمِ عصورِالتاريخ موضعَ اهتمامِ المؤرخين،ومعقلَ آمالهم في جميع المجالات الإنسانية،وهي لا تزال مُتَمَيِّزَةً بماأودع الله فيهامن صنوف الودائع والكنوزِ الأرضيةِ والمعدنيةِ،ومِن ضروب المؤهلات البشرية والطاقات الإنسانية،وقد أصبحت لها مكانةٌ فريدة في خارطة العالم ولا سيمابعد الفتح الإسلامي ودخولِ الدّعوة الإسلامية إليها،انطلاقامن السندالتي تُعتبربوَّابةَ الحضارة الإسلامية في هٰذه الربوع التي حمل لواءَها محمد ابن القاسم الثقفي الذي جعل هٰذه الأرض تُربةً صالحة لبذور الإسلام التي زرعَهافي أرض السند،ومنهافي جميع أنحاء البلاد،شرقا و غربا وشمالاوجنوبا....

ثم قيَّض الله تعالٰى في هٰذاالزمان رجالا يذُودون علٰى حوضهاويُحيون ماندثرمِن أصولهاوتراثها.

فاللغة العربية هي لغة وحدة الأمةِ وائتلافِها،لذٰلك قامت(لجنة الدّفاع عن اللغة العربية)بإصدار بعض الكتب باللغة العربية سواء كانت مُقترنةً بالترجمةِ الأردية أو خالية من الترجمة لِما أحسّتْ هٰذه اللّجنةُ من ضرورة الترجمة في بعض الأحيان لإيصال العلم النَّافع إلٰى جميع البشرية ، وخاصة في شبه القارة الهندية -غيرُ مقتصِرة علٰى أهل العلم والعلماء... فهٰذاغيث مِن فيض،وهٰذاالكتاب أوّل القطر وآخره غيث نافع... وهو يشتمل علٰى حوارات مهمَّةٍ ومفيدة ومتنوّعة لطلاب العلم وغيرهم ممّن يريدون أن يتعلّموا اللغة العربية ،لغة القرآن والسنّة ....

وكتب هٰذه المقدمة بفضل الله-
الشيخ المفتي شكري عبدالواحدالتونسى
في 28 جمادى الأولى ١٤٣٢هـ
الموافق 2011/05/02 م

مقدمة (اردو)

الحمدلله الذي أَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهٖ قُرآناعَرَبِيًّاغَيْرَذِيْ عِوَج،واختارلدينه رسولا عربياخيرمَن نطق بلغة الضاد. والصلاة والسلام علٰى أشرف المرسلين سيدنا محمد ﷺ وعلٰى آله وَأصحابه أجمعين.

أمـابـعد: برصغیر ہندزمانہ قدیم سے مؤرخین کی توجہ اور ہرقسم کی انسانی ترقی کی امیدوں کا مرکز رہاہے، چونکہ اللہ تعالی نے اس سرزمین کومختلف قسم کی معدنی خزانوں اور طرح طرح کے باصلاحیت انسانوں سے نوازا ہے، بنابریں عالمی جغرافیائی نقشہ میں ایک منفرد اور نمایاں حیثیت کا حامل رہی ہے خصوصًا فتح اسلامی اور دعوت اسلام کے ورود نے سندھ کو باب السلام اور اسلامی ثقافت کا مرکز بنادیا، یہ وہ تاریخی خطّہ ہے جس کی مٹی کو فاتح اسلام محمد بن قاسم ثقفی کی فتوحات نے اسلام کے نشو ونما کیلئے ایسا مرکز بنایا جہاں سے مشرق ومغرب اور جنوب وشمال کی تمام خطوں میں اسلام پھیلتا گیا۔

پھر ایسے حالات پیدا ہوئے کہ اس سرزمین کی عظمت وشرف انحطاط کا شکار اور علمی سرمایہ مٹ نے کے قریب ہوا پھر اللہ تعالی نے ایسی شخصیات پیدا کیے جنہوں نے اس کی عظمت رفتہ کو بحال کردیا اور اپنے مجددانہ صلاحیتوں سے اس علمی سرمایہ میں دوبارہ زندگی کی روح پھونک دی۔

عربی زبان علمی ترقی کا اہم ذریعہ اور سید کائنات حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور رب کائنات کے کلام کی زبان ہے، اور ہر زمانہ میں مسلمانوں کیلئے اہمیت کا حامل رہاہے بنابرایں اسکی تسہیل وترتیب کی ضرورت محسوس کی گئی۔

لہذا لجنۃ الدفاع عن اللغۃ العربیۃ نے عربی کتب کی اشاعت کا سلسلہ شروع کیا حسب ضرورت خاص وعام کیلئے بعض کتابیں بغیر ترجمہ کے اور بعض ترجمہ کیساتھ مرتب کی گئیں، اور یہ کتاب دریا میں سے ایک قطرہ اور پہلی بوند ہے جسکا انجام ونتیجہ انشاءاللہ نفع بخش بارش ہوگی۔

اس کتاب میں طلباء کرام کے علاوہ قرآن وحدیث سیکھنے والوں اور عربی زبان کے خواہشمندوں کیلئے نہایت اہم مختلف قسم کے مفید حوارات کو جمع کیا گیا ہے۔

راقم السطور :الشيخ المفتي شكري عبدالواحد التونسي

مترجم:استاذخليل الرحمن العمري

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تقریظ

مولنا مفتی ضیاء الرحمٰن صاحب

نائب مہتمم مدرسہ بیت المقدس

الحمدللہ وحدہ والصلاۃ والسلام علی من لانبیّ بعدہ أمّابعد!

یہ نا قابل انکار حقیقت ہے کہ اللہ تعالی نے عربی زبان کو دیگر تمام زبانوں پر فضیلت وفوقیت بخشی ہے اسی وجہ سے خاتم الانبیاء سیّد الرسل محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان کیلئے بھی اللہ تعالی نے لغت عربی کو پسند فرمایا اور قرآن کریم اور اہل جنت کی زبان کیلئے بھی لسان عربی کو منتخب فرما کر دوسری زبانوں پر شرافت بخشی

پھر جو وسعت وکمال وفصاحت عربی زبان میں رکھی گئی ہے دوسری زبانیں اس سے عاری ہیں اور مافی الضمیر کا اظہار جس خوبی وسہولت سے عربی زبان میں کیا جاسکتا ہے کسی اور میں نہیں کیا جاسکتا اور اسکی حلاوت اور مٹھاس سے تو وہ حضرات بخوبی واقف ہیں جو لسان عربی کے اسرار وغوامض سے آشنا ہیں۔

بندہ عربی زبان سیکھنے اور اس میں تعمق ومہارت کو ایک عظیم سعادت سمجھتا ہے اور اس زبان کی ترویج واشاعت کو دینی فریضہ سمجھتا ہے برادرم مولوی خلیل الرحمٰن العمری جو عربی زبان سے خصوصی شوق رکھتے ہیں اور تخصص فی العربی بھی کر چکے ہیں انہوں نے اپنے ذوق کے مطابق عربی زبان سیکھنے کیلئے ایک ذخیرہ مرتب کیا ہے جس کی ترتیب میں عام فہمی اور آسان اسلوبی کا خصوصی لحاظ کیا گیا ہے تا کہ یہ کتاب دینی طلباء کے ساتھ ساتھ عوام الناس کیلئے بھی مفید ہو سکے حصہ اوّل ودوم مرتب شدہ ہے اور دیگر حصے آنے کو ہیں انشاءاللہ۔

بندہ نے اس کتاب کے دونوں حصوں کا مطالعہ کیا ہے اور تصحیح بھی کی ہے اور موصوف کے علمی وعربی ذوق اور تحریری کاوش پر حوصلہ افزائی کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالی اس سعی کو قبول فرمائے اور اس سے طلباء کرام وعوام الناس کو مستفید فرمائے۔آمین

ضیاء الرحمٰن عفا اللہ عنہ

بسم الله الرحمن الرحيم

حِوَارٌ حَوْلَ مَوْقِفِ الْحَافِلَاتِ (لِلْمُسْتَوَى الْأَوَّلِ)

بس اسٹاپ سے متعلق گفتگو (لیول:۱)

۱ :عَفْوًا يَاأَخِيْ! أَيْنَ مَوْقِفُ الْحَافِلَاتِ؟	۱:معاف کیجئے گا بھائی! بس اسٹاپ کہاں ہے؟
۲ : هُنَا مَوْقِفَانِ فَأَيُّهُمَا تُرِيْدُ؟	۲:یہاں دو بس اسٹاپ ہیں آپ کس کے بارے میں پوچھ رہے ہیں؟
۱ : أُرِيْدُ أَقْرَبَهُمَا.	۱:اُن میں سے جو قریب ہو۔
۲ :حَسَنًا!اُعْبُرْ هٰذَاالْفَرْعَ فَالْمَوْقِفُ بَعْدَهُ بِمَسَافَةِ خَمْسِ دَقَائِقَ.	۲:اچھا! آپ اس گلی کو پار کریں اسٹاپ اسکے بعد پانچ منٹ کے فاصلہ پر ہے۔
۱ : شُكْرًا جَزِيْلًا يَاأَخِيْ!	۱:بھائی! بہت شکریہ!

فِي الْمَوْقِفِ بس اسٹاپ میں

۱ :مَعْذِرَةً أَيُّ سَيَّارَةٍ تُوْصِلُنِيْ اِلٰى صدر	۱:معاف کیجئے گا! صدر تک کونسی گاڑی مجھے پہنچادے گی؟
۲ : عَلَيْكَ أَنْ تَتَرَقَّبَ الْحَافِلَةَ الْمُرَقَّمَةَ بِ 4-k.	۲:آپ 4-k بس کا انتظار کریں۔
۱ :مَتٰى تَصِلُ هُنَا؟	۱:یہاں کب پہنچے گی؟
۲ :مَوْعِدُ وُصُوْلِهَا غَيْرُ مُحَدَّدٍ.	۲:اس کے پہنچنے کا وقت مقرر نہیں۔
۱ :عَادَةً كَمْ وَقْتًا تَسْتَغْرِقُ فِيْ وُصُوْلِهَا اِلٰى صدر؟	۱:عام طور پر صدر تک پہنچنے میں کتنا وقت لیتی ہے؟

٢ :أَكْثَرُ الْأَوْقَاتِ تَسْتَغْرِقُ عِشْرِيْنَ دَقِيْقَةً، وَلٰكِنَّهَا قَدْ تَتَأَخَّرُ. ٢:زیادہ تر بیس منٹ لیتی ہے اور کبھی لیٹ بھی ہو جاتی ہے۔

ا :هَلْ هٰذِهِ الَّتِيْ تَقْدُمُ؟ ا: کیا یہ جو آرہی ہے یہی ہے؟

٢ :نَعَمْ ! هٰذِهِ اِرْكَبْهَا. ٢: جی ہاں! یہی ہے اس میں سوار ہو جائیں۔

ا :يَالَهُ مِنْ اِزْدِحَامٍ شَدِيْدٍ فِيْهَا ! ا: اوہ اس میں کتنا زیادہ رش ہے!

٢ :بِالْفِعْلِ! إِنْ لَمْ تَرْكَبْهَا الْآنَ فَلَا تَأْمَلْ أَنْ تَجِدَ غَيْرَهَا إِلَّا بَعْدَ نِصْفِ سَاعَةٍ. ٢: بالکل! اگر آپ اس میں ابھی سوار نہیں ہوئے تو دوسری گاڑی ملنے کی امید آدھے گھنٹے بعد ہی رکھیئے گا۔

ا :إِذَنْ أَرْكَبُهَا مَهْمَا يَكُنْ جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا يَاأَخِيْ! السلام عليكم ! ا: تو اسی میں سوار ہوتا ہوں جو کچھ بھی ہو! بھائی جزاک اللہ! السلام علیکم!

٢ : وَعَلَيْكُمُ السلامُ مَعَ السَّلَامَةِ ! ٢: وعلیکم السلام! اللہ حافظ!

حِوَارٌ حَوْلَ مَوْقِفِ الْحَافِلَاتِ (لِلْمُسْتَوىٰ الثَّانِي)

بس اسٹاپ سے متعلق گفتگو (لیول:۲)

۱ : لُطْفًا يَاابْنَ خَالِيْ! هَلْ لَکَ أَنْ تَدُلَّنِيْ عَلٰى مَوْقِفِ الْحَافِلَاتِ؟	۱: بھائی صاحب! برائے مہربانی کیا آپ مجھے بس اسٹاپ کے بارے میں بتلائیں گے؟
۲ : نَعَمْ! وَلٰكِنَّ هُنَامَوْقِفَانِ أَيُّهُمَا تَقْصِدُ؟	۲: جی ہاں! لیکن یہاں دو اسٹاپ ہیں کونسے اسٹاپ کو جانا چاہتے ہیں؟

۱ : مَعْذِرَةً ! أَنَاغَرِيْبٌ فِيْ هٰذِهِ الْمِنْطَقَةِ فَدُلَّنِيْ عَلٰى مَوْقِفٍ أَجِدُ فِيْهِ حَافِلَةً تُوْصِلُنِيْ إِلٰى صدر .	۱: معاف کیجئے گا! میں اس علاقہ میں اجنبی ہوں آپ مجھے وہ اسٹاپ بتادیں جہاں سے مجھے صدر پہنچانے والی گاڑی مل سکے۔
۲ : طَيِّبٌ! اِمْشِ عَلٰى هٰذِهِ الطَّرِيْقِ عَلٰى الطُّوْلِ حَتّٰى تَتَرَاءىٰ لَکَ حَدِيْقَةٌ عَلٰى يَسَارِکَ فَالْمَوْقِفُ أَمَامَهَا .	۲: ٹھیک ہے! اس راستہ پر سیدھا چلتے رہیں یہاں تک کہ آپکو بائیں جانب ایک پارک نظر آئے گا اسٹاپ اس پارک کے سامنے ہے۔
۱ : شُكْرًا لَکَ عَلٰى حُسْنِ دَلَالَتِکَ!	۱: بہترین رہنمائی کا شکریہ!

فِي الْمَوْقِفِ بس اسٹاپ میں

۱ : عَفْوًا يَاأَخِيْ ! أُرِيْدُ الذَّهَابَ إِلٰى صدر فَأَيُّ حَافِلَةٍ تَأْخُذُنِيْ إِلٰى هُنَاکَ؟	۱: معاف کیجئے گا بھائی جان! میں صدر جانا چاہتا ہوں تو کونسی بس مجھے وہاں لے جائے گی؟

۲ :تُوجَدُ حَافِلَتَانِ تَمُرَّانِ بِصدر إِحْدَا هُمَا مُرَقَّمَةٌ بِ G-2 وَالْأُخْرٰی مُرَقَّمَةٌ بِG-3.	۲: یہاں دوبسیں ہیں جوصدر جاتی ہیں ان میں سے ایک کانمبر G-2 اور دوسری کا G-3 ہے۔
۱ :جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًایَاأَخِيْ ! أَیُّھُمَا أَکْثَرُ سُرْعَةً فِی السَّیْرِ؟	۱: جزاک اللہ بھائی جان! ان دونوں میں سے تیز کونسی ہے؟
۲ :اَلْمُرَقَّمَةُ بِG-2تَأْتِيْ بَعْدَ کُلِّ عَشْرِدَقَائِقَ لٰکِنَّھَا تُؤَ خِّرُکَ فِي الْوُصُوْلِ لِکَثْرَةِ وُقُوْفِھَاعَلٰی الْمَوَاقِفِ.	۲: G-2 ہر دس منٹ بعد آتی ہے لیکن وہ زیادہ اسٹاپ کرنے کیوجہ سے آپ کو لیٹ کردے گی۔
۱ :وَمَاذَاعَنِ الْأُخْرٰی؟	۱:اوردوسری کیسی ہے؟
۲ :ھِيَ لَابَأْسَ بِھَا لٰکِنَّھَا کَثِیْرًا مَّا تَکُوْنُ مُزْدَحِمَةً فَلَا تَکَادُ أَنْ تَجِدَ فِیْھَا مَکَانًا لِلْوُقُوْفِ.	۲: وہ مناسب ہے لیکن وہ اکثر بھری ہوئی ہوتی ہے مشکل ہے کہ اس میں آپکو کھڑے ہونے کی جگہ بھی مل جائے۔
۱ :لَابَأْسَ اَلَّتِيْ أَجِدُ ھَافَارِغَةً أَرْکَبُھَا.	۱: کوئی بات نہیں جوخالی ہوگی میں اس میں سوار ہوجاؤں گا۔
۲ : ھَاھِيَ أَقْبَلَتْ حَافِلَتُکَ .	۲: وہ رہی آپکی گاڑی آگئی۔

ا :يَاإِلٰهِي ! إِنَّهَامُكْتَظَّةٌ بِالرُّكَّابِ فَلا أَكَادُ أَنْ أَجِدَ فِيْهَامَوْضِعَ أُنْمُلَةٍ فَضْلًا عَنِ الْوُقُوْفِ.
ا:میرے مولا! یہ تو سواریوں سے بھری ہوئی ہے اس میں تو مجھے پیر رکھنے کی جگہ ملنا بھی مشکل ہے چہ جائیکہ کھڑے ہونے کی جگہ مل جائے۔

اَلْجَابِي:هَيَّااِصْعَدْ سَقْفَهَافَهُوَ فَارِغٌ.
کنڈیکٹر: آؤاسکی چھت پر چڑھ جاؤوہ خالی ہے۔

ا : شُكْرًا! أَرْكَبُ حَافِلَةً أُخْرٰى.
ا:شکریہ! میں دوسری بس میں سوار ہو جاؤں گا۔

٢ :وَاللّٰهِ! اَلْحَافِلَاتُ الشَّعْبِيَّةُ عِنْدَنَا يُرْثٰى لَهَا.
٢:بخدا ہمارے ہاں پبلک بسوں کی حالت قابل رحم ہے۔

ا :أَنْتَ مُحِقٌّ يَاأَخِي ! مَسْؤُلِيَّتُهَا كُلُّهَا تَعُوْدُ عَلٰى عَاتِقِ الْحُكُوْمَةِ.
ا:بھائی آپ بجا کہہ رہے ہیں،اسکی ساری ذمہ داری حکومت کے سر آتی ہے۔

٢ :اُنْظُرْ يَاأَخِي تِلْكَ الْحَافِلَةَ الْمُقْبِلَةَ لَعَلَّهَارَقَمُهَابِ G-3.
٢:وہ دیکھو بھائی! سامنے سے آنے والی بس شاید وہ G-3 ہے۔

ا : نَعَمْ هِيَ كَذَالِكَ.
ا:ہاں اسی طرح ہی ہے۔

٢ :مِنْ حُسْنِ حَظِّكَ هِيَ فَارِغَةٌ فَارْكَبْهَا وَلَا تَتَأَخَّرْ.
٢:آپ کی خوش قسمتی سے وہ خالی ہے اس میں سوار ہو جائیں،دیر مت کریں۔

ا :جُزِيْتَ خَيْرًا يَاأَخِيْ السلام عليكم!
ا:اللہ آپ کو جزائے خیر دے! السلام علیکم!

٢ :رعايكم السلام رَافَقَتْكَ السَّلَامَةُ !
٢:وعلیکم السلام صدا سلامت رہو!

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ مَوْقِفِ الْحَافِلَةِ

(بس اسٹاپ سے متعلق سوالات وجوابات)

۱ : هَلْ يَمُرُّ بِهٰذَا الْمَوْقِفِ جَمِيْعُ حَافِلاتِ الْمَدِيْنَةِ؟ ۱: کیا اس اسٹاپ سے شہر بھر کی گاڑیاں گزرتی ہیں؟

۲ : لا، إِنَّمَا يَمُرُّ بَعْضُهَا بِهٰذَا الْمَوْقِفِ. ۲: نہیں چند گاڑیاں اس اسٹاپ سے گزرتی ہیں۔

۱ : كَمْ أُجْرَةً تَأْخُذُ هٰذِهِ الْحَافِلَةُ إِلٰى صدر / كَمْ تُكَلِّفُ هٰذِهِ الْحَافِلَةُ إِلٰى صدر؟ ۱: یہ بس صدر تک کا کتنا کرایہ لیتی ہے؟ " "

۲ : عَادَةً تَأْخُذُ عَشَرَ رُوْبِيَّاتٍ وَ قَدْ تَأْخُذُ إِحْدٰى عَشْرَةَ رُوْبِيَّةً. ۲: عام طور سے دس روپے لیتی ہے اور کبھی گیارہ روپے بھی لیتی ہے۔

۱ : هَلْ هٰذِهِ الْحَافِلَةُ كَثِيْرَةُ الْوُقُوْفِ فِي الْمَوَاقِفِ؟ ۱: کیا یہ بس زیادہ اسٹاپ کرتی ہے؟

۲ : وَاللّٰهِ! لَا يُعْرَفُ حَالُهَا قَدْ يَكْثُرُ وُقُوْفُهَا وَقَدْ تَسِيْرُ بِلَا تَوَقُّفٍ. ۲: بخدا اس کا کچھ پتہ نہیں کبھی اسٹاپ زیادہ کرتی ہے کبھی بغیر اسٹاپ کیے چلتی ہے۔

۱ : يَا أَخِي! إِلٰى مَتٰى تَسِيْرُ الْحَافِلَاتُ لَيْلًا هُنَا؟ ۱: بھائی! یہاں بسیں رات کتنے بجے تک چلتی ہیں؟

۲ : عَادَةً تَسِيْرُ إِلَى السَّاعَةِ التَّاسِعَةِ لَيْلًا. ۲: عموماً رات نو بجے تک چلتی ہیں۔

۱ : هَلْ تَمُرُّ بِهٰذَاالشَّارِعِ حَافِلَاتٌ حُكُومِيَّةٌ ؟
۱: کیااس روڈ سے سرکاری بسیں بھی گزرتی ہیں؟

۲ :لَا،إِنَّمَا تَمُرُّ بِهٰذَاالشَّارِعِ حَافِلَاتٌ مَحَلِيَّةٌ فَقَطْ.
۲:نہیں ،اس روڈ سے صرف لوکل بسیں گزرتی ہیں۔

۱ :يَاأَخِيْ ! أَيُّ حَافِلَةٍ تُنَاسِبُنِيْ لِلذَّهَابِ إِلٰى كلفتن؟
۱:بھائی! کلفٹن جانے کیلئے کونسی گاڑی میرے لئے مناسب رہے گی؟

۲ :فِيْمَاأَرٰى لَواسْتَأْجَرْتَ إِلَيْهَا سَيَّارَةَ أُجْرَةٍ لَكَانَ أَحْسَنَ لِأَنَّ الْحَافِلَاتِ تَتَأَخَّرُ كَثِيْرًا.
۲:میرے خیال میں آپ وہاں تک ٹیکسی کرلیں توزیادہ بہتر رہے گا،کیونکہ بسیں بہت دیرلگاتی ہیں۔

۱ :هَلْ تُؤْخَذُ أُجْرَةُ الْمَتَاعِ أَيْضًا فِيْ هٰذِه الْحَافِلَاتِ؟
۱:کیاان بسوں میں سامان کا کرایہ بھی لیا جاتاہے؟

۲ :لَا تُؤْخَذُإِذَاكَانَ الْمَتَاعُ قَلِيْلًاإِنَّمَا تُؤْخَذُ إِذَاكَانَ كَثِيْرًا.
۲:تھوڑے سامان کا کرایہ نہیں،زیادہ کا لیاجاتاہے۔

۱ :يَاأَخِيْ!هَلْ تُؤْخَذُ أُجْرَةُ الْأَطْفَالِ أَيْضًافِيْ هٰذِه الْحَافِلَاتِ؟
۱: کیاان بسوں میں بچوں کا کرایہ بھی لیا جاتاہے؟

۲ : نَعَمْ! تُؤْخَذُ نِصْفُ الْأُجْرَةِ.
۲:جی ہاں! آدھا کرایہ لیاجاتاہے۔

١ :عَـفْـوًا! اَلْـمُـرَقَّـمَةُ بِ L-2 كَـمْ تَسْتَغْرِقُ إلٰى تَاوِر؟ — ١:معاف کرنا! L-2 ٹاور تک کتنا وقت لگاتی ہے؟

٢ :تَسْتَغْرِقُ حَوَالَيْ سَاعَةٍ وَرُبْعٍ. — ٢:تقریباً سوا گھنٹہ لگاتی ہے۔

١ :يَـا أَخِيْ! هَلْ هُنَاكَ حَافِلَةٌ سِوَى c-3 تَسِيْرُ إلٰى شارعِ فيصل؟ — ١:بھائی جان! c-3 کے علاوہ اور بھی کوئی بس شارع فیصل جاتی ہے؟

٢ :نَعَمْ! هُنَاكَ حَافِلَاتٌ كَثِيْرَةٌ تَمُرُّ بِشَارِعِ فيصل. — ٢:جی ہاں! بہت سی بسیں ہیں جو شارع فیصل سے گزرتی ہیں۔

١ :عَفْوًا! أَنَا غَرِيْبٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَدِيْنَةِ وَ أُرِيْدُ الذَّهَابَ إلٰى صدر فَأَيُّ حَافِلَةٍ تَأْخُذُنِيْ إلَيْهِ؟ — ١:معذرت! میں اس شہر میں اجنبی ہوں اور مجھے صدر جانا ہے تو کونسی بس وہاں تک لے جائے گی؟

٢ :يَـا أَخِيْ! اِرْكَبِ الْمُرَقَّمَةَ بِ p-3 وَأَخْبِرِ الْجَابِيَ يُنْزِلُكَ فِيْ صدر. — ٢:بھائی جان! p-3 بس میں سوار ہو جاؤ اور کنڈیکٹر کو بتادو وہ آپ کو صدر میں اتار دے گا۔

١ :أَيْنَ آخِرُ الْمَوَاقِفِ لِهٰذِهِ الْحَافِلَةِ؟ — ١:اس بس کا آخری اسٹاپ کہاں ہے؟

١ :أَيْنَ الْمَوْقِفُ الْأَخِيْرُ لِهٰذِهِ الْحَافِلَةِ؟ — // //

٢ :مَـوْقِـفُـهَـا الْأَخِـيْـرُ فِي تاور / آخِرُ مَوَاقِفِهَا فِيْ تاور. — ٢:اس کا آخری اسٹاپ ٹاور میں ہے۔

١ :مَاهُوَ طَرِيْقُ هٰذِه الْحَافِلَةِ؟	١:اس بس کا روٹ کیا ہے؟
٢ :هِيَ تَتَحَرَّكُ مِنْ صدر وَتَمُرُّ بِمَنَاطِقَ مُخْتَلِفَةٍ حَتّٰى تَصِلَ إِلٰى سهراب جوت .	٢:وہ صدر سے روانہ ہوتی ہے اور مختلف علاقوں سے گزرتی ہوئی سہراب گوٹھ جاتی ہے۔

١ :عَفْوًا ! مَاذَاحَدَثَ الْيَوْمَ لَاأَجِدُ أَيَّ حَافِلَةٍ؟	١:معاف کیجئے گا! آج کیا ہوا ہے ایک بس بھی نہیں مل رہی؟
٢ :أَمَا تَعْلَمُ أَنَّ الْيَوْمَ إِضْرَابٌ! ؟	٢: کیا آپ کو پتا نہیں کہ آج ہڑتال ہے!؟

١ : مَاأَطْوَلَ طَرِيْقَهَا!	١:اس بس کا کتنا لمبا روٹ ہے!
٢ :نَعَمْ! وَهِيَ أَكْثَرُ الْحَافِلَاتِ عَدَدًا.	٢:جی ہاں! اور اس کی تعداد تمام بسوں سے زیادہ ہے۔

١ :وَاللّٰهِ يَاأَخِيْ! اَلْمُرَقَّمَةُ بِ G-2 أَكْثَرُ بُطْئًا مِنْ جَمِيْعِ الْحَافِلَاتِ.	١:بخدا بھائی! G-2 سب سے زیادہ دیر لگانے والی بس ہے۔
٢ :يَاأَخِيْ لَوْ رَكِبْتَ الْمُرَقَّمَةَ بِ G-3 لَتَيَقَّنْتَ بِأَفْضَلِيَّةِ عَرَبَةِ الْحِمَارِ.	٢: بھائی! اگر تم G-3 پر سوار ہو جاتے تو تم گدھا گاڑی اس سے بہتر قرار دیتے۔

۱ : عَفْوًا ! أَيْنَ أَجِدُ تَذْكِرَةَ هٰذِهِ الْحَافِلَةِ؟
۱: معاف کیجئے گا! اس گاڑی کا ٹکٹ کہاں سے ملے گا؟

۲ : أُرَاکَ غَرِيبًا هُنَا، التَّذْكِرَةُ لَيْسَ لَهَا نِظَامٌ، مَا عَلَيْکَ إِلَّا أَنْ تَرْكَبَهَا إِذَا وَصَلَتْ.
۲: میرا خیال ہے آپ یہاں اجنبی ہیں، ٹکٹ کا کوئی انتظام نہیں، جب آجائے تو آپ اس میں سوار ہو جائیں۔

۱ : وَاللّٰهِ أَمْرُ هٰذِهِ الْحَافِلاتِ عَجِيبٌ إِذَا أَوْقَفْتَهَا لِلنُّزُوْلِ فَلا تَتَوَقَّفُ وَإِذَا أَوْقَفْتَهَا لِلرُّكُوبِ تَتَوَقَّفُ حَيْثُ كَانَتْ.
۱: بخدا! ان بسوں کا معاملہ بڑا عجیب ہے جب آپ اترنے کیلئے اسے روکو گے تو نہیں رکے گی، اور جب آپ سوار ہونے کیلئے روکو گے تو جہاں بھی ہو، ٹھہر جائے گی۔

۲ : نَعَمْ! وَإِذَا شَكَوْتَ إِلَى الْجَابِيْ عَدَمَ التَّوَقُّفِ يُجَادِلُکَ.
۲: جی ہاں! اور جب کنڈیکٹر سے نہ رکنے کی شکایت کرو گے تو وہ آپ سے لڑے گا۔

۱ : اِرْكَبْ هٰذِهِ الْحَافِلَةَ إِنَّهَا كَثِيْرَةُ الْعَدَدِ فَلا تَتَأَخَّرُ كَثِيْرًا.
۱: اس بس میں سوار ہو جاؤ، یہ تعداد میں زیادہ ہیں اس لئے زیادہ لیٹ نہیں ہوتی۔

۲ : لَا يَا أَخِي! طَرِيقُهَا أَطْوَلُ فَهِيَ تُؤَخِّرُنِي أَكْثَرَ.
۲: نہیں بھائی! اس کا روٹ لمبا ہے یہ مجھے زیادہ لیٹ کردے گی۔

۱ : يَا أَخِي! دَائِمًا لَا تَرْكَبِ الْحَافِلَةَ وَأَنْتَ نَظِيْفٌ.
۱: بھائی! جب آپ صاف ستھرے ہوں تو بس میں کبھی سوار مت ہونا۔

۲ : نَعَمْ! هُوَ كَذٰلِکَ! وَلٰكِنْ مَاذَا عَسَانَا أَنْ نَفْعَلَ؟
۲: جی ہاں! بات تو یہی ہے لیکن ہم کیا کر سکتے ہیں؟

١: وَاللّٰهِ يَاأَخِيْ! هٰذِهِ الْحَافِلَةُ كَانَتْ جَيِّدَةً أَمَّا الْآنَ فَهِيَ أَسْوَأُ الْحَافِلَاتِ.

١: قسم سے یار! یہ بس اچھی تھی لیکن یہ اب سب سے زیادہ بیکار بس ہے۔

٢: لَيْسَتْ هُنَاكَ حَافِلَةٌ تُوْصِلُنَا إِلٰى صدر سِوَاهَا.

٢: اس کے علاوہ کوئی دوسری بس نہیں ہے جو ہمیں صدر تک لیجائے۔

١: كُنْ عَلٰى حَذَرٍ مِنَ الطَّرَّارِ فِيْ هٰذَا الْإِزْدِحَامِ وَحَافِظْ عَلٰى جَيْبِكَ.

١: اس رش میں جیب کتروں سے ہوشیار رہو، اور اپنی جیب کی حفاظت کرو۔

٢: مِنْ عَادَتِيْ أَنِّيْ لَا آخُذُ مَعِيْ شَيْئًا فِيْ الْحَافِلَاتِ سِوٰى نُقُوْدِ الْكِرَاءِ.

٢: میری عادت ہے کہ میں بسوں میں اپنے ساتھ کرائے کے علاوہ کچھ بھی نہیں لیتا۔

١: يَاأَخِيْ! أَ لَيْسَتْ مَقَاعِدُ هٰذِهِ الْحَافِلَةِ ضَيِّقَةً؟

١: بھائی! کیا اس بس کی سیٹیں تنگ نہیں ہیں؟

٢: نَعَمْ! وَلٰكِنَّ مَقَاعِدَ الْحَافِلَاتِ الْكَبِيْرَةِ وَاسِعَةٌ.

٢: جی ہاں! لیکن بڑی بسوں کی سیٹیں کھلی ہوتی ہیں۔

١: يَاأَخِيْ! اِرْكَبِ الْحَافِلَةَ الْكَبِيْرَةَ وَاعْرِضْ لِلْجَابِيْ بِطَاقَتَكَ الْمَدْرَسِيَّةَ يُطَالِبُكَ بِنِصْفِ الْكِرَاءِ.

١: بھائی! بڑی بس میں سوار ہو جاؤ اور کنڈیکٹر کو اپنا مدرسہ/اسکول کا رڈ دکھاؤ تو تم سے آدھا کرایہ لے گا۔

٢: لٰكِنَّنِيْ رَكِبْتُهَا الْبَارِحَةَ فَكَلَّفَتْنِيْ مِثْلَ مَا تُكَلِّفُ حَافِلَاتٌ أُخْرٰى مَعَ أَنِّيْ عَرَضْتُ الْبِطَاقَةَ.

٢: لیکن میں تو گزشتہ رات اس میں سوار ہوا تھا مجھ سے تو وہی پیسے لیے جو دوسری بسیں لیتی ہیں حالانکہ میں نے کارڈ بھی دکھایا تھا۔

١ :يَاأَخِيْ ! هُنَاكَ وَقْتٌ مُحَدَّدٌ لِعَرْضِ الْبِطَاقَةِ، فَلا تُعْرَضُ الْبِطَاقَاتُ بَعْدَ الثَّامِنَةِ لَيْلًا.

١: بھائی! یہاں کارڈ دکھانے کا ایک مخصوص وقت ہے، رات آٹھ بجے کے بعد کارڈ نہیں چلتے۔

١ :وَاللّٰهِ يَاأَخِيْ! سُوَّاقُ الْحَافِلَاتِ قَدْ يَتَهَوَّرُوْنَ فِيْ سِيَاقَتِهِمْ لَهَا، فَلَا يُبَالُوْنَ بِشَيْءٍ.

١ : بھائی بخدا ! بسوں کے ڈرائیور کبھی لا پرواہی سے گاڑی چلاتے ہیں، کسی چیز کی پرواہ نہیں کرتے۔

٢ :نَعَمْ! خَاصَّةً إِذَا لَحِقَتْ بِهَا حَافِلَةٌ أُخْرٰى فَيَتَسَابَقَانِ.

٢: جی ہاں ! خاص کر جب دوسری بس اس سے مل جاتی ہے تو دونوں ریس لگاتے ہیں۔

١ :عَفْوًا ! مَاذَا حَصَلَ لِلْحَافِلَةِ لِمَ تَوَقَّفَتْ، هَلْ تَعَطَّلَتْ؟

١: معاف کیجئے گا ! بس کو کیا ہوا کیوں رک گئی، کیا خراب ہوگئی ہے؟

٢ :لَا بَلْ هٰذَا مَوْقِفُهَا تَقِفُ فِيْهِ عَشْرَ دَقَائِقَ.

٢: نہیں یہ اسکا اسٹاپ ہے یہاں دس منٹ رکے گی۔

اَلْجَابِيْ! تَقَدَّمْ إِلَى الدَّاخِلِ وَلَا تَسُدَّ الطَّرِيْقَ.

کنڈیکٹر: اندر کی طرف بڑھو راستہ مت روکو۔

١ : أَخِيْ ! هَلْ تَرٰى مَكَانًا فَارِغًا، فَلَيْسَ هُنَاكَ مَوْضِعُ قَدَمٍ.

١: بھائی! تمہیں فارغ جگہ نظر آرہی ہے وہاں تو پیر رکھنے کی جگہ بھی نہیں ہے۔

اَلْجَابِي: اِدْفَعِ الْكِرَاءَ يَاأَخِي! إِلٰى أَيْنَ تَذْهَبُ؟	کنڈیکٹر: بھائی جان! کرایہ دو کہاں جانا ہے؟
ا: أَذْهَبُ إِلٰى جُلْشَنْ إِقْبَال تَفَضَّلْ!	ا: مجھے گلشن اقبال جانا ہے، یہ لو۔

اَلْجَابِي: أَعْطِنِي خَمْسَ رُوْبِيَّاتٍ مَزِيْدًا فَالْكِرَاءُ إِلٰى جُلْشَنْ خَمْسَ عَشْرَةَ رُوْبِيَّةً.	کنڈیکٹر: پانچ روپے اور دو گلشن اقبال تک کا کرایہ پندرہ روپے ہے۔
ا: يَاأَخِي! أَرْكَبُ هٰذِهِ الْحَافِلَةَ كُلَّ يَوْمٍ وَأَدْفَعُ نَفْسَ هٰذَاالْكِرَاءِ.	ا: بھائی! میں روزانہ اس بس میں سوار ہوتا ہوں، اور یہی کرایہ دیتا ہوں۔

اَلْجَابِي! أُذَكِّرُكَ يَاسَيِّدِي! قَدْ ارْتَفَعَتْ أَسْعَارُ الزَّيْتِ وَالْبَنْزِيْنِ أَمْسِ.	کنڈیکٹر: جناب! آپ کی یاددہانی کیلئے بتادوں کہ ڈیزل اور پیٹرول کی قیمتیں کل بڑھ گئی ہیں۔
ا: بِالْفِعْلِ! اِرْتَفَعَتِ الْأَسْعَارُ وَلٰكِنْ لَا إِلٰى هٰذَاالْحَدِّ حَتّٰى تَزِيْدُوا خَمْسَ رُوْبِيَّاتٍ لِمَوْقِفٍ وَاحِدٍ.	ا: بالکل! قیمتیں بڑھی ہیں لیکن اتنی بھی نہیں کہ تم ایک اسٹاپ کے پانچ روپے بڑھادو۔

اَلْجَابِي: يَاأَخِي! لَاتُجَادِلْنِي إِنْ شِئْتَ الذَّهَابَ فَزِدْنِي خَمْسَ رُوْبِيَّاتٍ وَإِلَّا فَارْكَبْ حَافِلَةً أُخْرٰى.	کنڈیکٹر: بھائی! جھگڑا مت کرو جانا ہے تو مزید پانچ روپے دو، ورنہ دوسری بس میں بیٹھ جاؤ۔

ا : يَاأَخِيْ اِتَّقِ اللّٰهَ! وَقُلْ قَوْلًا سَدِيْدًا. ا: بھائی اللہ کا خوف کرو! اور صحیح بات کرو۔

اَلْجَابِيْ :يَاأَخِيْ!اِنْزِلْ مِنَ السَّيَّارَةِ وَلَا تُثَرْثِرْ. کنڈیکٹر: بھائی! گاڑی سے اتر جاؤ زیادہ مت بولو۔

ا :يَاأَخِيْ!اِزِدْ سُرْعَةَ السَّيَّارَةِ ،فَقَدْ أَخَّرْتَنَا كَثِيْرًا. ا: بھائی! گاڑی کی اسپیڈ بڑھاؤ، تم نے تو ہمیں بہت لیٹ کر دیا۔

السَّائِقُ: يَاأَخِيْ!وَصَلْتُ إِلٰى هُنَا فِيْ عَشْرِ دَقَائِقَ مَعَ أَنَّ الْوَقْتَ الْمُحَدَّدَ عِشْرُوْنَ دَقِيْقَةً. ڈرائیور: بھائی! میں یہاں تک دس منٹ میں پہنچا ہوں جبکہ مقررہ وقت بیس منٹ ہے۔

السَّائِقُ: أَلَا تَرَوْنَ اِزْدِحَامَ الطَّرِيْقِ فَكَيْفَ أَزِيْدُ السُّرْعَةَ فِيْ مِثْلِ هٰذَا الْاِزْدِحَامِ؟ ڈرائیور: کیا تم ٹریفک کا رش نہیں دیکھ رہے ہو، اس رش میں میں کیسے اسپیڈ بڑھاؤں؟

السَّائِقُ: يَاأَخِيْ! لَنَاوَقْتٌ مُحَدَّدٌ لِكُلِّ مَوْقِفٍ فَلَا نَسْتَطِيْعُ أَنْ نَتَجَاوَزَهُ. ڈرائیور: بھائی ہمارا ہر اسٹاپ کا فکس ٹائم ہے ہم اس سے نہیں بڑھ سکتے۔

اَلْجَابِيْ: هَلْ دَفَعْتَ الْكِرَاءَ؟ کنڈیکٹر: کیا آپ نے کرایہ دے دیا؟

٢ :يَاأَخِيْ!كَمْ مَرَّةً تُطَالِبُنِيْ بِالْكِرَاءِ، قَدْدَفَعْتُ عِشْرِيْنَ رُوْبِيَّةً ،رُدَّ إِلَيَّ مَابَقِيَ مِنَ الْفُلُوْسِ. ٢: بھائی! تم مجھ سے کتنی مرتبہ کرایہ مانگو گے، میں بیس روپے دے چکا ہوں، بقایا پیسے مجھے واپس کرو۔

اَلْجَابِيْ: عَفْوًا ! نَسِيْتُ،تَفَضَّلْ! کنڈیکٹر: معاف کرنا! میں بھول گیا، یہ لو۔

ا :يَاأَخِيْ! قَدْ وَسَّخْتَ ثِيَابِيْ أَلَا يُمْكِنُكَ أَنْ تَمُرَّ بِهُدُوْءٍ؟ ا: بھائی! تم نے میرے کپڑے میلے کر دیے کیا تم آرام سے نہیں گزر سکتے؟

اَلْجَابِيْ: عَفْوًا! مَاوَسَّخْتُهُ عَمْدًا، هَزَّاتُ السَّيَّارَةِ دَفَعَتْنِيْ. کنڈ یکٹر: معاف کرنا یار! جان بوجھ کر میلے نہیں کیے، گاڑی کے جھٹکے نے مجھے دھکیل دیا۔

اَلْجَابِيْ! إِلٰى أَيْنَ تَذْهَبُ؟ کنڈ یکٹر: کہاں جانا ہے؟

ا :أُرِيْدُ الذَّهَابَ إِلٰى جُلِسْتَان جُوهر. ا: مجھے گلستان جوہر جانا ہے۔

اَلْجَابِيْ: هٰذِهِ الْحَافِلَةُ لَا تَمُرُّ بِجُلِسْتَان اِنْزِلْ عَلٰى هٰذَاالْمَوْقِفِ وَارْكَبْ تِلْكَ الْحَافِلَةَ الْكَبِيْرَةَ. کنڈ یکٹر: یہ گاڑی گلستان جوہر سے نہیں گزرتی اس اسٹاپ پر اتر جاؤ اور اُس بڑی بس میں سوار ہو جاؤ۔

ا :أَوْقِفِ الْحَافِلَةَ فَأَنَاأَنْزِلُ هُنَا وَيْلَكَ أَوْقِفْهَا! ا: گاڑی روکو مجھے یہاں اترنا ہے، تیرا ناس ہو، تیری ایسی کی تیسی روک!

اَلْجَابِيْ: اِنْتَظِرْيَاأَخِيْ! سَتَتَوَقَّفُ فِي الْمَوْقِفِ الْمُقْبِلِ فَانْزِلْ هُنَاكَ. کنڈ یکٹر: بھائی صبر کرو! گاڑی اگلے اسٹاپ پر رکے گی، وہاں اتر جانا۔

ا :يَاأَخِيْ! ذٰلِكَ الْمَوْقِفُ بَعِيْدٌ فَلاأَسْتَطِيْعُ أَنْ أَرْجِعَ رَاجِلًا مِنْ هُنَاكَ. ا: بھائی! وہ اسٹاپ بہت دور ہے میں وہاں سے پیدل لوٹ کر نہیں آ سکتا۔

اَلْجَابِيْ: يَاأَخِيْ! اَلْوُقُوْفُ هُنَامَمْنُوْعٌ، إِنْ أَوْقَفْنَاهَافَسَنَدْفَعُ غَرَامَةً مَالِيَّةً. کنڈ یکٹر: بھائی! یہاں رکنا منع ہے، اگر یہاں گاڑی روکی تو ہمیں جرمانہ ادا کرنا پڑے گا۔

ا :مَاهٰذِهِ الْهَزَّاتُ الشَّدِيْدَةُ ،مَاذَا حَدَثَ؟	ا: کتنے سخت جھٹکے ہیں، کیا ہوا؟
٢ :مِنْ سُوْءِ حَظِّنَاثُقِبَ إطَارُ الْحَافِلَةِ فَتَغْيِيْرُهُ يَسْتَغْرِقُ عَشْرَ دَقَائِقَ.	٢:ہماری بدقسمتی سے بس کا ٹائر پنکچر ہوگیا اس کو بدلنے میں دس منٹ لگیں گے۔

ا : تَفَضَّلُوْا فِيْ هٰذَاالْمَقْعَدِ.	ا:اس سیٹ پر بیٹھ جائیں۔
٢ :لَا ،شُكْرًا!أَنَاعَلٰى وَشَكِ النُّزُوْلِ.	٢:نہیں،شکریہ! میں اترنے والا ہوں۔

ا :يَـاأَخِـيْ! لَا تُـرْكِـبِ الْآخَـرِيْنَ فَالْحَافِلَةُ لَا تَسَعُ الْمَزِيْدَ.	ا:بھائی! اور لوگوں کو مت سوار کرو،بس میں اور گنجائش نہیں ہے۔
٢ :هٰـذِهِ الْـحَافِلَةُ تَسَعُ خَمْسِيْنَ رَجُلًا، وَ لَمْ يَكْتَمِلِ الْعَدَدُ بَعْدُ.	٢:اس بس میں بچاس آدمیوں کی گنجائش ہے،اب تک تعداد پوری نہیں ہوئی ہے۔

ا :وَاللّٰهِ! تَأَخَّرْتُ أَمْسِ كَذٰلِكَ مِنْ أَجْلِ ضَابِطِ الْمُرُوْرِ أَوْقَفَ الْحَافِلَةَ وَاسْتَغْرَقَ وَقْتًاطَوِيْلًا.	ا:بخدا!کل بھی میں ایک ٹریفک افسر کی وجہ سے لیٹ ہوگیا اس نے کافی وقت تک بس کو روکے رکھا۔
٢ :نَعَمْ ! هٰكَذَا تَتَعَرَّضُ الْحَافِلَاتُ لِحَوَادِثَ مُخْتَلِفَةٍ فَتُؤَخِّرُ الرُّكَّابَ.	٢:جی ہاں ! بسوں کو اسی طرح مختلف عوارض پیش آتے ہیں اور سواریوں کو لیٹ کردیتی ہیں۔

۱ :يَاأَخِيْ! هٰذِهِ الْمَشَاكِلُ تَخْتَصُّ بِحَافِلَاتِ بَاكستان أَمَّافِي الْبُلْدَانِ الْأُخْرٰى فَالْحَافِلَاتُ أَفْضَلُ وَسِيْلَةٍ مِنْ وَسَائِلِ النَّقْلِ.	۱: بھائی! یہ مسائل پاکستانی بسوں کے ساتھ خاص ہیں دوسرے ممالک میں تو بس سفر کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

حِوَارٌ حَوْلَ سَيَّارَةِ الْأُجْرَةِ (لِلْمُسْتَوٰى الْأَوَّلِ)

کرایہ کی گاڑی سے متعلق گفتگو (لیول:۱)

۱ :تَعَالَ يَاأَخِيْ! إِلٰى أَيْنَ تَقْصِدُ؟	۱: بھائی ادھر آؤ، کہاں جانا ہے؟
۲ :أُرِيْدُ الذَّهَابَ إِلَى الْمَطَارِ.	۲: مجھے ائیر پورٹ جانا ہے۔
۱ :هَلْ مَعَكَ أَحَدٌ/هَلْ يُرَافِقُكَ أَحَدٌ؟	۱: کیا تمہارے ساتھ کوئی اور بھی ہے؟
۲ :لَا،أَنَاوَحْدِيْ.	۲: نہیں، میں اکیلا ہوں۔
۱ :هَلْ عِنْدَكَ سِلَعٌ تُرِيْدُ حَمْلَهَا؟	۱: کیا آپ کے پاس سامان ہے جسے آپ لیجانا چاہتے ہوں؟
۲ :هٰذَاالَّذِيْ تَرَاهُ.	۲: یہ کچھ آپ دیکھ رہے ہیں۔
۱ :تَفَضَّلْ! وَارْكَبْ.	۱: آیئے! بیٹھ جایئے۔
۲ :كَمْ أُجْرَةً تَأْخُذُ؟	۲: کیا کرایہ لوگے؟

١ : كَمْ تُعْطِيْنِي مِنَ الرُّوْبِيَّاتِ، أَظُنُّكَ قَدْ سَبَقَ لَكَ الذَّهَابُ، قَدِّرْ وَأَعْطِنِي.	١: آپ کتنے روپے دیں گے، میرے خیال میں آپ پہلے جا چکے ہونگے، اندازے سے دے دیجئے۔
٢ : أَخْبِرْنِي كَمْ أُجْرَةً تَأْخُذُ إِلَى هُنَاكَ؟	٢: آپ بتاؤ وہاں تک کتنا کرایہ لیتے ہو؟

١ : يَاأَخِي أَنْتَ مُتَدَيِّنٌ فَادْفَعْ مِائَتَيْ رُوْبِيَّةٍ.	١: آپ دیندار آدمی ہیں چلو دوسو روپے دیدینا۔
٢ : يَاهٰذَا! مِائَتَا رُوْبِيَّةٍ! تَطْلُبُ كَثِيْرًا جِدًّا.	٢: ارے دوسو! یہ تو آپ بہت زیادہ مانگ رہے ہو۔

١ : كَمْ تَدْفَعُ إِذَنْ ؟	١: تو آپ کتنا دیں گے؟
٢ : يَسَعُنِي أَنْ أُعْطِيَكَ مِائَةً وَّعِشْرِيْنَ رُوْبِيَّةً.	٢: میں آپ کو ایک سوبیس روپے دے سکتا ہوں۔

١ : لَا، يَاأَخِي ! هٰذَا قَلِيْلٌ جِدًّا، وَالسَّيَّارَةُ تَشْتَغِلُ عَلَى الْبِنْزِيْنِ.	١: نہیں دوست! یہ تو بہت کم ہے اور گاڑی بھی پیٹرول والی ہے۔
٢ : أُنْظُرْ قِصَرَ الطَّرِيْقِ يَاأَخِي! مَسَافَةُ دَوَّارَيْنِ فَقَطْ.	٢: آپ یہ بھی دیکھیں کہ راستہ کتنا کم ہے بس دو چورنگیاں ہی تو ہیں۔

١ : يَاأَخِي ! اُنْظُرْ إِلَى الْوَقْتِ أَيْضًا فَهُوَ مُتَأَخِّرٌ جِدًّا.	١: آپ وقت بھی دیکھیں کافی دیر ہوگئی ہے۔
٢ : أَخْبِرْنِي الْآنَ بِجِدِّيَّةٍ كَمْ تَأْخُذُ؟	٢: اب آپ فائنل بتائیں کتنا لوگے؟

١ :حَقًّا لَا آخُذُ مِنکَ کَثِیْرًا.	١:یقیناً آپ سے زیادہ نہیں لے رہا ہوں۔
٢ :هٰذَالَا یَسَعُنِي.	٢:میرے پاس اتنی گنجائش نہیں ہے۔

١ :طَیِّبٌ یَاأَخِيْ ! دَعِ الْمُنَاقَشَةَ، وَادْفَعْ مِائَةً وَّسِتِّیْنَ رُوْبِیَّةً.	١:ٹھیک ہے! بھائی بحث چھوڑو، چلو ایک سو ساٹھ دیدینا۔
٢ :طَیِّبٌ! اِفْتَحْ صُنْدُوْقَ السَّیَّارَةِ لِوَضْعِ الْأَمْتِعَةِ	٢:ٹھیک ہے! سامان رکھنے کیلئے ڈھگی کھول دو۔

١ :أَعْطِنِيْ الْمَتَاعَ أَضَعْ .	١:سامان مجھے پکڑادو میں رکھ دیتا ہوں۔
٢ :یَاأَخِيْ! أَنَامُسْتَعْجِلٌ فَأَسْرِعْ فِيْ السِّیَاقَةِ.	٢:بھائی! مجھے جلدی ہے گاڑی تیز چلانا۔
١ :لَا تَقْلَقْ سَأُوْصِلُکَ مُبَکِّرًا إِنْشَاءَ اللّٰهُ !	١:آپ فکر نہ کریں انشاءاللہ! بہت جلدی پہنچادونگا۔

١ :هَاهُوَ الْمَطَارُ فَإِلٰى أَيِّ اِتِّجَاهٍ الْآنَ؟	١:یہ ہے ائیر پورٹ اب کہاں مڑنا ہے؟
٢ :اِسْتَدِرْ إِلَى الْفَرْعِ الْأَیْمَنِ.	٢:دائیں جانب والی گلی میں مڑ جاؤ۔

١ :جَزَاکُمُ اللّٰهُ خَیْرًا تَفَضَّلْ! هٰذِهِ أُجْرَتُکَ.	١:جزاک اللہ! یہ لواپنا کرایہ۔
٢ :عَفْوًا مَاعِنْدِيْ فَکَّةٌ أَعْطِنِي الْفَکَّةَ.	٢:معاف کرنا! میرے پاس کھلے نہیں ہے کھلے دیدینا۔
١ :خُذْ هٰذِهِ الْفَکَّةَ.	١:یہ لو کھلے پیسے۔
٢ :شُکْرًا جَزِیْلًا!	٢:بہت شکریہ!

حِوَارٌ حَوْلَ سَيَّارَةِ الْأُجْرَةِ (لِلْمُسْتَوىٰ الثَّانِيْ)

کرایہ کی گاڑی سے متعلق گفتگو (لیول:۲)

ا : عَفْوًا! أُرِيدُ الذَّهَابَ إِلٰى جلشن اقبال وَمَعِيْ بَعْضُ الْأَمْتِعَةِ.

ا: معاف کیجئے گا! میں گلشن اقبال جانا چاہتا ہوں میرے پاس کچھ سامان بھی ہے۔

السَّائِقُ: يَاأَخِيْ جلشن اقبال مِنْطَقَةٌ وَاسِعَةٌ أَيَّ مَوْضِعٍ تَقْصِدُ فِيْهَا؟

ڈرائیور: بھائی گلشن اقبال تو بڑا علاقہ ہے گلشن اقبال میں آپ کہاں جانا چاہتے ہیں؟

ا : أَقْصِدُ الْجِسْرَ الْكَبِيْرَ فِيْ جلشن إقبال.

ا: میں گلشن اقبال میں بڑے پل جانا چاہتا ہوں

السَّائِقُ: طَيِّبٌ ! أَتُرِيْدُ الْجِسْرَ الَّذِيْ بَعْدَ مَحَطَّةِ الْبِنْزِيْنِ؟

ڈرائیور: آپکا مطلب پیٹرول پمپ کے بعد جو پل آتا ہے وہ ہے؟

ا : نَعَمْ! هُوَ بِعَيْنِهِ الَّذِيْ قَصَدْتُ.

ا: جی ہاں! بالکل وہی ہے۔

السَّائِقُ: تَفَضَّلْ.

ڈرائیور: آیئے بیٹھیں۔

ا : كَمْ أُجْرَتُكَ إِلٰى ذٰلِكَ الْمَكَانِ؟

ا: وہاں تک آپ کتنا کرایہ لیں گے؟

السَّائِقُ: يَاأَخِيْ ! أَعْطِنِيْ مَاتَرَاهُ مُنَاسِبًا.

ڈرائیور: جو آپکو مناسب لگے دے دینا۔

ا : أَخْبِرْنِيْ يَاأَخِيْ! وَدَعْ عَنْكَ رَأْيِيْ.

ا: آپ بتائیں میری رائے چھوڑ دیں۔

السَّائِقُ: كَمَاتَعْرِفُ يَاأَخِيْ! أَنَّ اِزْدِحَامَ الْمُرُوْرِ شَدِيْدٌ فِيْ هٰذَا الْوُقْتِ فَلِذٰلِكَ آخُذُكَ بِمِائَةِ رُوْبِيَّةٍ.

ڈرائیور: آپکو تو پتا ہے کہ اس وقت ٹریفک بہت زیادہ جام ہوتا ہے اس لئے میں آپکو سو روپے میں لے جاؤں گا۔

ا :يَاأَخِي إِمِائَةُ رُوْبِيَّةٍ ! وَاللّٰهِ كَثِيْرٌ جِدًّا.	ا: بھائی سو روپے! بخدا بہت زیادہ ہیں
السَّائِقُ: كَمَاقُلْتُ لَكَ الطَّرِيْقُ مُزْدَحِمٌ.	ڈرائیو: جیسا کہ میں نے آپ کو کہا کہ راستہ جام ہوگا.
ا :وَإِنْ كَانَ الطَّرِيْقُ مُزْدَحِمًالكِنَّ الْمَكَانَ قَرِيْبٌ جِدًّا.	ا: بھائی! اگر چہ راستہ جام ہے لیکن جگہ تو بہت قریب ہے۔
السَّائِقُ:يَالَلْعَجَبِ! أَلَا تَدْرِيْ بِالْغَلَاءِ الْفَاحِشِ فِيْ هٰذِهِ الْأَيَّامِ !؟	ڈرائیور: تعجب ہے! کیا آپکو ان دنوں شدید مہنگائی کا اندازہ نہیں ہے!؟
ا :صَحِيْحٌ يَاأَخِيْ! وَلٰكِنْ لَا إِلٰى هٰذَاالْحَدِّ.	ا: بھائی درست ہے! لیکن اتنی بھی مہنگائی نہیں ہے.
السَّائِقُ: وَاللّٰهِ يَاأَخِيْ ! لَقَدِ ارْتَفَعَتِ الْبَارِحَةَ أَسْعَارُالْغَازِ فَهُوَالْآنَ غَالٍ جِدًّا.	ڈرائیور: بخدا یار! کل رات کو گیس کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں اب بہت مہنگی ہوگئی ہے۔
ا :عَلٰى كُلِّ حَالٍ أُعْطِيْكَ سِتِّيْنَ رُوْبِيَّةً.	ا: بہر حال میں آپکو ساٹھ روپے دونگا۔
اَلسَّائِقُ:زِدْنِيْ عِشْرِيْنَ رُوْبِيَّةً وَأَكُوْنُ شَاكِرًالَكَ.	ڈرائیور: چلو بیس روپے بڑھادو، میں آپ کا شکرگزار رہونگا۔

ا :أَزِيْدُکَ عَشَرَ رُوْبِيَّاتٍ وَتَوَکَّلْ عَلَى اللّٰه.	ا: میں دس روپے اور بڑھا دیتا ہوں چلو۔
السَّائِقُ: لَابَأْسَ اِرْكَبْ يَاأَخِيْ!	ڈرائیور: چلو کوئی بات نہیں بیٹھ جاؤ۔
ا :عَفْوًا! كَمْ يَسْتَغْرِقُ الطَّرِيْقُ؟	ا: معاف کرنا! کتنا ٹائم لگے گا؟
السَّائِقُ: نَصِلُ إِنْشَاءَ اللّٰهُ فِيْ عِشْرِيْنَ دَقِيْقَةً.	ڈرائیور: انشاء اللہ! بیس منٹ میں پہنچ جائینگے۔

ا :عَفْوًا! أَنْزِلْنِيْ أَمَامَ تِلْكَ الْعِمَارَةِ فَلا أَسْتَطِيْعُ الْمَشْيَ إِلَيْهَا لِأَجْلِ الْمَتَاعِ.	ا: معاف کرنا! مجھے اس عمارت کے سامنے اتاردو میں سامان کیوجہ سے وہاں تک پیدل نہیں جاسکتا۔
السَّائِقُ: مَعْذِرَةً يَاأَخِيْ! لَايُمْكِنُنِيْ أَنْ أَتَقَدَّمَ أَكْثَرَ.	ڈرائیور: معاف کرنا بھائی! میں اور آگے نہیں جاسکتا۔

ا : لِمَاذَا؟	ا: کیوں؟
السَّائِقُ: لَوْ تَوَغَّلْتُ فِيْ هٰذَا الْإِزْدِحَامِ فَلَا يُمْكِنُنِيْ الْخُرُوْجُ إِلَّابَعْدَ سَاعَةٍ.	ڈرائیور: اگر میں اس رش میں گھس گیا تو پھر میرے لیے ایک گھنٹہ سے پہلے نکلنا ممکن نہیں ہوگا۔

ا : طَيِّبٌ! تَفَضَّلْ! هٰذِهٖ أُجْرَتُكَ.	ا: اچھا! یہ اپنا کرایہ لو۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ (نئے الفاظ)

مَوْقِفٌ	اسٹاپ	رَصِيْفٌ	فٹ پاتھ
تَذْكِرَةٌ	ٹکٹ	كِرَاءٌ/أُجْرَةٌ	کرایہ
شُرْطَةُ الْمُرُوْرِ	ٹریفک پولیس	اَلْمُرُوْرُ	ٹریفک
اِزْدِحَامُ السَّيَّارَاتِ	ٹریفک جام ہونا	اِزْدِحَامٌ	رش
إِشَارَاتُ الْمُرُوْرِ	ٹریفک سگنل	اَلنُّزُوْلُ	اترنا
اَلرُّكُوْبُ	سوار ہونا	اَلْوُقُوْفُ/التَّوَقُّفُ	رکنا
حَافِلَةٌ	بس	اَلْإِيْقَافُ	رکوانا/روکنا
مَقْعَدٌ	سیٹ	رَصِيْفٌ مُوَرَّدٌ بَيْنَ طَرِيْقَيْنِ	گرین بیلٹ
جَابِيْ	کنڈیکٹر	اَلْغَرَامَةُ	جرمانہ/چالان
سَائِقٌ	ڈرائیور	رُكَّابٌ	سواریاں
دَوَّارٌ	چورنگی	جِسْرٌ	پل
مُفْتَرَقُ الطُّرُقِ	چوک	تَقَاطُعٌ	چوک
مُنْعَطَفٌ/اِسْتِدَارَةٌ	موڑ	قَارِعَةُ الطَّرِيْقِ	بیچ راستہ
وَقُوْدٌ	ایندھن	غَازٌ	گیس
بِنْزِيْنٌ	پٹرول	زَيْتُ السَّيَّارَاتِ	ڈیزل

فَرْعٌ	گلی	خَطٌّ سَرِيْعٌ	ہائی وے
نَفَقٌ	انڈر بائی پاس	كابِحٌ / كَبْحٌ	بریک
تَعطُّلُ السَّيَّارَةِ	گاڑی خراب ہونا	مَسْمُوْحُ الْاِسْتِدَارَةِ	یوٹرن
مَوْقِفُ الْحافِلَةِ مُؤَقَّتٌ	عارضی اسٹاپ	مَمْنُوْعُ الدُّخُوْلِ	اندر جانا منع ہے
اَلسُّرْعَةُ الْقُصْوىٰ	تیز رفتاری	اِتِّجاهٌ واحِدٌ	ون وے
بِدُوْنِ مَنْفَذٍ (مَسْدُوْدٌ)	راستہ بند ہے	مَمْنُوْعُ الْوُقُوْفِ	نو پارکنگ
رُخْصَةُ السِّيَاقَةِ	لائسنس	يَمِيْنُ الطَّرِيْقِ	راستہ کی دائیں جانب
شِمَالُ الطَّرِيْقِ	راستہ کی بائیں جانب	قَوَانِيْنُ الْمُرُوْرِ	ٹریفک قوانین
أَوْرَاقُ السَّيَّارَةِ	گاڑی کے کاغذات	اَلْمَعْلُوْمُ السَّنَوِيُّ لِلسَّيَّارَةِ	گاڑی کا سالانہ ٹیکس
رَقْمُ السَّيَّارَةِ	گاڑی نمبر	اَلتَّأْمِيْنُ	انشورنس
رُخْصَةُ جَوَلَانِ السَّيَّارَةِ		گاڑی پرمنٹ	

قِطَعُ غِيَارِ السَّيَّارَةِ

(گاڑی کے اسپئر پارٹس)

مِرْآةُ الرُّؤْيَةِ الْخَلْفِيَّةِ	سائیڈ گلاس	إِشَارَةُ تَغْيِيْرِ الْاِتِّجاهِ	انڈیکیٹر
اَلزُّجَاجُ الْأَمَامِيُّ	ونڈ شیلڈ	اَلْمِصْبَاحُ الْأَمَامِيُّ	ہیڈ لائٹ
مَاسِحَاتُ الزُّجَاجِ	وائپر	غِطَاءُ مُحَرِّكِ السَّيَّارَةِ	گاڑی کے انجن کا بونٹ
مُخَفِّفُ الصَّدَمَاتِ	بمپر	غِطَاءُ إِطَارِ السَّيَّارَةِ	ویل کور / رم

عَجَلَةٌ	ٹائر	كَاتِمُ الصَّوْتِ	سائلینسر
خَزَّانُ الْبَنْزِيْنِ	پیٹرول کی ٹینکی	مِصْبَاحُ الْكَبْحِ	بریک لائٹ
مِصْبَاحٌ خَلْفِيٌّ	بیک لائٹ	لَوْحَةُ السَّيَّارَةِ	نمبر پلیٹ
لَوْحَةُ الْقِيَادَةِ	ڈیش بورڈ	مِقْيَاسُ الزَّيْتِ	فیول میٹر
عَدَّادُ السُّرْعَةِ	اسپیڈ میٹر	عَدَّادُ الْمَسَافَاتِ	کلومیٹر کا میٹر
مُنَبِّهُ السَّيَّارَةِ	ہارن	مِقْوَدُ السَّيَّارَةِ	اسٹیرنگ
مُغَيِّرُ السُّرْعَةِ	گیر	مُسَجِّلُ الْأَشْرِطَةِ	ٹیپ ریکارڈر
مُكَيِّفٌ	اے سی	مِذْيَاعٌ	ریڈیو
مِدْفَئَةٌ	ہیٹر	قَدَّاحَةٌ	لائٹر
قُفْلٌ	تالا/لاک	مَقْعَدٌ أَمَامِيٌّ	فرنٹ سیٹ
حِزَامُ الْأَمَانِ	سیٹ بیلٹ	مَقْعَدٌ خَلْفِيٌّ	پچھلی سیٹ
مُحَرِّكٌ	انجن	فَرَامِلُ	بریک
بَطَّارِيَّةٌ/نَضِيْدَةٌ	بیٹری	كَابِحُ الطَّوَارِيْ	ایمرجنسی بریک
اَلْكَابِحُ الْيَدَوِيْ	ہینڈ بریک	دَوَّاسَةُ الْبَنْزِيْنِ	ایکسیلیٹر پیڈل
دَوَّاسَةُ الْفَاصِلِ	کلچ پیڈل	صُنْدُوْقُ السَّيَّارَةِ	ٹرنک
غِطَاءُ الصُّنْدُوْقِ	ٹرنک بونٹ	رَافِعَةٌ	جیک
إِطَارٌ اِحْتِيَاطِيٌّ	اسپیر ٹائر	إِطَارٌ دَاخِلِيٌّ	ٹیوب

مِشْعَاعٌ	ریڈی ایٹر	مُبَرِّدُ الْمُحَرِّكِ	ریڈی ایٹر

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ سَيَّارَةِ الْأُجْرَةِ

(کرایہ کی گاڑی سے متعلق سوالات وجوابات)

ا: يَاأَخِيْ! تَجَوَّلْ عَلَى السَّيَّارَاتِ كُلِّهَافَلَا تَجِدُ أَحَدًايَرْضٰى بِمِائَةٍ.
ا: بھائی! آپ تمام گاڑیوں کا چکر لگالیں کوئی بھی سو روپے پر راضی نہیں ہوگا۔

۲: يَالَلْعَجَبِ! دَفَعْتُ صَبَاحًاتِسْعِيْنَ رُوْبِيَّةً فَقَطْ.
۲: عجیب بات ہے! صبح میں نے صرف نوے روپے دیے ہیں۔

ا: مَاذَاحَصَلَ لِمَ أَوْقَفْتَ السَّيَّارَةَ؟
ا: کیا ہوا گاڑی کیوں روک دی؟

۲: عَفْوًا! اِنْتَهَى الْوَقُوْدُ اِنْتَظِرْ قَلِيْلًا رَيْثَمَاأَمْلَأُهَابِالْوَقُوْدِ.
۲: معاف کرنا تیل ختم ہو گیا تھوڑا سا انتظار کریں میں ایندھن ڈالوا دیتا ہوں۔

ا: يَاأَخِيْ! تَتَجَوَّلُ بِيْ مُنْذُعَشْرِدَقَائِقَ أَدْخُلُ فِيْ فَرْعٍ وَأَخْرُجُ مِنْ آخَرَأَيْنَ تَنْزِلُ؟
ا: بھائی! تم مجھے دس منٹ سے گھمار ہے ہو میں ایک گلی سے دوسری گلی میں چکر کاٹ رہا ہوں آپکو اترنا کہاں ہے؟

۲: مَعْذِرَةً! يَاأَخِيْ! لَقَدْنَسِيْتُ الْمَكَانَ وَلٰكِنْ لَا تَتَضَجَّرْسَأَزِيْدُكَ أُجْرَةً إِنْشَاءَ اللّٰهُ.
۲: معاف کرنا بھائی! میں جگہ بھول گیا ہوں لیکن آپ پریشان مت ہوں میں آپ کا کرایہ بڑھا دوں گا انشاء اللہ۔

١ :هَا نَحْنُ قَدْ وَصَلْنَا.	١: یہ لیجئے ہم پہنچ گئے۔
٢ :أَيْنَ وَصَلْنَا؟وَاللّٰهِ اَلْمَكَانُ غَرِيْبٌ إِلٰى أَيْنَ أَخَذْتَنِيْ،مَادَلَلْتُكَ عَلٰى هٰذَاالْمَكَانِ.	٢: کہاں پہنچ گئے؟ بخدا یہ جگہ اجنبی ہے یہ تم مجھے کہاں لے آئے، میں نے تمہیں یہ جگہ نہیں بتائی تھی۔

١ :يَاسَيِّدِيْ! هٰذَاالْمَكَانُ الَّذِيْ قَصَدْتَ إِلَيْهِ.	١: جناب! یہ وہی جگہ ہے جہاں آپ نے جانا ہے۔
٢ :دَعْنِيْ أَتَّصِلُ حَتّٰى أَتَأَكَّدَ مِنْهُ.	٢: مجھے فون کرنے دو تاکہ مجھے اسکا یقین ہو جائے۔

١ :عَفْوًا ! مَاعِنْدِيْ فَكَّةٌ.	١: معاف کیجئے گا! میرے پاس کھلا نہیں ہے۔
٢ :فُكَّهَاعِنْدَ أَحَدِ هٰؤُلَاءِ السُّوَّاقِ.	٢: ان ڈرائیوروں میں کسی ایک سے کھلا کرالو۔

١ : مَارَأْيُكَ لَوْ تَأْخُذُ نِيْ إِلٰى ملير بِمائَةِ رُوْبِيَّةٍ؟	١: کیا خیال ہے اگر آپ سو روپے میں مجھے ملیر لے چلیں؟
٢ :وَاللّٰهِ!أَنْتَ أَوَّلُ رَاكِبٍ جِئْتَنِيْ تَفَضَّلُ لَابَأْسَ.	٢: بخدا! آپ آنے والے پہلے پسنجر ہیں کوئی بات نہیں بیٹھ جائیں۔

١ :يَاأَخِيْ! زِدِ السُّرْعَةَ فَأَنَامُسْتَعْجِلٌ.	١: بھائی! گاڑی کی رفتار بڑھا دو میں جلدی میں ہوں۔
٢ :لَا تَقْلَقْ يَاسَيِّدِيْ! سَأُوْصِلُكَ قَبْلَ الْمَوْعِدِ إِنْشَاءَ اللّٰهُ!	٢: پریشان مت ہوئیے جناب! میں آپکو وقت سے پہلے پہنچا دونگا انشاء اللہ!

١ :أَيَّ طَرِيْقٍ نَخْتَارُ؟	ا:کونسا راستہ اختیار کریں؟
٢ :لَوِ اخْتَرْتَ شارعَ اقبال فَهُو أَقْصَرُ وَ سَرِيْعٌ.	٢:اگر آپ شارع اقبال سے چلیں گے تو مختصر اور تیز رفتار ہے۔

١ :طَيِّبْ! هُوَأَقْصَرُ طَرِيْقٍ وَلٰكِنَّهَا مُحَفَّرَةٌ هٰذِهِ الأَيَّام.	ا:ٹھیک ہے! وہ مختصر راستہ ہے لیکن ان دنوں خراب ہے۔
٢ :اِخْتَرْ أَيَّ طَرِيْقٍ شِئْتَ.	٢:کسی بھی راستہ سے چل پڑو۔

١ :يَاأَخِيْ! لَا تَدْخُلْ هٰذَاالطَّرِيْقَ فَهُوَتَحْتَ قَيْدِ الْبِنَاءِ.	ا:بھائی! اس راستہ سے مت جاؤ کیونکہ وہ زیر تعمیر ہے۔
٢ :فَلَيْسَ هُنَاكَ طَرِيْقٌ آخَرُ سِوَاهُ.	٢:اس کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔

١ :عَفْوًا ! اَلسَّيَّارَةُ لَا تَشْتَغِلُ فَلَوْسَمَحْتَ سَاعِدْنِيْ فِيْ دَفْعِهَا.	ا:معاف کیجئے گا! گاڑی اسٹارٹ نہیں ہو رہی برائے مہربانی اسے دھکا لگانے میں میری مدد کریں۔
٢ :طَيِّبْ!وَلٰكِنِّيْ لَاأَقْدِرُ عَلٰى دَفْعِهَا وَحْدِيْ.	٢:ٹھیک ہے! لیکن میں اکیلے اسے دھکا نہیں لگا سکتا۔

١ :عَفْوًايَاأَخِيْ!لَاأَذْهَبُ فَالسَّيَّارَةُ لَاتَتَحَمَّلُ هٰذَاالْعَدَدَ مَعَ هٰذِهِ الْأَمْتِعَةِ.	ا:معاف کرنا یار! میں نہیں جاؤں گا گاڑی اس سامان کے ساتھ یہ تعداد برداشت نہیں کر سکتی۔
٢ :لَابَأْسَ يَاأَخِيْ!لَكَ مِنَ الْأُجْرَةِ مَاتُرِيْدُهُ أَنْتَ.	٢:کوئی بات نہیں بھائی! تم جو کرایہ مانگو گے دے دونگا۔

۱ :عَفْوًا يَا أَخِي! اِنْزِلْ مِنَ السَّيَّارَةِ فَلا أَتَقَدَّمُ الْآنَ وَلَوْبُوصَةً.	۱: بھائی معاف کرنا! گاڑی سے اتر جاؤ اب میں ایک انچ بھی آگے نہیں بڑھوں گا۔
۲ :لِمَ يَا أَخِي! اَلْمَكَانُ لَمْ نَصِلْ إِلَيْهِ بَعْدُ، فَكَيْفَ تُنْزِلُنِي قَبْلَهُ؟	۲: کیوں بھائی؟ اب تک تو ہم جگہ پر نہیں پہنچے ہیں، تم مجھے پہلے کیسے اتارو گے؟

۱ :اِتَّفَقْنَا عَلَى الْجِسْرِ الَّذِي مَرَرْنَا بِهِ الْآنَ، وَقَطَعْنَا بَعْدَهُ مَسَافَةً طَوِيْلَةً.	۱: بھائی! جس پل کے پاس سے ابھی ہم گزرے ہیں اسکی بات ہوئی تھی، اور ہم نے اسکے بعد بھی کافی لمبا فاصلہ طے کیا ہے۔
۲ :يَا أَخِي! لَمْ أَقْصِدِ الْجِسْرَ الَّذِي تَزْعُمُهُ فَنَحْنُ الْآنَ مِنَ الْجِسْرِ عَلَى مَسَافَةِ كِيْلُوْ مِيْتَر.	۲: بھائی! میرا مقصد وہ پل نہیں تھا جو تم سمجھ رہے ہو ابھی تو ہم پل سے ایک کلومیٹر کے فاصلہ پر ہیں۔

۱ :لَنْ أَتَقَدَّمَ أَوْتَزِيْدَ نِيْ عِشْرِيْنَ رُوْبِيَّةً.	۱: میں ہرگز آگے نہیں جاؤنگا یا تو تم بیس روپے اور بڑھاؤ۔
۲ :وَاللّٰهِ! هٰذَا غَدْرٌ سَافِرٌ فَلَا أَزِيْدُكَ عَلَى الْمُقَرَّرِ وَلَوْفَلْسًا.	۲: بخدا! یہ تو صاف دھوکا ہے میں تمہیں طے شدہ رقم سے ایک پیسہ بھی زیادہ نہیں دونگا۔

حِوَارٌ حَوْلَ مَحَلِّ الْقُمَاشِ

(کپڑے کی دکان سے متعلق گفتگو)

۱: وَاللّٰهِ يَاأَخِي! كَادَالْعِيْدُ أَن يَّحُلَّ وَلَمَّاأَشْتَرِ الْقُمَاشَ.	۱: بھائی! عید آنے کو ہے اور میں نے اب تک کپڑے نہیں خریدے۔
۲: لِمَ لَمْ تَشْتَرِ بَعْدُ هَلْ تَسْتَقِلُّ النُّقُوْدَ؟	۲: اب تک کیوں نہیں خریدے کیا پیسے کم پڑ رہے ہیں؟
۱: مَامَنَعَنِي عَنِ الشِّرَاءِ إِلَّا عَدَمُ مَعْرِفَتِي بِالْأَقْمِشَةِ.	۱: میں صرف کپڑے کی پہچان نہ ہونے کیوجہ سے رکا ہوا ہوں۔
۲: إِذَنْ لَا تَقْلَقْ فَأَنَا آخُذُكَ إِلٰى مَحَلٍّ مُمْتَازٍ لِلْقُمَاشِ.	۲: تو اب پریشان ہونے کی ضرورت نہیں میں تمہیں کپڑے کی ایک بہترین دکان لیجا تا ہوں۔
۱: جُزِيْتَ خَيْرًا! فَمَارَأْيُكَ لَوْ نَتَحَرَّكُ إِلَيْهِ الْآنَ.	۱: اللہ تمہیں جزاء خیر دے! کیا خیال ہے اگر ابھی وہاں چلیں۔
۲: حَاضِرٌ يَاابْنَ عَمِّي!	۲: حاضر ہوں بھائی!

فِي مَحَلِّ الْقُمَاشِ (کپڑے کی دکان میں)

۱: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ!	۱: السلام علیکم!
صَاحِبُ الْمَحَلِّ: وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ أَهْلًا بِكُمَا! تَفَضَّلَا عِنْدَنَا أَقْمِشَةٌ كَثِيْرَةٌ مُخْتَلِفَةُ الْأَنْوَاعِ.	دکان دار: وعلیکم السلام! آپ دونوں کو خوش آمدید! تشریف لائیے ہمارے ہاں کپڑوں کی بہت سی قسمیں دستیاب ہیں۔

٢ :أَيَّ نَوْعٍ تُرِيْدُ؟ ٢:تمہیں کونسا کپڑا چاہئے؟

ا :يَطِيْبُ لِيْ أَنْ أَشْتَرِيَ الْقُطْنَ الصَّافِيْ. ا:میں پیور کاٹن خریدنا چاہتا ہوں۔

صَاحِبُ الْمَحَلِّ: تَفَضَّلْ، هٰذِه الْأَقْمِشَةُ مِنَ الْقُطْنِ الْخَالِصِ وَهِيَ مِنْ شَرِكَةِ أَحْمَد، أَشْهَرِ الشَّرِكَاتِ فِيْ صِنَاعَةِ الْقُطْنِ. دکان دار: یہ لیجئے، یہ کپڑے خالص کاٹن کے ہیں اور یہ کاٹن بنانے کی مشہور کمپنی احمد کے کپڑے ہیں۔

٢ : مَعْذِرَةً ! هَلْ يُوْجَدُ مِنْ شَرِكَةٍ أُخْرٰى كَذٰلِكَ؟ ٢:معاف کیجئے گا! کیا کسی دوسری کمپنی کی ورائٹی بھی ہے؟

ا :مَارَأْيُكَ فِيْ هٰذَاالْقُمَاشِ؟ ا:اس کپڑے کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے۔

٢ :سَبَقَ لِيْ أَنْ اِشْتَرَيْتُهُ وَلٰكِنَّهُ خُرِقَ فِيْ غُضُوْنِ شَهْرَيْنِ. ٢:میں پہلے یہ خرید چکا ہوں لیکن یہ دو مہینے کے اندر اندر پھٹ گیا۔

صَاحِبُ الْمَحَلِّ: تَفَضَّلَا، هٰذِه الْأَقْمِشَةُ مِنْ شَرِكَةٍ أُخْرٰى. دکان دار: یہ لیجئے، یہ دوسری کمپنی کے کپڑے ہیں۔

٢ :أَعْجَبَنِيْ هٰذَاالْقُمَاشُ مَاذَاتَرٰى؟ ٢:مجھے تو یہ کپڑا پسند آیا تمہارا کیا خیال ہے؟

ا :جَيِّدٌ! إِلَّا أَنَّ لَوْنَهُ دَاكِنٌ أُرِيْدُهُ فَاتِحًا. ٢:اچھا ہے! مگر اس کا کلر ڈارک ہے مجھے لائٹ کلر چاہئے۔

صَاحِبُ الْمَحَلِّ :فِيْ هٰذَاالْقُمَاشِ خَمْسَةُ أَلْوَانٍ هَاهِيَ أَمَامَكَ. دوکان دار:اس کپڑے میں پانچ کلر ہیں یہ رہے آپکے سامنے۔

۲ :هٰذَااللَّوْنُ خَفِيْفٌ وَزَاهٍ. ۲:یہ رنگ لائٹ اور چمکدار ہے۔

ا :طَيِّبٌ! بِكَمِ الْمِتْرُ بَعْدَ الْخَصْمِ؟ ا:ٹھیک ہے ڈسکاؤنٹ کے بعد میٹر کتنے کا ہے؟

صَاحِبُ الْمَحَلِّ:اَلْمِتْرُ بِمائَةِ رُوْبِيَّةٍ. دکان دار:ایک میٹر سو روپے کا ہے۔

۲ :يَاأَخِيْ !أَتَرَدَّدُ عَلٰى مَحَلِّكَ مُنْذُ سَنَتَيْنِ ،وَالْآنَ جِئْتُ بِهِ كَذٰلِكَ فَيَنْبَغِيْ لَكَ أَنْ تُعْطِيَنَابَعْضَ التَّخْفِيْضَاتِ. ۲:بھائی جان !میں تو آپکی دوکان میں دو سال سے آجا رہا ہوں،اور اب میں اسکو بھی لایا ہوں تو آپ کو کچھ رعایت کرنی چاہیۓ۔

صَاحِبُ الْمَحَلِّ :شُكْرًاعَلٰى ثِقَتِكَ بِنَا!وَلٰكِنْ لَا آخُذُ مِنْكُمُ الرِّبْحَ فِيْ هٰذِهِ الْقِطْعَةِ إِلَّا خَمْسِيْنَ رُوْبِيَّةً. دکان دار:ہمارے اوپر اعتماد کرنے کا شکریہ! لیکن میں اس جوڑے میں آپ سے صرف پچاس روپے منافع لے رہا ہوں۔

۲ :طَيِّبٌ!اَلْمِتْرُ بِخَمْسٍ وَتِسْعِيْنَ اِقْطَعْ لَنَا قِطْعَتَيْنِ مِنْهُ. ۲:چلو ٹھیک ہے میٹر ۹۵ روپے کا لگا کر،دو جوڑے کاٹ لیں۔

صَاحِبُ الْمَحَلِّ: لَابَأْسَ يَاأَخِيْ!أُعْطِيْكَ كَيْ تَرْضٰى.تَفَضَّلْ. دکان دار:ٹھیک ہے بھائی آپکو دے دیتا ہوں تا کہ آپ خوش ہو جائیں۔یہ لیجۓ۔

۲ :شُكْرًا!تَفَضَّلْ. ۲:شکریہ!یہ لیجۓ۔

فِیْ مَحَلِّ الْقُمَاشِ (المَقْطَعُ الْأَوَّلُ)

کپڑے کی دکان میں (حصہ اول)

حامد: السلام علیکم یَاسَمِیرُ! حامد: السلام علیکم سمیر!

سمیر: وعلیکم السلام یاحامد! سمیر: وعلیکم السلام حامد!

حامد: هَلْ تُرَافِقُنِي إِلٰی مَحَلِّ الْقُمَاشِ؟ حامد: کیا آپ میرے ساتھ کپڑے کی دکان چلو گے؟

سمیر: نَعَمْ! أُرَافِقُکَ. سمیر: ہاں! چلوں گا۔

حامد: سَنَذْهَبُ إِلَی السُّوْقِ الْمَرْکَزِیَّةِ لِبَیْعِ الْقُمَاشِ. حامد: ہم مین کلاتھ مارکیٹ چلیں گے۔

سمیر: وَلِمَاذَااخْتَرْتَ هٰذِه السُّوْقَ بِالضَّبْطِ؟ سمیر: تم نے اسی مارکیٹ کا انتخاب کیوں کیا؟

حامد: لِأَنَّهَاسُوْقٌ کَبِیْرَةٌ، وَفِیْهَا اِخْتِیَارَاتٌ مُتَعَدِّدَةٌ لِأَلْوَانٍ کَثِیْرَةٍ مِنَ الْقُمَاشِ. حامد: کیونکہ یہ بڑی مارکیٹ ہے اس میں کپڑوں کی بہت سی اقسام اور کلر دستیاب ہیں۔

سمیر: إِذًاهَیَّابِنَاحَتّٰی لَانُضَیِّعَ الْوَقْتَ. سمیر: تو جلدی چلو تا کہ وقت ضائع نہ ہو۔

(فِي وَسَطِ السُّوْقِ الْمَرْکَزِیَّةِ)

(مین مارکیٹ میں)

حامد: مَارَأْیُکَ یَاسمیر! فِيْ هٰذَاالْقُمَاشِ الْقُطْنِيِّ؟ حامد: سمیر! اس کاٹن کے کپڑے کے بارے میں کیا خیال ہے؟

سمير: هٰذَا الْقُطْنُ نَوْعِيَّتُهُ جَيِّدَةٌ وَهُوَ خَفِيْفُ السُّمْکِ نَاعِمُ الْمَلْمَسِ.	سمیر: یہ اچھی کوالٹی کا کاٹن ہے، باریک اور نرم ہے۔
حامد مَعَ الْبَائِعِ: مِنْ فَضْلِکَ بِکَمْ مِتْرُ هٰذَا الْقُمَاشِ؟	حامد دکاندار سے: برائے مہربانی! اس کپڑے کا میٹر کتنے کا ہے؟
البائع: اَلْمِتْرُ الْوَاحِدُ بِمِائَةِ رُوْبِيَّةٍ.	دکاندار: میٹر سو روپے کا ہے۔
حامد: أَلَيْسَ سِعْرُهُ مُرْتَفِعًا؟	حامد: کیا یہ مہنگا نہیں ہے؟
البائع: بَلْ سِعْرُهُ مُنَاسِبٌ.	دکاندار: نہیں بلکہ مناسب ریٹ ہے۔
حامد: لَقَدْ رَأَيْتُ مِثْلَ هٰذَا الْقُمَاشِ، وَكَانَ سِعْرُهُ بِثَمَانِيْنَ رُوْبِيَّةً.	حامد: میں نے اس جیسا ہی کپڑا دیکھا ہے وہ اسّی روپے میٹر ہے۔
البائع: نَفْسُ هٰذَا الْقُمَاشِ..!! ؟	دکاندار: یہی کپڑا!!؟
حامد: نَعَمْ! هُوَ بِعَيْنِهِ.	حامد: جی ہاں! بالکل یہی۔
البائع: بَعْدَ ضِحْکَةٍ خَفِيْفَةٍ..، نَعَمْ! صَدَقْتَ إِنَّ ذٰلِکَ الْقُمَاشَ الَّذِيْ ذَکَرْتَهُ هُوَ بِعَرْضٍ وَاحِدٍ، أَمَّا الْقُمَاشُ الَّذِيْ عِنْدِيْ فَهُوَ بِعَرْضَيْنِ لِذٰلِکَ سِعْرُهُ مُرْتَفِعٌ.	دکاندار: ہلکی سی مسکراہٹ کے بعد۔۔۔ جی ہاں، تم نے ٹھیک کہا جس کپڑے کا تم نے ذکر کیا وہ سنگل عرض کا ہے اور ہمارے پاس جو کپڑا ہے وہ ڈبل عرض کا ہے اسوجہ سے مہنگا ہے۔

حامد: اَلْآنَ فَهِمْتُ، أُرِيْدُ قُمَاشًا يَكْفِيْ لِقَمِيْصٍ وَسِرْوَالٍ.
حامد: اب میں سمجھ گیا، مجھے ایک سوٹ چاہئے۔

البائع: يَكْفِيْكَ خَمْسَةُ أَمْتَارٍ مِنَ الْقُمَاشِ.
دکاندار: آپ کے لئے پانچ میٹر کافی ہیں۔

حامد: حَسَنًا! اِقْطَعْ لِيْ وَ بِسُرْعَةٍ لَوْسَمَحْتَ.
حامد ٹھیک ہے! کاٹ لیں اور برائے مہربانی ذرا جلدی کریں۔

البائع: تَفَضَّلْ قُمَاشَكَ.
دکاندار: لیجئے اپنا کپڑا۔

حامد: كَمِ الْمَبْلَغُ الْجُمَلِيُّ؟
حامد: کتنی رقم بنی ؟

البائع: خَمْسُمِائَةِ رُوْبِيَّةٍ.
دکاندار: پانچ سو روپے۔

حامد: تَفَضَّلْ.
حامد: لیجئے۔

البائع: شُكْرًا! اِنْتَظِرْ هٰذِهِ خَمْسُوْنَ رُوْبِيَّةً.
دکاندار: شکریہ! ٹھہریے یہ پچاس روپے واپس لیجئے۔

حامد: لِمَهْ؟
حامد: کیوں؟

البائع: هٰذِهِ مُرَاعَاتٌ مِنِّيْ إِلَيْكَ، فَقَدْ خَفَّضْتُ مِتْرَ الْقُمَاشِ إِلٰى تِسْعِيْنَ رُوْبِيَّةً.
دکاندار: یہ میری طرف سے آپ کے لئے رعایت ہے میں نے میٹر نوے روپے کا لگا دیا

حامد: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا!
حامد: اللہ تعالی آپکو جزائے خیر دے!

اَلْبَائِعُ: وَجَزَاكَ.
دکاندار: اور آپ کو بھی!

فِي مَحَلِّ الْقُمَاشِ (المَقْطَعُ الثَّانِيُ)

کپڑے کی دکان میں (دوسرا حصہ)

حامد: هَيَّا نَرْجِعُ يَاسميرُ! — حامد: سمیر آؤ واپس چلتے ہیں۔

سمير: اِنْتَظِرْ قَلِيْلًا لَوْ سَمَحْتَ، لَقَدْ رَغَّبْتَنِي فِيْ شِرَاءِ بَعْضِ الْأَقْمِشَةِ. — سمیر: معاف کرنا! تھوڑی دیر رک جاؤ تم نے مجھے بھی کچھ کپڑے خریدنے کا شوق دلایا ہے۔

حامد: بِكَلَامِكَ هٰذَا تُرِيْدُ قُمَاشَيْنِ فَأَكْثَرَ؟ — حامد: تمہاری بات سے لگ رہا ہے کہ ایک سوٹ سے زائد خریدو گے؟

سمير: صَدَقْتَ، أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ قُمَاشًا لِأُمِّي كَهَدِيَّةٍ وَكَذٰلِكَ لِأَبِيْ. — سمیر: تم نے ٹھیک کہا! میں ایک سوٹ والد اور ایک والدہ کیلئے بطور تحفہ خریدنا چاہتا ہوں۔

حامد: أَحْسَنْتَ يَاأَخِيْ! فَوَاللّٰهِ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ قُرْبَةٌ لِلّٰهِ تَعالٰى. — حامد: بھائی بہت اچھا کر رہے ہو! بخدا والدین کے ساتھ اچھائی تو اللہ سے نزدیکی کا ذریعہ ہے۔

سمير: تَعَالَ نَدْخُلُ إِلٰى هٰذَا الدُّكَّانِ أَرَاهُ كَبِيْرًا، وَعِنْدَهُ عِدَّةُ عُرُوْضٍ. — سمیر: آؤ! اس دکان چلتے ہیں میرے خیال میں یہ بڑی بھی ہے اور اس کے پاس بہت سی اور ورائٹیاں ہیں۔

حامد: هَيَّا. — حامد: آؤ۔

سمير: السلام عليكم! — سمیر: السلام علیکم!

بَاعَةُ الدُّكَّانِ: وَعليكم السلام! — دکاندار: وعلیکم السلام!

سمیر: أُرِيْدُ قُمَاشًا نِسَائِيًّا وَقُمَاشًا رِجَالِيًّا بِشَرْطِ أَنْ يَكُوْنَا قُطْنًا مِائَةً بِالْمِائَةِ.

سمیر: مجھے ایک زنانہ سوٹ اور ایک مردانہ سوٹ چاہئے اور سو فیصد کاٹن ہونا چاہئے۔

البائع: تَفَضَّلْ يَاسَيِّدِيْ! هٰذَا الْقُمَاشُ النِّسَائِيُّ، وَهُوَ جَمِيْلٌ جِدًّا.

دکاندار: لیجئے جناب! یہ لیڈیز سوٹ ہے اور بہت خوبصورت ہے۔

سمیر: صَدَقْتَ، لَوْنُهُ مُنَاسِبٌ لِلنِّسَاءِ وَ كَذٰلِكَ مَلْمَسُهُ لَيِّنٌ لَا يُؤْذِي الْبَشْرَةَ.

سمیر: آپ نے ٹھیک کہا! اس کا رنگ عورتوں کے مناسب ہے اور نرم بھی ہے جلد کو تکلیف نہیں دیتا۔

البائع: إِنَّهُ صِنَاعَةٌ بَاكِسْتَانِيَّةٌ وَهُوَ مِنَ الدَّرَجَةِ الْأُوْلٰى.

دکاندار: یہ پاکستانی کپڑا ہے اور ایک نمبر کا ہے۔

سمیر: بِكَمِ الْمِتْرُ مِنْ فَضْلِكَ؟

سمیر: معاف کیجئے گا! میٹر کتنے کا ہے؟

البائع: بِمِائَةٍ وَّخَمْسِيْنَ.

دکاندار: ایک سو پچاس روپے۔

سمیر: أَلَيْسَ غَالٍ؟

سمیر: مہنگا نہیں ہے؟

البائع: لا، لَيْسَ بِغَالٍ، بَلْ هُوَ رَخِيْصٌ، فَالْجَوْدَةُ مُمْتَازَةٌ، وَالْقُمَاشُ جَمِيْلٌ وَرَائِعٌ.

دکاندار: نہیں مہنگا نہیں ہے بلکہ سستا ہے کیونکہ کوالٹی اچھی ہے اور کپڑا خوبصورت اور شاندار ہے۔

سمیر: لَوْتَبِيْعُنِي الْمِتْرَ بِمِائَةٍ وَّعِشْرِيْنَ. سمیر: اگر آپ ایک سو بیس روپے کا میٹر لگالیں تو بہتر ہوتا۔

البائع: كَمْ مِتْرًا تُرِيْدُ؟ دکاندار: کتنے میٹر چاہئے؟

سمیر: خَمْسَةُ أَمْتَارٍ وَنِصْفٍ سمیر: ساڑھے پانچ میٹر۔

البائع: لَابَأْسَ، فَأَنْتَ ضَيْفٌ، وَنَحْنُ نُرَاعِيْ الضُّيُوْفَ بِصِفَةٍ خَاصَّةٍ. دکاندار: کوئی بات نہیں! آپ مہمان ہیں اور ہم مہمانوں سے خاص رعایت کرتے ہیں۔

سمیر: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا! سمیر: اللہ آپ کو جزائے خیر دے!

البائع: وَجَزَاكَ، تَفَضَّلْ فَقَدْ جَهَّزْتُ لَكَ قُمَاشَكَ. دکاندار: اور آپ کو بھی! لیجئے آپ کا کپڑا حاضر ہے۔

سمیر: شُكْرًا يَاسَيِّدِيْ! وَلٰكِنْ أُرِيْدُ قُمَاشًا آخَرَ كَمَاذَكَرْتُ لَكَ، وَ هٰذَا الْقُمَاشُ يَكُوْنُ لِلرِّجَالِ. سمیر: جناب شکریہ! لیکن جیسا کہ میں نے آپ سے کہا تھا مجھے دوسرا سوٹ بھی چاہئے اور وہ مردانہ کپڑا ہو۔

البائع: مَارَأْيُكَ لِهٰذَاالْقُمَاشِ؟ دکاندار: اس کپڑے کے بارے میں کیا خیال ہے؟

سمیر: رَائِعٌ، وَلٰكِنْ هَلْ صِنَاعَتُهُ بَاكستانيةٌ؟ سمیر: عمدہ ہے! لیکن کیا یہ پاکستانی ہے؟

البائع: لَا، بَلْ مَصْنُوْعٌ فِي الصِّيْنِ.
دکاندار: نہیں بلکہ چین کا ہے۔

سمیر: لاأُرِيْدُهُ، بَلْ أُرِيْدُ صِنَاعَةً باكستانيَّةً فَإِنَّ عِنْدَ نَامِنَ الصِّنَاعَاتِ الْمَحَلِيَّةِ مَا هُوَ أَجْوَدُ مِنَ الصِّنَاعَاتِ الْخَارِجِيَّةِ.
سمیر: یہ نہیں چاہئے مجھے پاکستانی کپڑا چاہئے کیونکہ ہمارے بعض لوکل کپڑے امپورٹڈ کپڑوں سے اچھے ہیں۔

البائع: صَدَقْتَ، إِذًا فَخُذْ هٰذَا الْقُمَاشَ.
دکاندار: آپ نے ٹھیک کہا! تو یہ کپڑا لیجئے۔

سمیر: هٰذَا كَذَالِكَ جَمِيْلٌ، بِكَمْ مِتْرُهُ؟
سمیر: یہ بھی خوبصورت ہے، میٹر کتنے کا ہے؟

البائع: بِمِائَةٍ وَّعِشْرِيْنَ.
دکاندار: ایک سو بیس روپے کا۔

سمير: سَآخُذُ مِنْكَ أَرْبَعَةَ أَمْتَارٍ، وَلٰكِنْ بِشَرْطِ أَنْ يَكُوْنَ سِعْرُ الْمِتْرِ الْوَاحِدِ بِمِائَةِ رُوْبِيَّةٍ.
سمیر: میں آپ سے چار میٹر لونگا بشرطیکہ میٹر سو روپے کا ہو۔

البائع: لَابَأْسَ يَاسَيِّدِيْ! فَقَدْ قُلْتُ لَكَ إِنَّكَ ضَيْفٌ عِنْدَنَا.
دکاندار: جناب کوئی بات نہیں! میں نے آپ سے کہا ہے کہ آپ ہمارے مہمان ہیں۔

سمير: شُكْرًا جَزِيْلًا!
سمیر: بہت شکریہ!

البائع: لَاشُكْرَ عَلٰى وَاجِبٍ، تَفَضَّلْ قُمَاشَكَ يَاسيدي!
دکاندار: یہ تو ہمارا فرض ہے، یہ لیجئے آپ کا کپڑا۔

سـمـيـر :شُـكْـرًا!أَعْـطِـنِيْ الْفَاتُوْرَةَ لَوْسَمَحْتَ.	سمیر :شکریہ!برائے مہربانی مجھے بل دے دیجئے۔
البائع :تَفَضَّلْ.	دکاندار: لیجئے۔
سمير :أَلْف رُوبِيَّةٍ ؟	سمیر:ہزارروپے؟
البائع :نَعَمْ يَاسَيِّدِيْ !	دکاندار: جی جناب!
سمير :تَفَضَّلْ.	سمیر: یہ لیجئے۔
سـمـيـر :هَيَّـا نَـرْجِـعْ يَـا حَـامِدُ!،فَقَدْ سَعِدْتُ بِمُصَاحَبَتِكَ الْيَوْمَ	سمیر: آؤ حامد! چلیں مجھے تمہاری رفاقت سے خوشی ہوئی۔
حامد:وَأَنَا كَذٰلِكَ يَاأَخِيْ!	حامد: بھائی مجھے بھی خوشی ہوئی۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ

(نئے الفاظ)

قُمَاشٌ قُطْنِيٌّ	سوتی کپڑا/کاٹن کپڑا	اَلنَّسِيْجُ الْكَتَّانِيُّ	سلک
بَفْتَةٌ	لٹھا/سفید سوتی کپڑا	اَلْجُوْخ	اونی کپڑا
الشَّاشُ	ململ	الشَّنِيْلُ	شنل
قُمَاشُ الْبِطَانَةِ	استر کا کپڑا	اَلدِّمُقَاسُ	ریشم
قُمَاشٌ مُشَمَّعٌ	آئل کلاتھ	اَلْغَزْلُ	سوت
اَلْوَشْیُ	پھولدار کپڑوں کی قسم	صُوْفٌ	اون
اَلْخَيْشُ	معمولی ٹسر یا دبیز بنے ہوئے کپڑے	اَلْحَرِيْرُ الصِّنَاعِيُّ	مصنوعی ریشم
اَلْحَرِيْرُ	ریشمی کپڑا	شَيْفُوْنٌ	شیفون
مَخْمَلٌ	مخمل	اِسْتَبْرَقٌ	ایک نفیس کپڑا
قُمَاشُ الْكَتَّان	کھدر	مِتْرٌ	میٹر
حُلَّةٌ/بَدْلَةٌ/بِذْلَةٌ	سوٹ	ذِرَاعٌ	گز
بُوْصَةٌ	انچ	مِقَصٌّ/مِقْرَاضٌ	قینچی
شَالٌ	شال	قِطْعَةُ الثَّوْبِ	سوٹ
لِفَاعٌ	مفلر	لُفَافَةٌ صَغِيْرَةٌ	بور

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ مَحَلِّ الْقُمَاشِ

(کپڑے کی دکان سے متعلق سوالات وجوابات)

١ :سَيِّدِيْ! إِذَالَمْ يُعْجِبْكَ هٰذَا النَّوْعُ فَعِنْدَنَاأَنْوَاعٌ أُخْرٰى كَثِيْرَةٌ.	١:جناب !اگر آپ کو یہ ورائٹی پسند نہیں آئی تو ہمارے پاس اور بہت سی ورائٹی ہیں۔
٢ : هٰذَا الْقُمَاشُ نَسِيْجٌ بِمَادَّةِ النَّايْلُوْن فَأَخَافُ أَنْ تُثِيْرَ الْبُثُوْرَالَّتِيْ فِيْ جَسَدِيْ لِشِدَّةِ الْحَرَارَةِ.	٢:اس کپڑے کی بُنائی نائیلون کی ہے مجھے ڈر ہے کہ یہ میرے جسم کے دانوں کو گرمی کی شدت کیوجہ سے زیادہ نہ کردے۔

١ :هٰذَاالْقُمَاشُ مُسْتَوْرَدٌ مِنَ الْيَابَان وَنَوْعِيَّتُهُ مُمْتَازَةٌ.	١:یہ کپڑا جاپان کا ہے اور اعلیٰ قسم کا ہے۔
٢ :اَلْقُمَاشُ لَابَأْسَ بِهِ وَلٰكِنَّهُ غَالِ السِّعْرِ.	٢: کپڑا تو مناسب ہے لیکن بہت مہنگا ہے۔

١ :لَدَيْنَاقُمَاشٌ آخَرُوَهُوَ بِسِعْرٍ مُنَاسِبٍ إِلَّا أَنَّ شَرِكَتَهُ غَيْرُ مَعْرُوْفَةٍ.	١:ہمارے پاس ایک اور کپڑا ہے اس کا ریٹ بھی مناسب ہے لیکن اسکی کمپنی غیر مشہور ہے۔
٢ :مَالَنَاوَالشَّرِكَةُ، نُرِيْدُ الْجَوْدَةَ مَعَ السِّعْرِ الْمُنَاسِبِ.	٢:ہمیں کمپنی سے کیا کرنا ہے ہمیں تو عمدہ چیز مناسب ریٹ پر چاہئے۔

١ :يَاأَخِيْ!هٰذِه السُّوْقُ أَحَدُ الْأَسْوَاقِ الرَّاقِيَّةِ لِلْأَقْمِشَةِ فَلَا تَشْتَرِ مِنْهُ شَيْئًا.	١:بھائی !یہ کلاتھ مارکیٹ مہنگی ترین مارکیٹوں میں سے ہے اس سے کوئی چیز مت خریدو۔

٢ :لِمَ يَا أَخِي! رُبَّمَا أَجِدُ فِيْهِ أَحْدَثَ النَّوْعِيَّاتِ لِلْأَقْمِشَةِ.	٢: کیوں بھائی! ہوسکتا ہے مجھے اس میں کپڑے کی بالکل نئی ورائٹی مل جائے۔
١ :هُوَ كَذٰلِكَ وَلٰكِنَّ أَسْعَارَهُ تَقْصِمُ ظَهْرَكَ إِذَا اطَّلَعْتَ عَلَيْهَا.	١: وہ تو ٹھیک ہے! لیکن اسکی قیمتیں آپکی کمر توڑ دیگی جب آپکو معلوم ہوگا۔
٢ :هَلْ سَبَقَ لَكَ أَنِ اشْتَرَيْتَ شَيْئًا مِنْ هُنَا؟	٢: کیا تم نے پہلے یہاں سے کچھ خریدا ہے؟
١ :لَمْ أَشْتَرِ وَلٰكِنَّهَا مَعْرُوفَةٌ بِغَلَاءِ أَسْعَارِهَا.	١: خریدا تو نہیں لیکن یہ مارکیٹ مہنگے ریٹ میں مشہور ہے۔
٢ :إِذَنْ لَا بَأْسَ نَمُرُّ بِهَا حَتّٰى نَتَأَكَّدَ مِنَ الْأَسْعَارِ.	٢: تو کوئی بات نہیں ہم چکر لگا لیتے ہیں تاکہ ریٹ اچھی طرح معلوم ہو جائے۔

حِوَارٌ عِنْدَ الْخَيَّاطِ (المَقْطَعُ الأَوَّلُ)

درزی کے ہاں گفتگو (پہلا حصہ)

١ :عَفْوًا يَا أَخِيْ! مَنْ فَصَّلَ لَکَ هٰذَا الثَّوْبَ.	١: معاف کرنا یار! تمہارے یہ کپڑے کس نے سیے ہیں۔
٢ :خَاطَهُ خَيَّاطٌ يُجَاوِرُ مَحَلُّهُ بَيْتَنَا، هَلْ يُحْسِنُ الْخِيَاطَةَ ؟	٢: یہ ایک درزی نے سیے ہیں جس کی دکان ہمارے گھر کے برابر میں ہے کیا اچھے سیتا ہے؟
١ :نَعَمْ! قَدْ فَصَّلَ الْبَذْلَةَ عَلٰى جِسْمِکَ فَأَصْبَحَتْ مُلَائِمَةً ، كَمْ أَخَذَمِنْکَ ؟	١: جی! جوڑا تمہارے جسم کے مطابق سیا ہے تو مناسب لگ رہا ہے، اس نے تم سے کتنے روپے لیے ہیں؟
٢ :هٰذَا الْخَيَّاطُ يَأْخُذُ عَادَةً ثَلَاثَمِائَةِ رُوْبِيَّةٍ وَلٰكِنَّهُ أَخَذَمِنِّيْ بَعْدَ الْخَصْمِ مِائَتَيْ رُوْبِيَّةٍ فَقَطْ.	٢: عام طور پر تو یہ درزی تین سو روپے لیتا ہے لیکن مجھ سے رعایت کے بعد صرف دوسو روپے لیے ہیں۔
١ :هَلْ لَکَ أَنْ تَأْخُذَ نِيْ إِلَيْهِ الْآنَ؟	١: کیا تم ابھی مجھے اس کے پاس لیجا سکتے ہو؟
٢ :سَمْعًا وَطَاعَةً يَا أَخِيْ اِهَيَّا أَسْرِعْ إِذَنْ.	٢: بالکل بھائی! چلو پھر جلدی کرو۔

عِنْدَ الْخَيَّاطِ (درزی کے پاس)

٢ :السَّلام عليكم يَا أَخَانَا عِمْرَان!	٢: السلام علیکم عمران بھائی!

اَلْخَيَّاطُ : وَعليكم السلام! أَهْلًا بِكُمْ جِئْتَنِي بَعْدَ فَتْرَةٍ طَوِيْلَةٍ.	درزی: وعلیکم السلام! خوش آمدید آپ میرے پاس کافی عرصہ کے بعد آ رہے ہو۔
٢ : نَعَمْ! جِئْتُكَ بِهٰذَا الزَّمِيْلِ وَهُوَ يُرِيْدُ مِنْكَ أَنْ تَخِيْطَ لَهُ ثَوْبًا.	٢: جی ہاں! میں آپکے پاس اس ساتھی کو لے کر آیا ہوں یہ آپ سے ایک سوٹ سلوانا چاہتا ہے۔
اَلْخَيَّاطُ: مَعْذِرَةً يَاأَخِيْ! كَمَاتَعْرِفُ لَانَقْبَلُ أَيَّ ثَوْبٍ هٰذِهِ الْأَيَّامَ فَإِنَّهَا أَيَّامُ الْعِيْدِ.	درزی: بھائی معاف! کرنا جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ان دنوں ہم کوئی کپڑا نہیں لیتے کیونکہ یہ عید کے دن ہیں۔
٢ : لَابَأْسَ يَاأَخِيْ! أَنَاجَارُكَ فَلِيْ عَلَيْكَ حَقٌّ.	٢: کوئی بات نہیں بھائی! میں آپکا پڑوسی ہوں میرا تو آپ پر حق بنتا ہے۔
اَلْخَيَّاطُ: طَيِّبٌ! كَمْ بَدْلَةً؟	درزی: ٹھیک ہے! کتنے سوٹ ہیں؟
٢ : بَدْلَةٌ وَاحِدَةٌ فَقَطْ.	٢: صرف ایک سوٹ ہے۔
اَلْخَيَّاطُ: تَفَضَّلْ لِآخُذَ مَقَاسَكَ.	درزی: آئیے تا کہ آپ کا ناپ لے لوں۔
اَلْخَيَّاطُ: كَمْ بُوْصَةً تُرِيْدُ طُوْلَ الْقَمِيْصِ؟	درزی: قمیص کی لمبائی کتنے انچ کرنی ہے؟
١ : كَمْ طُوْلُ هٰذَاالْقَمِيْصِ؟	١: اس قمیص کی لمبائی کتنی ہے؟
اَلْخَيَّاطُ: ثَلَاثُوْنَ بُوْصَةً.	درزی: تیس انچ۔

ا :زِدْهُ بُوْصَتَيْنِ فَإِنَّهُ قَصِيْرٌ. ا:اسکو دو انچ بڑھادیں یہ چھوٹی ہے۔

اَلْخَيَّاطُ:اُنْظُرْ إِلٰى عَرْضِهِ أَهُوَ مُنَاسِبٌ؟ درزی: چوڑائی دیکھیں مناسب ہے؟

ا :لَا ،بَلْ أَنْقِصْهُ بُوْصَةً فَهُوَ وَاسِعٌ جِدًّا. ا:نہیں بلکہ ایک انچ کم کردیں یہ کافی کشادہ ہے۔

اَلْخَيَّاطُ:طُوْلُ الْكُمِّ مُنَاسِبٌ فَلَا تَزِدْهُ وَإِلَّا تَنْزَعِجُ بِهِ. درزی: آستین کی لمبائی اور زیادہ مت کریں ورنہ اس سے تنگ ہوجائیں گے۔

ا :حَسَنًا! أُرِيْدُ حَاشِيَةَ الْقَمِيْصِ مُرَبَّعَةً. ا:ٹھیک ہے! قمیص کا کنارہ چوکور بنائیے گا۔

اَلْخَيَّاطُ:وَكَيْفَ تُرِيْدُ الْيَاقَةَ؟ درزی: کالر کس طرح کا چاہئے؟

ا :أُرِيْدُ هَاوَاقِفَةً. ا:شیروانی کالر بنادیں۔

اَلْخَيَّاطُ:وَمَاذَاعَنْ رُدْنِ الْكُمِّ/ طَرَفِ الْكُمِّ؟ درزی: اورآستین کے کف کس طرح بنوانے ہیں؟

ا :اِصْنَعْهَامُدَوَّرَةً بِدُوْنِ الْأَزْرَارِ. ا:اسے بغیر بٹن کے گول بنادیں۔

اَلْخَيَّاطُ:كَمْ جَيْبًا تُرِيْدُ فِي الْقَمِيْصِ؟ درزی: قمیص میں کتنی جیبیں رکھنی ہیں؟

ا:أُرِيْدُ جَيْبَيْنِ،جَيْبًا أَمَامِيًّاوَجَيْبًافِيْ طَرَفِهِ. ا:دو جیبیں ایک سامنے کی جیب اور سائیڈ جیب۔

اَلْـخَيَّـاطُ: طَيِّـبٌ! سَتَسْتَـلِـمُهَـامِنِّيْ بَعْدَأُسْبُوْعٍ.	درزی: ٹھیک ہے! آپ ایک ہفتہ بعد مجھ سے وصول کرلیں۔
۲: إِنْشَاءَ اللّٰهُ! جَـزَاکَ اللّٰهُ خَيْرًا السلام عليكم!	۲: انشاء اللہ! اللہ آپکو جزائے خیر دے السلام علیکم!
اَلْخَيَّاطُ: وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ!	درزی: وعلیکم السلام!

حِوَارٌ عِنْدَ الْخَيَّاطِ (المَقْطَعُ الثاني)

درزی کے ہاں گفتگو (دوسرا حصہ)

سعيد: هَلْ هٰذَامَحَلُّ السيد فؤاد؟	سعید: کیا یہ فواد صاحب کی دکان ہے؟
صـاحـبُ الْـمَحَلِّ: لَا، بَـلْ هُـوَالْمَحَلُّ الْمُقَابِلُ لَنَا.	دکاندار: نہیں بلکہ وہ ہمارے سامنے والی دکان ہے۔
سعيد: شُكْرًا يَاسَيِّدِيْ!	سعید: شکریہ جناب!
صاحب المحل: لا شُكْرَ عَلٰى وَاجِبٍ.	دکاندار: یہ ہمارا فرض ہے۔
سعيد: السلام عليكم يَافؤادُ!	سعید: فواد السلام علیکم!
فؤاد: وَعَلَيْكُمُ السلامُ! كَيْفَ حَالُكَ يَاسعيدُ!	فواد: وعلیکم السلام! سعید کیا حال ہے؟
سعيد: وَأَنْتَ كَيْفَ حَالُكَ؟	سعید: آپ کیسے ہیں؟

فؤاد: الحمدلله بِخَيْرٍ! أَرَاکَ تَحْمِلُ بَيْنَ يَدَيْکَ قُمَاشًا.

فواد: الحمدللہ خیریت سے ہوں تمہارے ہاتھ میں کپڑا دیکھ رہا ہوں۔

سعيد: نَعَمْ! هٰذَاالْقُمَاشُ لِيْ، وَأُرِيْدُ أَنْ أُخِيْطَهُ قَمِيْصًا عَرَبِيًّا.

سعید: ہاں یہ میرا کپڑا ہے اور میں اس سے عربی قمیص سلوانا چاہتا ہوں۔

فؤاد: سبحان الله! قَمِيْصًا عَرَبِيًّا!

فواد: سبحان اللہ! عربی قمیص!؟

سعيد: نَعَمْ لِمَ تَتَعَجَّبُ؟

سعید: ہاں، تعجب کیوں ہو رہا ہے؟

فؤاد: أَتَعَجَّبُ لِأَنَّکَ الثَّانِيْ الَّذِيْ طَلَبَ مِنِّيْ هٰذَاالطَّلَبَ، الطَّلَبُ الْأَوَّلُ کَانَ قَبْلَ عَشْرِ سَنَوَاتٍ مِنْ أَخٍ سُوْرِيِّ الْجِنْسِيَّةِ، وَ الثَّانِيْ أَنْتَ.

فواد: مجھے تعجب اس لئے ہو رہا ہے کہ تم دوسرے آدمی ہو جس نے مجھے یہ آڈر دیا ہے، پہلا آڈر ایک شامی شخص نے دس سال پہلے دیا تھا اور دوسرے تم ہو۔

سعيد: إِذًا، أَنْتَ مُتَمَرِّسٌ فِيْ خِيَاطَةِ الثَّوْبِ الْعَرَبِيِّ.

سعید: تو آپ عربی کپڑے سینے میں مہارت رکھتے ہونگے۔

فؤاد: إِنْ شَاءَ اللهُ! وَقَدْسَعِدْنَابِکَ يَاسعيدُ!

فؤاد: انشاءاللہ! اور مجھے آپ سے ملکر بہت خوشی ہوئی۔

فؤاد: اِجْلِسْ أَوَّلًا وَاسْتَرِحْ، وَاشْرَبِ الشَّايَ ثُمَّ بَعْدَ ذٰلِکَ نَتَحَدَّثُ.

فؤاد: پہلے بیٹھ جاؤ، کچھ آرام کرو اور چائے پیو، پھر بات کرتے ہیں۔

سعيد: جَزَاکَ اللّٰهُ خَيْرًا! فَإِنِّي مَشْغُوْلٌ وَمُسْتَعْجِلٌ، فَلَوْ تَأْخُذُ مَقَاسِي. سعید: جزاک اللہ میرا کام ہے، مجھے جلدی ہے اگر آپ میرا ناپ لے لیں۔

فؤاد: أَجَلْ، اِقْتَرِبْ قَلِيْلًا حَتَّى آخُذَ جَمِيْعَ الْمَقَاسَاتِ. فؤاد: جی! قریب ہوجاؤ تاکہ میں پورا ناپ لے لوں۔

سعيد: تَفَضَّلْ، وَلٰكِنْ لَا تَجْعَلْهُ طَوِيْلًا، بَلْ أُرِيْدُهُ فَوْقَ الْكَعْبَيْنِ. سعید: لیجئے لیکن زیادہ لمبا نہیں کرنا بلکہ ٹخنوں سے اوپر چاہتا ہوں۔

فؤاد: اِطْمَئِنَّ يَا أَخِي! فَهِيَ السُّنَّةُ، وَالْوَاجِبُ اِتِّبَاعُهَا. فؤاد: بھائی اطمنان رکھو! یہی سنت ہے اور اس کی پیروی لازم ہے۔

سعيد: وَكَذٰلِكَ يَا صَدِيْقِي الْعَزِيْزَ أُرِيْدُ الْأَكْمَامَ بِالْأَزْرَارِ وَأَزْرَارَ الصَّدْرِ مَخْفِيَّةً، وَلِلسِّرْوَالِ جَيْبَانِ يُغْلَقَانِ بِالسَّحَّابِ. سعید: اور پیارے دوست! آستین بٹن والے ہوں اور گریباں کے بٹن چھپے ہوئے ہوں، اور شلوار میں دو چین والی جیبیں ہوں۔

فؤاد: اِطْمَئِنَّ. فؤاد: مطمئن رہیں۔

سعيد: بِكَمْ تَخِيْطُ الْحُلَّةَ كَامِلَةً؟ سعید: آپ سوٹ کتنے کا سیتے ہیں؟

فؤاد: اَلْحُلَّةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ بِمِائَتَيْ وَخَمْسِيْنَ رُوْبِيَّةً، وَالْحُلَّةُ الْعَرَبِيَّةُ بِثَلَاثِمِائَةٍ وَّخَمْسِيْنَ رُوْبِيَّةً. فؤاد: پاکستانی سوٹ ڈھائی سو روپے اور عربی سوٹ ساڑھے تین سو روپے کا۔

سعيد: أَلَيْسَ السِّعْرُ مُرْتَفِعًا ؟ سعید: ریٹ زیادہ نہیں ہے؟

فؤاد: لَا، بَلِ السِّعْرُ مُنَاسِبٌ، لِأَنَّ الْحُلَّةَ الْعَرَبِيَّةَ أُكْثَرُ عَمَلًا مِنَ الْحُلَّةِ الباكستانيَّةِ. فؤاد: نہیں بلکہ مناسب ریٹ ہیں کیونکہ عربی سوٹ میں بنسبت پاکستانی سوٹ کے زیادہ کام ہے۔

سعيد: صَدَقْتَ، مَتَى تَكُوْنُ هٰذِهِ الْحُلَّةُ جَاهِزَةً ؟ سعید: آپ نے ٹھیک کہا، یہ سوٹ کب تیار ہو جائے گا؟

فؤاد: بَعْدَ أُسْبُوْعٍ. فؤاد: ایک ہفتہ بعد۔

سعيد: أُسْبُوْعٌ ! ؟ هٰذَا كَثِيْرٌ. سعید: ایک ہفتہ بعد!؟ یہ زیادہ عرصہ ہے۔

فؤاد: عِنْدِيْ عَمَلٌ كَثِيْرٌ كَمَاتَرَى، فَضْلًا عَلٰى انْقِطَاعِ الْكَهْرَبَاءِ. فؤاد: تم دیکھ رہے ہو کہ میرے پاس کام بہت زیادہ ہے، اور پھر بجلی اکثر نہیں ہوتی۔

سعيد: لَوْ جَعَلْتَهَا أَرْبَعَةَ أَيَّامٍ، فَأَكُوْنُ لَكَ مَمْنُوْنًا. سعید: اگر آپ چار دنوں میں تیار کر دیں، تو میں آپ کا بہت احسان مندر ہوں گا۔

فؤاد: أُحَاوِلُ، لِأَجْلِ صَدَاقَتِنَا وَأُخُوَّتِنَا فِي اللّٰهِ. فؤاد: میں کوشش کرونگا کیونکہ ہمارے درمیان تو دوستی اور بھائی بندی بھی تو ہے۔

سعيد: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا يَاأَخِي الْعَزِيْزَ. سعید: بھائی اللہ تمہیں جزائے خیر دے!

فؤاد: وَجَزَاكَ ! فؤاد: اور آپ کو بھی جزائے خیر دے!

سعيد: السلام عليكم ورحمة الله! أَرَاكَ بِعَافِيَةٍ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ !

سعید: السلام علیکم ورحمۃ اللہ! اللہ کرے میں آپ کو خیریت سے دیکھتا رہوں۔

فؤاد: وَعليكم السلامُ وَرحمة اللّٰهِ، شُكْرًا جَزِيْلًا.

فؤاد: وعلیکم السلام بہت شکریہ!

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ

(نئے الفاظ)

مَاكِيْنَةُ خِيَاطَةٍ	سلائی مشین	دَبُّوْسٌ	پن
اَلْخِيَاطَةُ	درزی کا کام	طَوْقُ الْقَمِيْصِ	کالر
اَلْخَيَّاطُ	درزی/ٹیلر	مِقَصٌّ/مِقْرَاضٌ	قینچی
مِخْيَطَةٌ/إِبْرَةٌ	سوئی	مِكْوَاةٌ	استری
مَقَاسٌ/قِيَاسٌ	ناپ	سِلْسِلَةُ الْقَمِيْصِ/سَحَّابٌ	زپ/چین
شَرِيْطُ الْمَقَاسِ	پیمائشی فیتہ	نَازِعُ اللَّفْقِ	ٹانکے کھولنے کا اوزار
مِئْبَرٌ	سوئی دان	مَدْبَسَةٌ	پن دان
طَاوِلَةُ الْخِيَاطَةِ	سلائی مشین کی ٹیبل	زِرٌّ	بٹن
إِبْرَةُ الْحِيَاكَةِ	بننے کی سوئی	إِبْزِيْمٌ	بکسوا
شُغْلُ الْإِبْرَةِ	کڑھائی	طَيَّةٌ	چنٹ/سلوٹ
مِسَلَّةٌ	بڑی سوئی/سوا	عُرْوَةٌ	کاج

خُرْمُ الْإِبْرَةِ/سَمٌّ	سوئی کا ناکہ	تَطْرِيزٌ	بیل بوٹے نکالنا
لَفْقٌ	سلائی	سِجَافٌ	جھالر/کنارا
بَكَرَةُ الْخَيْطِ	دھاگہ کی ریل	كُمٌّ	آستین
مَكُّوكٌ	سلائی مشین کا شٹل	رُدْنُ الْكُمِّ	آستین کے کف
مِكَبُّ الْخَيْطِ	دھاگہ لپیٹنے کی ریل	جَيْبُ الْقَمِيصِ	گریبان
يَاقَةُ الْقَمِيصِ	کالر	مِعْطَفٌ	کوٹ
قَبَّةٌ	؍؍	قَمِيصٌ	کرتہ
يَاقَةٌ وَاقِفَةٌ	کھڑا کالر	سِرْوَالٌ	شلوار
يَاقَةٌ مَقْلُوبَةٌ	ڈبل کالر	صَدْرِيَّةٌ	واسکٹ
حَاشِيَّةُ الْقَمِيصِ	دامن	بِطَانَةُ الثَّوْبِ	استر
طَرَفٌ/ذَيْلٌ	دامن	حُلَّةٌ/بَدْلَةٌ	سوٹ
كُفَّةُ حَاشِيَّةِ الْقَمِيصِ	قمیص کے دامن کی کنی	تَرْقِيعٌ/رَفْوٌ	پیوند لگانا
شَقٌّ	پھاڑنا	قَطْعٌ	کاٹنا

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ الْخَيَّاطِ

(درزی سے متعلق سوالات وجوابات)

۱ :مَلا بِسِيْ جَاهِزَةٌ أَمْ بَعْدُ؟	۱: میرے کپڑے تیار ہو گئے یا نہیں؟
۲ :نَعَمْ ! هِيَ جَاهِزَةٌ إِلَّا أَنَّهُ بَقِيَتْ عُرْوَةُ الْقَمِيْصِ فَقَطْ.	۲: جی ہاں تیار ہیں مگر صرف قمیص کا کاج رہتا ہے۔

۲ :يَاسَيِّدِيْ!اِنْتَظِرْعَشْرَ دَقَائِقَ فَقَطْ سَتُجَهَّزُفِيْ غُضُوْنِهَا.	۲: جناب !صرف دس منٹ انتظار کرلیں دس منٹ کے اندراندر تیار ہو جائیں گے۔
۱ :طَيِّبْ!أَرْجِعُ بَعْدَ سَاعَةٍ وَأَسْتَلِمُهَا.	۱: ٹھیک ہے! میں ایک گھنٹہ بعد آ کر لے جاتا ہوں۔

۱ :مَتى سَتَكُوْنُ هٰذِه الْبَدْلَةُ جَاهِزَةً؟	۱: یہ سوٹ کب تیار ہو جائے گا؟
۲ : سَأُحَاوِلُ أَنْ أُجَهِّزَهَا خِلَالَ أُسْبُوْعٍ.	۲: میں اس کو ایک ہفتہ میں تیار کرنے کی کوشش کروں گا۔

۲ :هَاهِيَ ثِيَابُکَ قَدْ تَجَهَّزَتْ.	۱: یہ لیجئے آپ کے کپڑے تیار ہیں۔
۱ :قَدْ وَسَّخْتُمُوْهَاجِدًّافَهِيَ بِحَاجَةٍ إِلَى الْغَسْلِ.	۲: آپ لوگوں نے اسے بہت گندا کر دیا ہے اسے دھونا پڑے گا۔

۲ :مَعْذِرَةً يَاسَيِّدِيْ! إِنَّهَا تَوَسَّخَتْ مِنْ خِلَالِ خِيَاطَتِهَا لِخَلَلٍ فِي الْمَاكِيْنَةِ.	۲:معذرت جناب! یہ سلائی کے دوران مشین کی خرابی کیوجہ سے گندے ہوگئے۔
۱ :اَلْخِيَاطَةُ لَا بَأْسَ بِهَا إِلَّا أَنَّ الْقَمِيْصَ فَضْفَاضٌ.	۱:سلائی میں کوئی نقص نہیں مگر قمیص کھلی ہے۔
۲ :إِذَاغَسَلْتَهُ مَرَّةً فَإِنَّهُ سَيُنَاسِبُكَ تَمَامًا.	۲:ایک دفعہ دھونے کے بعد آپکے جسم پرفٹ ہوجائے گی۔

۱ :يَاأَخِيْ! لَقَدْ زِدْتَ طُوْلَ الْقَمِيْصِ بُوْصَتَيْنِ.	۱:بھائی صاحب! آپ نے قمیص کی لمبائی دوانچ بڑھادی ہے۔
۲ :لَمْ أَزِدْ وَلَوْ بُوْصَةً هَا هُوَالْمِقْيَاسُ مُسَجَّلٌ عِنْدِيْ.	۲:میں نے ایک انچ بھی نہیں بڑھایا ہے یہ رہاناپ میرے پاس لکھا ہوا ہے۔

۱ :يَاأَخِيْ!عَلَيْكَ أَنْ تَتَأَكَّدَ مِنَ الْمَقَاسِ كَيْ لَا نَخْتَلِفَ بَعْدَ ذٰلِكَ.	۱:بھائی صاحب! ناپ اچھی طرح سے لیں تا کہ بعد میں جھگڑا نہ ہو۔
۲ :لَا تَقْلَقْ يَاسَيِّدِيْ! لَدَيَّ خِبْرَةٌ فِيْ أَخْذِ الْمَقَايِيْسِ.	۲:جناب! پریشان ہونے کی ضرورت نہیں مجھے ناپ لینے میں تجربہ ہے۔

۱ :يَاأَخِيْ! لَقَدْ أَمَرْتُكَ أَنْ تَجْعَلَ الْخِيَاطَةَ مُضَاعَفَةً وَلٰكِنَّكَ لَمْ تَفْعَلْ.	۱:بھائی صاحب! میں نے آپ کو اسکی ڈبل سلائی کرنے کو کہا تھا لیکن آپ نے نہیں کی۔
۲ :مَعْذِرَةً يَاسَيِّدِيْ ! رُبَّمَانَسِيْنَاهُ لِكَثْرَةِ الْعَمَلِ.	۲:معاف کیجئے گا جناب! ہوسکتا ہے کام کی زیادتی کیوجہ سے ہم بھول گئے ہوں۔

١ :يَاأَخِيْ! مَاأَ تْقَنْتَ خِيَاطَةَ الثَّوْبَيْنِ اللَّذَيْنِ خِطْتَهُمَاقَبْلَ شَهْرٍ.	١: بھائی! تم نے ایک مہینہ پہلے جو دوسوٹ سیے تھے اسکی سلائی اچھی نہیں کی تھی۔
٢ :لَا تَقْلَقْ هٰذِهِ الْمَرَّةَ سَيُثْلَجُ صَدْرُكَ بِخِيَاطَتِيْ إِنْشَاءَ اللّٰهُ!	٢: اس دفعہ پریشان مت ہوں ، انشاء اللہ! آپکا دل سلائی سے خوش ہو جائے گا۔
١ :يَاأَخِيْ!لَا يَتَنَاسَقُ لَوْنُ الْخَيْطِ مَعَ لَوْنِ الْقُمَاشِ.	١: بھائی جان! دھاگہ کا رنگ کپڑے سے میل نہیں کھا رہا۔
٢ :عَفْوًايَاسَيِّدِيْ!هٰذِهِ مُوْضَةٌ حَدِيْثَةٌ.	٢: معاف کیجئے گا جناب! یہ نیا فیشن ہے۔
١ :يَاأَخِيْ! لَمْ تَخِطْهُ مُطَابِقًا لِمَقَاسِيْ.	١: بھائی! یہ تم نے میرے ناپ کے مطابق نہیں سیا ہے۔
٢ :إِنَّالِلّٰهِ! اِلْتَبَسَتْ عَلَيَّ الْأَلْوَانُ لَيْسَ لَكَ هٰذَا الثَّوْبُ.	٢: انا للہ! مجھے رنگوں میں غلط فہمی ہو گئی ہے یہ آپ کے کپڑے نہیں ہیں۔
١ :وَاللّٰهِ يَاأَخِيْ!لَقَدْ أَضَعْتَ عَلَيَّ ثَوْبِيْ مَاأَقْبَحَ هٰذِهِ الْخِيَاطَةَ !	١: بخدا! تم نے میرا کپڑا ضائع کر دیا یہ کتنی بیکار سلائی ہے!
٢ :مَعْذِرَةً يَاسَيِّدِيْ!مَاالَّذِيْ لَمْ يُعْجِبْكَ فِيْ هٰذِهِ الْخِيَاطَةِ ؟	٢: معاف کرنا جناب! آپ کو اس سلائی میں کیا چیز اچھی نہیں لگی؟
١ :عَلٰى مَاأَرٰى قَدْ أَخْطَأْتَ فِي الْمَقَاسِ لِذٰلِكَ الْقَمِيْصُ غَيْرُ مُوَافِقٍ لَهُ.	١: جہاں تک میرا خیال ہے تم نے ناپ میں غلطی کی ہے تب ہی قمیص اس کے موافق نہیں ہے۔

حِوَارٌ بَيْنَ الْاَبِ وَالْاِبْنِ

(والداور بیٹے کے درمیان گفتگو)

١: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ يَاأَبِيْ !	١: السلام علیکم ورحمۃ اللہ ابو جان!
٢: وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ يَابُنَيَّ! مَاالَّذِيْ أَخَّرَكَ الْيَوْمَ؟	٢: وعلیکم السلام بیٹے! آج تم لیٹ کیوں ہو گئے ہو؟
١: لَقَدْ اِنْفَجَرَ إِطَارُ سَيَّارَةِ الْمَدْرَسَةِ فِيْ مُنْتَصَفِ الطَّرِيْقِ فَأَخَّرَنَا تَغْيِيْرُهُ.	١: آج آدھے راستہ میں مدرسہ کی گاڑی کا ٹائر پنکچر ہو گیا تو اسکو تبدیل کرنے میں دیر ہو گئی۔
٢: أَظُنُّكَ لَا تَهْتَمُّ بِأَذْكَارِ السَّفَرِ يَابُنَيَّ !	٢: بیٹا! میرے خیال میں تم سفر کی دعاؤں کا اہتمام نہیں کرتے۔
١: عَفْوًا يَااَبِيْ! مَاشَغَلَنِيْ عَنْهَا الْيَوْمَ اِلَّا شِدَّةُ النُّعَاسِ وَ التَّعَبِ.	١: معاف کیجئے گا ابو جان! آج میں سخت تھکاوٹ اور نیند کیوجہ سے دعا نہ پڑھ سکا۔
٢: لِمَ! هَلْ نِمْتَ الْبَارِحَةَ مُتَأَخِّرًا؟	٢: کیوں! کیا کل رات دیر سے سوئے تھے؟
١: لَا، يَااَبِيْ بَكَّرْتُ فِي النَّوْمِ وَلٰكِنَّ الْحِصَصَ الْمُتَوَالِيَةَ أَرْهَقَتْنِيْ.	١: نہیں ابو جان میں جلدی سویا تھا لیکن مسلسل پیریڈ نے مجھے تھکا دیا تھا۔
٢: أَلَا يَتَخَلَّلُ الْحِصَصَ فُسْحَةٌ !	٢: کیا پیریڈز کے درمیان وقفہ نہیں ہوتا؟
١: نَعَمْ! هُوَ كَذٰلِكَ وَلٰكِنَّ الْيَوْمَ تَأَخَّرَ الْاُسْتَاذُ فِيْ إِطْلَاقِ سَرَاحِنَا.	١: وہ تو ہے لیکن آج ہمیں استاذ جی نے دیر سے چھوڑا تھا۔

٢ :طَيِّبٌ! كَيْفَ أَنْتَ وَ الدِّرَاسَةَ؟	٢:اچھا! تمہاری پڑھائی کیسی چل رہی ہے؟
ا : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ يَااَبِيْ! اَلدِّرَاسَةُ عَلٰى مَايُرَامُ، وَاسْتَدْعَاكُمْ غَدًا مُدِيْرُ الْمَدْرَسَةِ لِتَسْتَلِمُوْا نَتِيْجَةَ الْاِخْتِبَارِ.	ا:الحمد للہ! پڑھائی مناسب ہے، اور آپکو کل مدرسہ کے مہتمم صاحب نے امتحان کا نتیجہ لینے کیلئے بلایا ہے۔
٢: لَقَدْ أَرَدْتُ أَمْسِ أَنْ أُكَلِّمَهُمْ هَاتِفِيًّا وَ لٰكِنَّ الْمُكَالَمَةَ لَمْ تَتِمَّ.	٢:میں نے گزشتہ کل ان سے فون پر بات کرنے کا ارادہ کیا تھا لیکن کال نہیں لگ رہی تھی۔
ا :أَبِيْ! اِنْ حُزْتُ مَرْتَبَةَ الشَّرَفِ فَمَاذَا تَمْنَحُوْنَنِيْ فِيْ الْجَائِزَةِ؟	ا:ابو جان! اگر میں نے پوزیشن لی تو آپ مجھے انعام میں کیا دینگے؟
٢ :يَابُنَيَّ! اِنْ بَشَّرْتَنِيْ بِالشَّرَفِ فَلَكَ مَاتَشَاءُ.	٢: بیٹا! اگر تم نے مجھے پوزیشن کی خوشخبری سنائی تو تم جو چاہو گے ملے گا۔
ا :يَااَبِيْ! أَنَا عَلٰى يَقِيْنٍ جَازِمٍ مِنَ الشَّرَفِ سَأَنَالُ اِعْجَابَ الْجَمِيْعِ اِنْشَاءَ اللّٰهُ!	ا: ابو جان! مجھے پوزیشن کا پورا یقین ہے انشاءاللہ! میں سب کو خوش کرونگا۔
٢ :بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ وَرَزَقَكَ خَيْرَيِ الدُّنْيَاوَالْآخِرَةِ!	٢: اللہ تمہیں برکت دے اور دنیا اور آخرت کی بھلائی نصیب کرے!

٢: كَيْفَ أَخُوكَ الصَّغِيْرُ فِيْ الدِّرَاسَةِ هَلِ الْمُعَلِّمُوْنَ اِطْمَئَنُّوْا اِلَيْهِ أَمْ لَايَزَالُوْنَ يَشْكُوْنَ كَسَلَهُ ؟	٢: تمہارا چھوٹا بھائی پڑھائی میں کیسا ہے اساتذہ اس سے مطمئن ہو گئے ہیں یا اب تک اسکی سستی کی شکایت کر رہے ہیں؟
١ :لَقَدْ كَلَّمْتُ الْمُدِيْرَ فِيْ أَمْرِهٖ فَشَعَرْتُ بِالطُّمَانِيْنَةِ.	٢: میں نے مہتمم صاحب سے اسکے بارے میں بات کی ہے تو مجھے ان کی بات سے اطمنان محسوس ہوا۔
٢ :نَسْأَلُ اللّٰهَ لَهُ التَّيْسِيْرَ! سَأُرَافِقُكُمْ غَدًا اِلَى الْمَدْرَسَةِ اِنْشَاءَ اللّٰهُ .	٢: اللہ اسکے لیے آسانی کرے میں کل انشاءاللہ! تمہارے ساتھ مدرسہ چلوں گا۔
١ :عَفْوًا يَااَبِيْ! مَارَأْيُكُمْ لَوْ أَخَذْتُمْ مَعَكُمْ بَعْضَ الْهَدَايَا لِلْمُعَلِّمِيْنَ ؟	١: بے ادبی معاف ابو جان! کیا خیال ہے اگر آپ اپنے ساتھ استاذوں کے لیے کچھ ہدایا لے لیں؟
٢ : نَعَمْ يَابُنَيَّ بِكُلِّ بَهْجَةٍ وَسُرُوْرٍ اِنْشَاءَ اللّٰهُ !	٢: ہاں بیٹا انشاءاللہ بالکل خوشی سے!

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ الْأَبِ وَالِابْنِ

(والداور بیٹے سے متعلق سوالات وجوابات)

١ :مَاذَا عَنْ نَتِيْجَةِ الِاخْتِبَارِ؟ يَابُنَيَّ !	١: بیٹا! امتحان کے رزلٹ کا کیا ہوا؟
٢ :سَتُعْلَنُ النَّتَائِجُ غَدًا يَاأَبِي وَيَجِبُ أَنْ تُشَارِكُوْا فِيْهَا.	٢: ابو جان! رزلٹ کا اعلان کل ہوگا آپ کا اسمیں ہمارے ساتھ شریک ہونا ضروری ہے۔
١ :حَاضِرٌ يَابُنَيَّ! وَلٰكِنَّ كَثْرَةَ الْأَشْغَالِ رُبَّمَا لَاتَسْمَحُ لِيْ بِالذَّهَابِ.	١: ٹھیک ہے بیٹا! پر ہوسکتا ہے کہ مصروفیت کی زیادتی مجھے جانے کی اجازت نہ دے۔
٢ :لَا يَاأَبِيْ! حُضُوْرُكُمْ يُهِمُّنِيْ جِدًّا لِأَنَّ جَمِيْعَ زُمَلَائِيْ سَيَحْضُرُوْنَ مَعَ أَبَائِهِمْ.	٢: نہیں ابو جان! آپ کا شریک ہونا میرے لئے بہت اہم ہے کیونکہ میرے تمام ساتھی اپنے والدین کولیکر آئیں گے۔
١ :طَيِّبٌ! اِذَنْ أُؤَجِّلُ جَمِيْعَ أَشْغَالِيْ وَأَحْضُرُ مَعَكَ اِنْشَاءَ اللّٰهُ!	١: چلو ٹھیک ہے! تو میں سارے کام چھوڑ کر تمہارے ساتھ چلوں گا ان شاء اللہ!
١ :يَاسَعْدُ! اِنِّيْ لَمْ أَرَكَ فِي الصَّلَاةِ مَاالَّذِيْ أَخَّرَكَ عَنْ صَلَاةِ الْجَمَاعَةِ؟	١: سعد بیٹا! کیا بات ہے میں نے تمہیں نماز میں نہیں دیکھا جماعت کی نماز سے لیٹ کیوں ہوگئے؟
٢ :عَفْوًا يَاأَبِيْ! جَائَتْنِيْ مُكَالَمَةٌ مِنْ صَدِيْقِيْ فَانْشَغَلْتُ عَنِ الصَّلَاةِ.	٢: معاف کیجئے گا ابو جان! مجھے ایک دوست کی کال آگئی تو مجھے اسمیں مصروف ہوکر دیر ہوگئی۔

١: أَخْطَأْتَ يَا وَلَدِي ! كَانَ يَجِبُ عَلَيْكَ أَنْ تَنْصَحَ صَدِيْقَكَ أَنْ لَا يَتَّصِلَ بِكَ وَقْتَ الصَّلَاةِ.

١: بیٹا! آپ نے غلطی کی آپکو اپنے دوست سے کہنا چاہیئے تھا کہ وہ تمہیں نماز کے وقت فون نہ کرے۔

٢: مَا رَأْيُكُمْ يَا أَبِيْ! لَوْ تَأْخُذُوْنَنِي الْيَوْمَ مَعَكُمْ إِلٰى مَكْتَبِكُمْ؟

٢: ابو جان! کیا خیال ہے اگر آپ آج مجھے اپنے ساتھ دفتر لے چلیں؟

١: مُوَافِقٌ وَلٰكِنْ أَخَافُ عَلَيْكَ أَنْ تَسْأَمَ هُنَاكَ .

١: ٹھیک ہے لیکن مجھے اندیشہ ہے کہ وہاں تم بور ہو جاؤ گے۔

٢: مُسْتَحِيْلٌ يَا أَبِيْ أَنْ أَسْأَمَ وَأَنَا مَعَكُمْ.

٢: ناممکن ہے ابو! میں آپ کے ساتھ ہوں اور بور ہو جاؤں۔

٢: أَبِيْ! أَرَادَتْ مَدْرَسَتُنَا أَنْ تَقُوْمَ بِرِحْلَةٍ تَرْفِيْهِيَّةٍ إِلٰى شَاطِئِ الْبَحْرِ، وَهِيَ تُكَلِّفُ كُلَّ طَالِبٍ خَمْسَمِائَةِ رُوْبِيَّةٍ، هَلْ لِي أَنْ أُشَارِكَهُمْ فِيْهَا؟

٢: ابو جان! ہمارے مدرسہ والوں نے ساحل سمندر کی سیر کا ارادہ کیا ہے، اسکے لیے ہر طالب علم کو پانچ سو روپیہ دینے ہیں، تو کیا میں اس میں جا سکتا ہوں؟

١: بِكُلِّ بَهْجَةٍ يَا بُنَيَّ ! وَلٰكِنْ لَا بُدَّ أَنْ تَكُوْنَ حَذِرًا كُلَّ الْحَذَرِ لِأَنَّ الْبَحْرَ هَائِجٌ هٰذِهِ الْأَيَّامَ.

١: بالکل خوشی سے بیٹا! لیکن تمہیں سخت محتاط رہنا ہوگا کیونکہ ان دنوں سمندر پر جوش ہے۔

٢: شُكْرًا يَا أَبِيْ! عَلٰى هٰذِهِ النَّصِيْحَةِ سَأَتَنَبَّهُ إِنْشَاءَ اللّٰهُ!

٢: ابو جان اس نصیحت کا شکریہ! میں انشاء اللہ! اپنا خیال رکھوں گا۔

١:يَاسَلِيْمُ!لَاتَخْرُجْ مِنَ الْبَيْتِ بَعْدَ الْعِشَاءِ فَإِنَّ أَوْضَاعَ الْمَدِيْنَةِ مُضْطَرِبَةٌ هٰذِهِ الْأَيَّامَ.	١:سلیم!عشاء کے بعد گھر سے مت نکلا کرو کیونکہ ان دنوں شہر کے حالات خراب ہیں۔
٢:سَمْعًاوَطَاعَةً يَاأَبِيْ! فَلَاأَخْرُجَنَّ بَعْدَ الْيَوْمِ.	٢:بالکل ابو جان! آج کے بعد بالکل نہیں نکلوں گا۔

١:يَاسَلِيْمُ!عَلَيْكَ أَنْ تُرَاقِبَ أَخَاكَ الصَّغِيْرَ كَيْ لَايَتَهَاوَنَ فِي الدِّرَاسَةِ.	١:سلیم! تمہیں اپنے چھوٹے بھائی کی مدرسہ میں نگرانی کرنی چاہیے تاکہ پڑھائی میں غفلت نہ برتے۔
٢:أَبِيْ !كَمْ مَرَّةٍ نَصَحْتُهُ وَلٰكِنَّهُ لَايُصْغِيْ إِلٰى كَلَامِيْ.	٢:ابو! میں نے اسے کتنی مرتبہ سمجھایا ہے لیکن وہ میری بات پر کان دھرتا ہی نہیں۔
١ :إِذَنْ عَلَيْكَ أَنْ تَشْكُوَهُ إِلٰى أُسْتَاذِهِ لِيُنَبِّهَهُ عَلٰى ذٰلِكَ.	١:تو تم اسکی شکایت اسکے استاذ سے کرو تاکہ وہ اسے تنبیہ کریں۔

٢ :يَاأَبِيْ!طَالَمَا لَمْ تَأْخُذُوْنِيْ إِلٰى أَيِّ مُنْتَزَهٍ، وَقَدْ وَعَدْتُمُوْنِيْ مِرَارًا.	٢:ابو! کافی عرصہ سے آپ مجھے کسی تفریح گاہ نہیں لے گئے، حالانکہ آپ نے مجھ سے کئی بار وعدہ کیا ہے۔
١:أَنَا عَلٰى وَعْدِيْ يَابُنَيَّ! وَلٰكِنَّ الظُّرُوْفَ لَاتُسَاعِدُنِيْ.	١:بیٹا! میں وعدہ پر برقرار ہوں لیکن حالات ساتھ نہیں دے رہے۔

١: لِمَ أَهْمَلْتَ الدِّرَاسَةَ هٰذِهِ الْأَيَّامَ يَاوَلَدُ! هَا هِيَ نَتِيْجَتُكَ لِلاخْتِبَارِ.	١: لڑکے! تم ان دنوں پڑھائی میں لاپرواہی کیوں کررہے ہو یہ رہا تمہارے امتحان کا نتیجہ۔
٢: أَنَا آسِفٌ يَاأَبِيْ! وَلٰكِنِّيْ قَدْ بَذَلْتُ مَا كَانَ فِيْ وُسْعِيْ مِنَ الْمَجْهُوْدِ.	٢: ابو مجھے افسوس ہے! لیکن میں نے اپنی مکمل کوشش کی ہے۔

١: لَاتَجِدَنَّ مَصْرُوْفَ الْجَيْبِ بَعْدَ الْيَوْمِ حَتّٰى تَلْحَقَ بِإِخْوَتِكَ فِي الدِّرَاسَةِ.	١: آج کے بعد تمہیں جیب خرچ نہیں ملے گا یہاں تک کہ تم پڑھائی میں اپنے بھائیوں کے برابر ہو جاؤ۔
٢: أَرْجُوْكُمْ يَاأَبِيْ! لَا تَمْنَعُوْا مَصْرُوْفَ الْجَيْبِ فَأَنَاأَعِدُكُمْ سَأَسْبِقُ جَمِيْعَ إِخْوَتِيْ فِي الْاِخْتِبَارِ الْقَادِمِ.	٢: برائے مہربانی ابو! جیب خرچ بند نہ کریں میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ آنے والے امتحان میں اپنے سارے بھائیوں سے آگے ہوں گا

٢: يَاأَبِيْ! غَدًا آخِرُ يَوْمٍ لِتَسْلِيْمِ الرُّسُوْمِ فِي الْمَدْرَسَةِ.	١: ابو! کل مدرسہ میں فیس جمع کرانے کا آخری دن ہے۔
١: إِنَّا لِلّٰهِ! هَلَّا ذَكَّرْتَنِيْ أَمْسِ عِنْدَ مَا أَخَذْتُكَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ؟	٢: إِنَّا لِلّٰهِ! کل جب میں تمہیں مدرسہ لے گیا تو تم نے مجھے یاد کیوں نہیں دلایا؟

حِوَارٌ بَيْنَ الْإِبْنِ وَالْأُمِّ

(والدہ اور بیٹے کے درمیان گفتگو)

١ :اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ يَاأُمِّيْ!	١:السلام علیکم ورحمۃ اللہ امی جان!
٢ :وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ خَيْرَمَقْدَمٍ يَابُنَيَّ!	٢:وعلیکم السلام خوش آمدید بیٹا!

١ :مِنْ فَضْلِكِ يَاأُمِّيْ ! أَنَاجَائِعٌ غَايَةَ الْجُوْعِ فَهَلْ لَكِ أَنْ تُحْضِرِيْ الطَّعَامَ الْآنَ؟	١:امی ! مجھے سخت بھوک لگی ہے کیا آپ ابھی کھانا تیار کرسکتی ہیں؟
٢ :مَالَكَ يَابُنَيَّ! تَطْلُبُ الطَّعَامَ وَأَنْتَ لَمْ تُغَيِّرِ الْمَلَابِسَ.	٢:بیٹا کیا بات ہے کھانا طلب کررہے ہو حالانکہ تم نے کپڑے بھی تبدیل نہیں کیے ہیں۔

١ :عَفْوًا يَاأُمَّاهُ!أُبَدِّلُ الْمَلَابِسَ رَيْثَمَا تُحْضِرِيْنَ الطَّعَامَ.	١:معاف کیجیے گا امی جان! جتنی دیر میں آپ کھانا لائیں میں کپڑے تبدیل کر لیتا ہوں ۔
٢ :إِخْوَتُكَ عَلٰى وَشْكِ الْوُصُوْلِ ، اِنْتَظِرْهُمْ قَلِيْلًا لِتَتَنَاوَلُوْاالطَّعَامَ جَمِيْعًا.	٢:تمہارے بھائی آنے والے ہیں،انکا تھوڑا سا انتظار کرلو تا کہ ایک ساتھ کھانا کھالو۔

١ :حَاضِرٌ يَاأُمِّيْ!وَلٰكِنْ أَيْنَ مَلَابِسِيْ الْمَكْوِيَّةُ؟	١:جی ہاں امی جان! لیکن میرے استری شدہ کپڑے کہاں ہیں؟
٢ : أَلَمْ تَجِدْهَا فِيْ الدُّوْلَابِ لَقَدْ وَضَعْتُهَافِيْهِ.	٢: کیا تمہیں الماری میں نہیں ملے میں نے اس میں رکھے ہیں۔

١ :شُكْرًا يَاأُمِّيْ! وَجَدْتُهَا.	١:شکریہ امی جان! مل گئے۔
٢ :عَامِر!اُنْظُرْ مَنْ فِي الْبَابِ لَعَلَّ إِخْوَتَكَ وَصَلُوْا.	٢:عامر! بیٹا ذرا دروازے پر دیکھنا کون ہے شاید تمہارے بھائی پہنچ گئے۔

١ :مَاوَصَلُوْا يَاأُمِّيْ! وَأَنَا سَأَ تَأَخَّرُ عَنِ الدُّرُوْسِ الْخُصُوْصِيَّةِ.	١:امی جان! وہ نہیں پہنچے میں ٹیوشن سے لیٹ ہوجاؤں گا۔
٢ :حَفِظَهُمُ اللّٰهُ! تَأَخَّرُوْا الْيَوْمَ.	٢:اللہ انکی حفاظت کرے آج وہ لیٹ ہوگئے۔

١ :لَا تَقْلَقِيْ سَيَصِلُوْنَ إِنْشَاءَ اللّٰهُ!	١:پریشان مت ہوں وہ انشاءاللہ پہنچ جائینگے۔
٢ :طَيِّبٌ!حَضَرَ الطَّعَامُ فَاغْسِلْ يَدَيْكَ وَابْدَأْ فِيْ تَنَاوُلِهِ.	٢:ٹھیک ہے! کھانا تیار ہے ہاتھ دھوکے کھانا شروع کرو۔

١ :شُكْرًا يَاأُمِّيْ!عَلٰى عِنَايَتِكِ بِيْ.	١:امی جان! میرا خیال رکھنے کا شکریہ۔
٢ :وَلَدِيْ !لَقَدْ خَرَجْتَ صَبَاحًا إِلَى الْمَدْرَسَةِ وَلَمْ تُسَلِّمْ عَلٰى اَبِيْكَ.	٢:بیٹا!تم صبح مدرسہ چلے گئے اور تم نے اپنے ابو کو سلام نہیں کیا۔

١ :عَفْوًا يَاأُمَّاهُ!كُنْتُ مُسْتَعْجِلًا لِأَنَّ سَيَّارَةَ الْمَدْرَسَةِ كَانَتْ فِيْ اِنْتِظَارِيْ.	١:معاف کیجئے گا امی جان! میں جلدی میں تھا کیونکہ مدرسہ کی گاڑی میرے انتظار میں کھڑی تھی۔
٢ :هَا هُوَ مَصْرُوْفُ جَيْبِكَ قَدْ نَسِيْتَهُ كَذٰلِكَ.	٢:یہ رہا تمہارا جیب خرچ اسے بھی تم صبح بھول گئے تھے۔

١ :أُكَرِّرُ عُذْرِي لَكِ وَأَقُوْلُ أَنْتِ أَفْضَلُ أُمٍّ.	١:میں دوبارہ معذرت چاہتا ہوں امی جان! آپ سب سے اچھی والدہ ہیں۔
٢ :حَسَنًا إِذَا انْتَهَيْتَ مِنَ الطَّعَامِ فَخُذِ الْأَوَانِي مَعَكَ إِلَى الْمَطْبَخِ.	٢:ٹھیک ہے جب کھانا کھا چکے تو برتن باورچی خانہ لے جانا۔

١ :حَاضِرٌ يَا أُمِّي !وَهَا أَنَا قَدْ فَرَغْتُ.	١:جی امی جان! لیجئے میں فارغ ہوگیا۔
٢ :تَنَاوَلْ يَابُنَيَّ !فَلَمْ تَأْكُلْ إِلَّا قَلِيْلًا.	٢:بیٹا! کھاؤ تم نے بہت تھوڑا کھایا ہے۔

١ :لَا،قَدْ شَبِعْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ!طَيِّبْ يَا أُمِّي! أَنَا أَذْهَبُ.	١:نہیں الحمد للہ میرا پیٹ بھر گیا ر میں سیر ہوگیا ٹھیک ہے امی جان! میں چلتا ہوں۔
٢ :اِحْذَرْ أَنْ تَنْسَى شَيْئًا.	٢:خیال کرو کوئی چیز بھول نہ جاؤ۔

١ :شُكْرًا أُمِّي الْحَبِيْبَةُ !مَا نَسِيْتُ شَيْئًا.السلام عليكم!	١:شکریہ! امی جان کوئی چیز نہیں بھولا، السلام علیکم!
٢ :وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ رَافَقَتْكَ السَّلَامَةُ!	٢:وعلیکم السلام! سلامت رہو!

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ بَيْنَ الْأُمِّ وَالْاِبْنِ

(ماں اور بیٹے سے متعلق سوالات وجوابات)

۱: يَاسَلِيْمُ! مَاشَأْنُ أَخِيْكَ الصَّغِيْرِ يَبْكِيْ، عَلِّلْهُ فَأَنَا مُشْتَغِلَةٌ بِتَحْضِيْرِ الطَّعَامِ.

۱: سلیم! تمہارے چھوٹے بھائی کو کیا ہوا وہ رو رہا ہے، اسکو بہلاؤ میں کھانا تیار کرنے میں مصروف ہوں۔

۲: حَاضِرٌ يَاأُمِّيْ! وَلٰكِنِّيْ لَمْ أَسْمَعْ صَوْتَ بُكَاءِهٖ هُوَ نَائِمٌ.

۲: جی امی جان! لیکن میں نے اسکے رونے کی آواز نہیں سنی وہ تو سو رہا ہے۔

۱: يَالَزِيْكَ الْمُتَسِخِ! هَلْ كُنْتَ تَتَمَرَّغُ فِي التُّرَابِ؟

۱: اوہ تمہارا یونیفارم کتنا گندا ہے! کیا تم مٹی میں لوٹ پوٹ ہو رہے تھے؟

۲: عَفْوًا أُمِّيْ! كُنْتُ أَعْدُوْفِي الطَّرِيْقِ فَعَثَرْتُ وَسَقَطْتُ عَلَى الْأَرْضِ.

۲: معاف کیجئے گا! میں راستہ میں دوڑ رہا تھا پس مجھے ٹھوکر لگی اور گر گیا۔

۱: يَاسَلِيْمُ! خُذْ هٰذَاالْجَوَّالَ وَنَاوِلْهُ أَبَاكَ فَقَدْ نَسِيَهُ، أَسْرِعْ لِتُدْرِكَهُ قَبْلَ رُكُوْبِهِ السَّيَّارَةَ.

۱: سلیم! یہ موبائل لو اور اپنے ابو کو دے دو وہ بھول گئے ہیں، جلدی کرو تا کہ تم انہیں گاڑی میں بیٹھنے سے پہلے پالو۔

۲: حَاضِرٌ يَاأُمِّيْ! سَأَطِيْرُ إِلَيْهِ لَنْ يَفُوْتَنِيْ إِنْشَاءَ اللّٰهُ!

۲: جی امی! میں انکے پاس دوڑتا ہوا جاؤنگا انشاءاللہ! مجھ سے ہرگز نہیں نکلیں گے۔

١ :سَلِيمْ!لَوعَرَفَ أَبُوكَ أَنَّكَ تَخْرُجُ لَيلًا لَعَاقَبَكَ عِقَابًاشَدِيْدًا.	ا:سلیم!اگرتمہارے ابوکو پتہ چل گیا کہ تم رات کو نکلتے ہوتو وہ تمہیں بہت سخت سزا دینگے۔
٢ :سَامِحِيْنِي يَاأُمِّيْ! لَاأَخْرُجُ إِلَّا لِشُغْلٍ مُهِمٍّ،وَأَرْجِعُ فِيْ بِضْعِ دَقَائِقَ إنشاء اللّٰهُ!	٢:امی جان مجھے معاف کردیں !میں ضروری کام کیوجہ سے ہی نکل رہا ہوں ،اور چند منٹوں میں ہی لوٹ آ ؤنگا۔

١ :ياأُمَّاهُ !أَنَاوَأَصْدِقَائِي نَقُوْمُ بِرِحْلَةٍ إِلى الْجِبَالِ فَوَدِدْتُ لَوْ تَشْفَعِيْنَ لِيْ عِنْدَالْوَالِدِ حَتَّى يُوَافِقَ.	ا:امی جان! ہم دوستوں نے پہاڑیوں کیطرف سیر کا ارادہ کیا ہے میں چاہتاہوں کہ آپ ابو سے میری سفارش کریں تا کہ وہ اجازت دیدیں۔
٢ :مَتٰى أَرَدْتُمُ الْخُرُوْجَ؟	٢:تم کب جاؤ گے؟

١ :قَرَّرْنَايَوْمَ الْجُمُعَةِ الْمُقْبِلَ لِلْخُرُوْجِ، فَلَمْ يَبْقَ إِلَّا يَوْمَانِ.	ا:ہم نے جانے کیلئے آنے والے جمعہ کا دن طے کیا ہے صرف دودن رہ گئے ہیں۔
٢ :أَنَا سَأُكَلِّمُهُمُ الْيُوْمَ وَلٰكِنِّيْ لَا أَضْمَنُ لَكَ مُوَافَقَتَهُمْ حَتْمًا.	٢:میں آج ان سے بات کرلوں گی لیکن میں حتمی طور پر انکی اجازت کی گارنٹی نہیں دیتی۔

١ :أُمِّيْ! أَنَاذَاهِبٌ إِلى الْمَدْرَسَةِ السلام عليكم!	ا:امی!میں مدرسہ جارہاہوں۔السلام علیکم!
٢ :رَافَقَتْكَ السَّلَامَةُ يَابُنَيَّ!خُذْحِذْرَكَ فِيْ الطَّرِيْقِ.	٢:سلامت رہو بیٹا! راستہ میں احتیاط کرنا۔

حِوَارٌ بَيْنَ الْأَخَوَيْنِ

(دو بھائیوں کے درمیان گفتگو)

۱ :اِسْتَيْقِظْ يَاعامرُ!حَانَ وَقْتُ الصَّلَاةِ وَقَدْ نَبَّهَنَاوَالِدُ نا مَرَّةً عَلَى التَّكَاسُلِ. ۱:عامر! جاگ جاؤ نماز کا وقت ہوگیا ہے ابو نے ہمیں سستی کرنے پر ایک دفعہ تنبیہ بھی کی ہے۔

۲ :تُوْقِظُنِيْ وَأَنْتَ مُتَمَدِّدٌ عَلَى الْفِرَاشِ. ۲:تم مجھے جگا رہے ہو اور خود بستر پر ٹانگیں پھیلا رکھی ہیں۔

۱ :طَيِّبٌ!إِذَاسَأَلَنِيْ وَالِدِيْ عَنْكَ فَسَأُخْبِرُهُ بِإِصْرَارِكَ عَلَى الْكَسَلِ. ۱:ٹھیک ہے! اگر ابو نے تمہارے بارے میں پوچھا تو میں انہیں تمہارے سست رہنے کو بتاؤنگا۔

۲ :عَفْوًا يَاأَخِيْ! أُدَاعِبُكَ لَا تَحْمِلْ كَلَامِيْ عَلَى الْجِدِّ/لَاتَأْخُذْ كَلَامِيْ بِالْجِدِّ. ۲:معاف کرنا بھائی! میں تو تم سے مذاق کر رہا ہوں میری بات کو سنجیدگی سے مت لو۔

۱ :هَيَّاأَسْرِعْ إِلَى الْمَسْجِدِوَإِلَّافَاتَتْكَ الْجَمَاعَةُ. ۱:چلو جلدی کرو ورنہ جماعت فوت ہو جائے گی۔

بَعْدَ الصَّلَاةِ (نماز کے بعد)

۱ :يَاعَامِرُ!إِذَاانْتَهَيْتَ مِنَ الْأَذْكَارِ فَخُذْ مَعَكَ الْحَلِيْبَ إِلَى الْبَيْتِ. ۱:عامر! جب تسبیحات سے فارغ ہو جاؤ تو اپنے ساتھ گھر دودھ لیتے جانا۔

٢ :مَالَکَ يَاابْنَ أَمِّي!دَائِمًا تُلْقِي أَعْبَائَکَ عَلٰی عَاتِقِي وَأَنْتَ فِي مِثْلِ عُمْرِي،وَلَسْتَ أَكْبَرَ مِنِّي.	٢:بھائی کیا بات ہے!تم ہمیشہ اپنے سارے بوجھ میرے کندھے پر ڈال دیتے ہو جبکہ تم میرے ہم عمر ہو،جبکہ تم مجھ سے بڑے نہیں ہو۔
١ :يَاأَخِي! عَلَيَّ أُمُوْرُ الْبَيْتِ وَلَمْ آمُرْکَ بِشَيْءٍ بَلِ الْأَمْرُ مِنَ الْوَالِدِ.	١:بھائی!میرے ذمہ گھر کے دوسرے کام ہیں اور میں نے تمہیں کسی کام کا حکم نہیں دیا بلکہ ابو نے دیا ہے۔
٢ : طَيِّبٌ!كَمْ لِتْرًا مِنَ الْحَلِيْبِ؟	٢:ٹھیک ہے! کتنا دودھ؟
١ :اِشْتَرِ لِتْرَيْنِ .	١:دو لیٹر لے لو۔
٢ :يَاسَلِيْمُ!اَنَحْنُ عَلٰی وَشَکِ الْإِجَازَةِ الصَّيْفِيَّةِ فَمَارَأْيُکَ لَوْنُكَلِّمُ الْوَالِدَفِي رِحْلَةٍ إِلٰی مري لِفَتْرَةٍ قَصِيْرَةٍ؟	٢:سلیم!ہماری گرمی کی چھٹیاں قریب ہیں تو کیا خیال ہے اگر ہم ابو سے مختصر سے عرصہ کیلئے مری سیر سپاٹے کی بات کریں؟
١ : مُوَافِقٌ! لٰكِنْ أَيُّنَا يُبَادِرُهُ بِالْكَلَامِ؟	١:ٹھیک ہے! لیکن ہم میں سے بات کرنے میں پہل کون کرے گا؟
٢ :لَابَأْسَ !نُكَلِّمُهُ مَعًاوَسَيَرْضَوْنَ إِنْشَاءَ اللّٰهُ!	٢:کوئی بات نہیں ایک ساتھ ان سے بات کریں گے انشاءاللہ!راضی ہو جائیں گے۔

١ :يَاأَخِيْ! هُنَاكَ اِخْتِبَارٌ قَبْلَ الْإِجَازَةِ لَابُدَّأَنْ نَكُوْنَ مُتَفَوِّقِيْنَ فِيْهِ وَإِلَّا نُحْبَسُ فِي الْبَيْتِ طُوْلَ الْإِجَازَةِ.	١: بھائی! چھٹیوں سے پہلے امتحان ہے اس میں اچھے نمبروں سے پاس ہونا بھی ضروری ہے ورنہ ساری چھٹی گھر میں قید ہو جائیں گے۔
٢ :صَحِيْحٌ!وَلٰكِنْ قَدْ لَاحَ لِيْ حَلٌّ آخَرُ لِهٰذِهِ الْعُقْدَةِ.	٢: صحیح ہے! لیکن مجھے اس مشکل کا ایک اور حل بھی دکھائی دے رہا ہے۔
١ :مَاهُوَ ؟	١: وہ کیا؟
٢ :عَلَيْنَا أَنْ نُحَاوِلَ أَوَّلًا إِرْضَاءَ الْأُمِّ فَإِذَا رَضِيَتْ فَهِيَ سَتُرْضِيْ الْوَالِدَ كَذٰلِكَ.	٢: ہمیں چاہئے کہ پہلے ہم امی کو راضی کرنے کی کوشش کریں اگر وہ راضی ہو گئیں تو وہ ابو کو بھی راضی کرلیں گی۔
١ :مَاأَحْسَنَ هٰذَاالْحَلَّ،وَمَاأَسْهَلَهُ!وَلٰكِنْ كُلُّ هٰذِهِ الْحُلُوْلِ بَعْدَ نَجَاحِنَا فِي الْاِخْتِبَارِ.	١: کیا بہترین اور آسان آئیڈیا ہے! لیکن یہ سب کچھ ہماری امتحان میں کامیابی کے بعد ہوگا۔
٢ :لَابَأْسَ سَنَسْتَنْفِدُ جَمِيْعَ قُوَانَافِيْ حِفْظِ الدُّرُوْسِ حَتّٰى نَكُوْنَ مِنَ الْمُتَفَوِّقِيْنَ فِي الْاِخْتِبَارِ.	٢: کوئی بات نہیں اسباق یاد کرنے میں تمام تر کوششیں صرف کردیں گے تاکہ ہم اچھے نمبروں سے امتحان میں پاس ہو جائیں۔
١ :أَسْرِعْ يَاأَخِيْ! لَقَدْ تَأَخَّرْنَا عَنِ الْمَدْرَسَةِ وَإِلَّا نُخْرَجُ مِنَ الْفَصْلِ.	١: جلدی کرو ہم اسکول سے لیٹ ہو گئے ورنہ تو کلاس سے نکالے جائیں گے۔

٢ :عَلٰى مَاأَرىٰ لَقَدْ فَاتَتْنَاسَيَّارَةُ الْمَدْرَسَةِ فَكَيْفَ سَنَذْهَبُ الْآنَ؟
٢:میرے خیال میں اسکول وین سے ہم رہ گئی ہے اب کیسے جائیں گے؟

١ :نَصْحَبُ الْوَالِدَ فِيْ سَيَّارَتِهِ فَيُنْزِلُنَا فِي الطَّرِيْقِ قَرِيْبًا مِنَ الْمَدْرَسَةِ.
١: ابو کے ساتھ انکی گاڑی میں چلتے ہیں وہ ہمیں راستے میں اسکول کے قریب اتار دیں گے۔

٢ :هَيَّاإِذَنْ !كَيْ نُخْبِرَ الْوَالِدَ.
٢:تو آؤ ! ابوکو بتادیتے ہیں۔

١ :أَبِيْ! لَقَدْ فَاتَتْنَا سَيَّارَةُ الْمَدْرَسَةِ الْيَوْمَ فَإِنَّنَالَمْ نَشْعُرْ بِمَجِيْئِهَا.
١:ابو! آج ہم سے اسکول وین چھوٹ گئی ہمیں اسکے آنے کا پتہ نہیں چلا۔

اَلْوَالِدُ: اِرْكَبَا سَيَّارَتِيْ وَ لَاتُشَغِّلَا هَا قَبْلَ وُصُوْلِيْ ،سَأَصِلُ فِيْ دَقِيْقَةٍ
والد: دونوں گاڑی میں بیٹھ جاؤ میرے آنے سے پہلے اسٹارٹ مت کرنا میں ایک منٹ میں آرہا ہوں۔

١ :شُكْرًايَاأَبِيْ! نَحْنُ فِي انْتِظَارِكَ.
١:شکریہ ابو جان! ہم آپ کا انتظار کررہے ہیں۔

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ بَيْنَ الْأَخَوَيْنِ

(دو بھائیوں کے درمیان سوالات وجوابات)

۱: أَسْرِعْ يَاسَلِيْمُ! وَإِلَّا أَذْهَبُ وَحْدِيْ لَقَدْ أَخَّرْتَنِيْ.	۱: سلیم! جلدی کرو ورنہ میں اکیلے چلے جاؤں گا تم نے مجھے لیٹ کروادیا۔
۲: يَاأَخِيْ! عَلَيْكَ أَنْ تَتَحَلّٰى بِالصَّبْرِ فَإِنَّ الْوَقْتَ مُتَّسَعٌ.	۲: بھائی! کچھ صبر کرو، ابھی کافی وقت ہے۔

۱: لَاتُؤْذِيْنِيْ وَإِلَّا أَشْكُوْكَ إِلٰى اَبِيْ.	۱: مجھے پریشان مت کرو، ورنہ ابو کو شکایت کردوں گا۔
۲: اِتَّئِدْ يَاأَخِيْ! مَاأَرَدْتُ إِلّا أَنْ أَسْئَلَكَ عَنْ قَلَنْسُوَتِيْ.	۲: خیال سے بھائی! میں تو صرف تم سے اپنی ٹوپی کے بارے میں پوچھ رہا تھا۔

۱: يَاسَلِيْمُ! أَيْنَ كُنْتَ كَانَ الْوَالِدُ يَسْئَلُنِيْ عَنْكَ.	۱: سلیم تم کہاں تھے ابو مجھ سے تمہارا پوچھ رہے تھے۔
۲: يَاأَخِيْ! أَلَمْ أُخْبِرْكَ بِأَنِّيْ أَذْهَبُ إِلٰى صَدِيْقِيْ كَاشِف، مَاذَاكَانَ يُرِيْدُ مِنِّيْ؟	۲: بھائی میں نے تمہیں بتایا نہیں تھا کہ میں اپنے دوست کاشف کے پاس جارہا ہوں، مجھ سے کیا کام تھا؟
۱: عَفْوًا! نَسِيْتُ، أَرٰى أَنَّهُ كَانَ يُرِيْدُ أَنْ يُرْسِلَكَ إِلَى السُّوْقِ.	۱: معذرت! میں بھول گیا، میرے خیال میں وہ تمہیں بازار بھیجنا چاہ رہے تھے۔

۱: وَاللّٰهِ يَاأَخِي! حَذَّرْتُكَ مِرَارًا وَ لٰكِنَّكَ أَخِيْرًا فَعَلْتَ بِحَاسُوْبِي مَا كُنْتُ أَخَافُهُ.	۱: بخدا بھائی! میں نے تمہیں کئی بار منع کیا لیکن آخر کار تم نے میرے کمپیوٹر کے ساتھ وہی کیا جسکا مجھے ڈر تھا۔
۲: يَاأَخِي! شَغَّلْتُ حَاسُوْبَكَ قَبْلَ خَمْسِ دَقَائِقَ وَلَمْ أَتَوَغَّلْ فِي بَرَامِجِهِ.	۲: بھائی! میں نے تمہارا کمپیوٹر پانچ منٹ پہلے اسٹارٹ کیا ہے میں اسکے پروگراموں میں نہیں گیا۔

۱: يَاسَلِيْمُ! لَقَدْ أَعْطَاكَ الْوَالِدُ مَصْرُوْفَ جَيْبِي فَأَعْطِنِيْهِ.	۱: سلیم! تمہیں ابو نے میری جیب خرچی دی ہے وہ مجھے دے دو۔
۲: لَيْسَتْ لَدَيَّ فَكَّةٌ الْآنَ سَأُعْطِيْكَ بَعْدَ صَرْفِهَا.	۲: میرے پاس ابھی کھلے نہیں ہے میں کھلا کر کے دے دونگا۔
۱: أَنَا بِحَاجَةٍ إِلَيْهَا الْآنَ أَعْطِنِي لِأَصْرِفَهَا وَأَرُدَّ لَكَ الْبَاقِي.	۱: مجھے ابھی اسکی ضرورت ہے لاؤ میں کھلا کرا کے تمہیں باقی واپس کر دیتا ہوں۔

۱: يَاسَلِيْمُ! أَلَا تَحْفَظُ الْيَوْمَ دُرُوْسَكَ وَقَدْ عَاتَبَكَ الْمُعَلِّمُ.	۱: سلیم! کیا آج تم اپنا سبق یاد نہیں کر رہے حالانکہ تمہیں استاذ جی کی ڈانٹ پڑی ہے۔
۲: شُكْرًا عَلٰى نَصِيْحَتِكَ! قَدْ حَفِظْتُ جَمِيْعَ الدُّرُوْسِ حِفْظًا مُتْقَنًا.	۲: تمہاری نصیحت کرنے کا شکریہ! میں نے سارے اسباق اچھی طرح سے یاد کر لئے ہیں۔

۱ :يَاسَلِيْمُ!عَلَيْكَ بِطَاعَتِي كَمَا أَمَرَكَ الْأَبُ وَ إِلَّا أُعِيْدُ الشِّكَايَةَ إِلَيْهِ.	۱: سلیم ! تم میرا کہنا مانو جیسا کہ ابو نے تم سے کہا ہے، ورنہ میں انہیں دوبارہ شکایت کردونگا۔
۲ :لَوْلَا أَنْ أَمَرَنِي اَبِي بِطَاعَتِكَ لَرَأَيْتَ مِنِّي مَا أَبْكَاكَ أَيُّهَاالنَّمَّامُ!	۲: اگر ابو تمہارا کہنا ماننے کا مجھے نہ کہتے تو میں تمہیں رلا دیتا چغل خور!

۱ :لَقَدْ كَثُرَتْ مُشَاجَرَاتُكَ يَاسَلِيْمُ!لَأَشْكُوَنَّكَ الْآنَ إِلَى اَبِيْنَا.	۱: سلیم ! تم زیادہ لڑائیاں کرنے لگے ہو، اب میں ضرور تمہاری شکایت ابو سے کرونگا۔
۲ :يَاأَخِي! عَلَيْكَ بِالتَّحْقِيْقِ أَوَّلًا، لَمْ أَتَعَرَّضْ لِأَيِّ أَحَدٍ بَعْدُ، إِنَّماالْإِزْعَاجُ مِنْهُمْ.	۲: بھائی! پہلے تمہیں تحقیق کرنی چاہئے میں نے اب تک کسی کو کچھ نہیں کہا بلکہ وہ مجھے تنگ کرتے ہیں۔

۱ :يَاسَلِيْمُ!لَاتُزْعِجْنِي بِمُرَاقَبَتِكَ إِيَّايَ فَأَنَا أَقْصِدُ صَدِيْقًا لِيْ.	۱: سلیم! میری نگرانی کرکے مجھے تنگ مت کرو میں اپنے ایک دوست کے ہاں جا رہوں۔
۲ :أَنَا أُرَافِقُكَ إِلَيْهِ أَيْضًا.	۲: میں بھی تمہارے ساتھ اسکے ہاں جاؤنگا۔

۱ :يَاأَخِي! لِمَ تَرْتَدِي حِذَائِي فَقَدْ وَسَّعْتَهُ.	۱: بھائی! تم میرے جوتے کیوں پہنتے ہو تم نے وہ کھلے کردیے۔
۲ :يَاأَخِي!لَمْ أَرْتَدِهِ إِلَّا مَرَّةً وَاحِدَةً.	۲: بھائی! میں نے صرف ایک مرتبہ پہنے ہیں۔

عربی	اردو
١ :يَاسَلِيْمُ ! كَمْ مَرَّةٍ قُلْتُ لَكَ إِذَا اسْتَعْمَلْتَ شَاحِنِي فَضَعْهُ فِي مَحَلِّهِ بَعْدَ أَنْ تَقْضِيَ حَاجَتَكَ مِنْهُ.	١:سلیم! میں نے تم سے کتنی مرتبہ کہا ہے کہ میرا چارجر استعمال کرنے کے بعد اپنی جگہ پر رکھ دیا کرو۔
٢ : عَفْوًا ! أَرَدْتُ أَنْ أَرُدَّهُ إِلٰى مَكَانِهِ لٰكِنَّكَ سَبَقْتَنِي إِلَيْهِ.	٢:معاف کرنا! میں اسے جگہ پر رکھ رہا تھا لیکن تم پہل کر گئے۔

عربی	اردو
١ :عَفْوًا يَاسَلِيْمُ! اِذْهَبْ إِلَى الْمَخْبِزِ وَاجْلُبْ بَعْضَ الْخُبْزِ.	١:معذرت کے ساتھ سلیم! تنور جا کر کچھ روٹیاں لے آؤ۔
٢ :لِمَ لَاتَذْهَبُ بِنَفْسِكَ، وَأَنْتَ فَارِغٌ.	٢:تم خود کیوں نہیں جا رہے ، حالانکہ تم فارغ ہو۔
١ :يَاأَخِيْ! أَنَا عَلَيَّ وَاجِبَاتُ الْمَدْرَسَةِ لَسْتُ فَارِغًا وَإِلَّا لَذَهَبْتُ بِنَفْسِي.	١:بھائی ! میرے ذمہ مدرسہ کا م ہیں میں فارغ نہیں ہوں ورنہ خود چلا جاتا۔

عربی	اردو
١ :يَاسَلِيْمُ ! إِذَاسَئَلَكَ أَبِيْ عَنِّيْ فَأَخْبِرْهُ أَنِّيْ ذَهَبْتُ إِلٰى بَيْتِ عُمَرَ.	١:سلیم! اگر ابو تم سے میرے بارے میں پوچھیں تو انکو بتادینا کہ میں عمر کے گھر گیا ہوں۔
٢ :طَيِّبٌ! أُخْبِرُهُمْ إِذَاسَئَلُوْنِيْ وَلٰكِنِّيْ أَرَاهُمْ يَغْضَبُوْنَ عَلَيْكَ.	٢:ٹھیک ہے! پوچھیں گے تو بتادونگا لیکن میرے خیال میں وہ تم پر غصہ ہونگے۔

حِوَارٌ حَوْلَ الْكِرِيْكِيْت (لِلْمُسْتَوٰی الْأَوَّلِ)

کرکٹ سے متعلق گفتگو (لیول:۱)

۱: يَاسَلِيْمُ! هَلْ شَاهَدْتَ/تَفَرَّجْتَ مُبَارَاةَ كريكيت أَمْسِ؟	۱: سلیم! کیاتم نے کل کرکٹ میچ دیکھا؟
۲: نَعَمْ! شَاهَدْتُهَا مُبَاشَرَةً.	۲: جی ہاں! میں نے براہ راست دیکھا۔
۱: مَنْ فَازَ؟	۱: کون جیتا؟
۲: فَازَتْ لاهور.	۲: لاہور کی ٹیم نے جیت لیا۔
۱: أَيُّهُمَا ضَرَبَ الْكُرَةَ أَوَّلًا؟	۱: پہلے کس نے بیٹنگ کی؟
۲: سَمَحَ فَرِيْقُ لاهور بِضَرْبِ الْكُرَةِ لِملتان بَعْدَ أَنْ فَازَ بِالْقُرْعَةِ.	۲: لاہور کی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے ملتان کو بیٹنگ کی دعوت دی۔
۱: كَمْ نُقْطَةً تَحَصَّلَتْ ملتان؟	۱: ملتان کی ٹیم نے کتنے رنز بنائے؟
۲: تَحَصَّلَ فُرِيْقُ ملتان عَلٰى مِائَتَيْنِ وَثَلاثِيْنَ نُقْطَةً بَعْدَ أَنْ خَسِرَ ثَمَانِيَةَ ضَارِبِيْنَ.	۲: ملتان کی ٹیم نے آٹھ وکٹوں کے نقصان پر 230 دوسوتیس رنز بنائے۔

١ :مَنْ هُوَ أَكْثَرُ نِقَاطٍ فِيْ فَرِيْقِ ملتان؟	١:ملتان کی ٹیم میں سب سے زیادہ اسکور کس نے بنایا؟
٢ :اجمل أَكْثَرُنِقَاطٍ فِيهِمْ حَيْثُ تَحَصَّلَ عَلٰى خَمْسٍ وَّ ثَمَانِيْنَ نُقْطَةً.	٢:اجمل نے سب سے زیادہ 85 پچاسی رنز بنائے۔

١ :مَنْ هُوَأَكْثَرُفَوْزًا بِالْأَهْدَافِ فِيْ فَرِيْقِ لاهور؟	١:لاہور کی ٹیم میں سب سے زیادہ وکٹیں کس نے لی؟
٢ :عَامرأَكْثَرُ فَوْزًابِالْأَهْدَافِ حَيْثُ أَخْرَجَ أَرْبَعَةَ لَاعِبِيْنَ.	٢:لاہور کی ٹیم میں عامر نے سب سے زیادہ چار وکٹیں لیں۔

١ :فِيْ كَمْ جَوْلَةً أَكْمَلَ فَرِيْقُ لاهور النِّقَاطَ؟	١:لاہور کی ٹیم نے کتنے اوورز میں اسکور مکمل کیے؟
٢ :سَجَّلَ فَرِيْقُ لاهورفِي الجَوْلَةِ الْأَخِيْرَةِ جَمِيْعَ النِّقَاطِ بَعْدَأَنْ خَسِرَ خَمْسَةَ ضَارِبِيْنَ.	٢:لاہور کی ٹیم نے آخری اوور میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر اسکور مکمل کرلیا۔

١ :مَنْ هُوَأَكْثَرُ تَسْجِيْلًا لِلنِّقَاطِ فِيْ فَرِيْقِ لاهور؟	١: لاہور کی ٹیم میں سب سے زیادہ اسکور کس نے کیے؟
٢ :سَجَّلَ كاشف مِائَةَ نُقْطَةٍ ثُمَّ خَرَجَ.	٢: کاشف سنچری بنا کے آؤٹ ہوگیا۔

١ :مَنْ كَانَ رَجُلَ الْمُبَارَاةِ؟	١:مین آف دی میچ کون بنا؟
٢ : كاشف كَانَ رَجُلَ الْمُبَارَاةِ.	٢: کاشف مین آف دی میچ بنا۔

١ : هَلِ السَّاحَةُ كَانَتْ مُكْتَظَّةً بِالْمُشَجِّعِيْنَ/بِالْمُتفرِّجِيْنَ؟	١: کیا میدان تماشائیوں سے بھرا ہوا تھا؟
٢ :بِالْفِعْلِ! اَلسَّاحَةُ كَانَتْ مُمْتَلِئَةً تَمَامًا.	٢: بالکل! میدان مکمل بھرا ہوا تھا۔

١ :أَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ يَتَبَارَيَانِ الْيَوْمَ؟	١: آج کن دو ٹیموں کا مقابلہ ہے؟
٢ :مُبَارَاةُ الْيَوْمِ بَيْنَ كراتشي وَفيصل آباد.	٢: آج کا میچ کراچی اور فیصل آباد کے درمیان ہے۔

حِوَارٌ حَوْلَ الْكِرِيْكِيْت (لِلْمُسْتَوىٰ الثَّانِيْ)

کرکٹ سے متعلق گفتگو (لیول:۲)

ا :مَـارَأْيُـكُمْ يَاإِخْوَةُ ! لَوْنَلْعَبُ الْآنَ لُعْبَةَ الْكِرِيكِيت؟	ا: بھائیو! کیا خیال ہے اگر آج کرکٹ کھیل لیں؟
۲ :يَاأَخِيْ! نَحْنُ الْجَمِيْعُ اِثْنَاعَشَرَ لَاعِبًا بَيْـنَمَا الْفَرِيْقُ فِي الْكِرِيكِيت يَتَكَوَّنُ بِأَحَدَ عَشَرَ لَاعِبًا.	۲: بھائی! ہم سب بارہ ہیں جبکہ کرکٹ میں ایک ٹیم گیارہ افراد پر مشتمل ہوتی ہے۔
ا : يَاأَخَانَا ! لَا نُرِيْدُ أَنْ نَقُوْمَ بِمُبَارَاةِ الْكَأْسِ الْعَالَمِيِّ.	ا: بھائی! ہم کوئی ورلڈ کپ میچ نہیں کھیلنا چاہ رہے۔
۲ :حَسَنًا!قُمْ بِتَشْكِيْلِ الْفَرِيْقَيْنِ.	۲: ٹھیک ہے! دو ٹیمیں بنالو۔
ا :اَلْأَمْـرُ بَسِيْطٌ جِدًّا،هٰؤُلَاءِ السِّتَّةُ فِيْ فَرِيْقٍ وَهٰؤُلَاءِ فِيْ آخَرَ.	ا: بہت آسان سی بات ہے یہ چھ ایک ٹیم میں اور یہ دوسری ٹیم میں۔
۲ :يَاسَلِيْمُ! أَلْعَبُ هٰذِهِ اللُّعْبَةَ أَوَّلَ مَرَّةٍ مُنْذُ وَلَدَتْنِيْ أُمِّيْ فَعَلَيْكَ أَنْ تُرْشِدَنِيْ.	۲: سلیم! میں زندگی میں پہلی مرتبہ کرکٹ کھیل رہا ہوں تم نے ہی میری رہنمائی کرنی ہے۔
ا :لَا تَقْلَقْ ،أَنْـتَ فِيْ فَرِيْقِنَا فَمَا عَلَيْكَ إِلَّا أَنْ تَأْتَمِرَ بِمَا تُؤْمَرُ.	ا: پریشان مت ہو تم ہماری ٹیم میں ہو تم وہی کرنا جو تم سے کہا جائے۔

رَئِيسُ الْفَرِيقِ الْأَوَّلِ: مَنْ سَيَكُونُ رَئِيسًا عَلَيْكُمْ؟ پہلی ٹیم کا کیپٹن: تمہارا کیپٹن کون ہوگا؟

اَلْفَرِيقُ الثَّانِي: عُمَرُ سَيَكُونُ رَئِيسًا عَلَيْنَا. دوسری ٹیم: عمر ہمارا کیپٹن ہوگا۔

رَئِيسُ الْفَرِيقِ الْأَوَّلِ: هَيَّايَاعُمَرُ! نَقْتَرِعُ. پہلی ٹیم کا کیپٹن: آؤ عمر! ٹاس کرتے ہیں۔

رَئِيسُ الْفَرِيقُ الثَّانِي: نَحْنُ فُزْنَا بِالْقُرْعَةِ فَلْنَبْدَأْ بِضَرْبِ الْكُرَةِ. دوسری ٹیم کا کیپٹن: ہم ٹاس جیت گئے پہلے ہم بیٹنگ کرتے ہیں۔

رَئِيسُ الْفَرِيقِ الثَّانِي: فَلْيَكُنِ الضَّارِبُ الْأَوَّلُ اسماعِيلَ وَغَيْرُ الضَّارِبِ عثمان. دوسری ٹیم کا کیپٹن: اسماعیل اوپنر ہوگا اور عثمان ون ڈاؤن ہوگا۔

عثمان: سَأُدْهِشُ الْيَوْمَ خَصْمَنَا بِضَرْبَاتِي. عثمان: آج میں اپنی بیٹنگ سے مدمقابل ٹیم کے ہوش اڑا دونگا۔

رَئِيسُ الْفَرِيقِ الثَّانِي: ياعثمانُ! لَا تَسْتَعْجِلْ فِي تَسْجِيلِ النِّقَاطِ فَإِنَّ الْمُبَارَاةَ لِعَشْرِ جَوْلَاتٍ. کیپٹن.2: عثمان! رنز بنانے میں جلدی مت کرنا کیونکہ میچ دس اوورز کا ہے۔

رَئِيسُ الفريقِ الأولِ: لِلْأَسَفِ يَاإِخْوَةُ! فَازَ فَرِيقُهُمْ بِالْقُرْعَةِ وَأَخَذَ بِدَايَةَ الضَّرْبِ. کیپٹن 1: افسوس بھائیو! انکی ٹیم نے ٹاس جیت کر بیٹنگ لے لی

اَلْفَرِيْقُ 1: قُمْ بِتَوْزِيْعِ أَعْضَاءِ الْفَرِيْقِ يَارَئِيْسُ!	ٹیم 1: کیپٹن صاحب! ٹیم کے کھلاڑیوں کو فلڈنگ کیلئے ترتیب دو۔
اَلرَّئِيْسُ 1: كُنْ حَارِسًا يَاعَامِرُ! وَإِيَّاكَ أَنْ تَتَكَاسَلَ فِيْ تَلَقُّفِ الْكُرَاتِ.	کیپٹن 1: عامر! تم کیپر بن جاؤ اور گیند پکڑنے میں سستی مت دکھانا۔
عامر: سَأَجْعَلُكَ الْيَوْمَ تَعْجَبُ مِنْ مَهَارَتِيْ يَارَئِيْسُ!	عامر: کیپٹن صاحب! آج میں آپکو اپنی مہارت سے تعجب میں ڈال دونگا۔
اَلرَّئِيْسُ 1: وَأَنْتَ يَاعمران! قُمْ بِجَنْبِ الْحَارِسِ وَ أُرِيْدُكَ أَنْشَطَ مِمَّا أَنْتَ عَلَيْهِ الْآنَ.	کیپٹن 1: عمران! تم سلپ پر کھڑے ہوجاؤ اور میں تمہیں اس سے زیادہ چست دیکھنا چاہتا ہوں۔
عمران: سَأَكُوْنُ عِنْدَ حُسْنِ ظَنِّكَ يَارَئِيْسُ!	عمران: کیپٹن صاحب میں آپ کے حسن ظن پر پورا اتر ونگا۔
اَلرَّئِيْسُ 1: وَأَنْتُمَا تَقُوْمَانِ بِحُدُوْدِ السَّاحَةِ وَإِيَّاكُمَا أَنْ تَنْفَلِتَ الْكُرَةُ مِنْكُمَا.	کیپٹن 1: تم دونوں کو باؤنڈری پر کھڑا ہونا ہے اور خیال کرنا کہ گیند تم سے چھوٹنے نہ پائے۔
اَللَّاعِبَانِ: حَاضِرٌ يَا كَابتن!	دونوں کھلاڑی: حاضر جناب کیپٹن صاحب۔
اَلرَّئِيْسُ 1: وَأَنْتَ يَاخَالِدُ! اِسْتَبْدَأْ بِالْجَوْلَةِ الْأُوْلٰى فَبَاغِتْهُمُ الْيَوْمَ بِرَمْيَاتِكَ السَّرِيْعَةِ.	کیپٹن 1: خالد! تم پہلا اوور کراؤ اور اپنی تیز گیندوں سے انکے ہوش اڑادو۔

بَدَأَتِ الْمُبَارَاةُ (میچ شروع ہوگیا)

اَلرَّئِيسُ 2: مَرْحَامَرْحَايَااسماعيل ! فَقَدْ أَحْرَزْتَ أَرْبَعَ نِقَاطٍ عَلٰى الرَّمْيَةِ الْأُوْلٰى. کیپٹن 2: شاباش شاباش اسماعیل! تم نے تو پہلی ہی گیند پر چوکا ماردیا۔

اَلرَّئِيسُ 1 : يَـاخالدُ ! غَيِّرْ جِهَتَکَ وَارْمِهَابِقُوَّةٍ. کیپٹن 1: خالد !سائیڈ چینج کرو اور تیز گیند کراؤ۔

اسماعيل: هَيَّاعثمان ! اِجْرِ فَالْكُرَةُ بَعِيْدَةٌ. اسماعیل: آؤ عثمان دوڑو! گیند دور ہے۔

خالد: خَارِجٌ / قَدْ أَخْرَجْتُهُ. خالد: آؤٹ ہے/میں نے آؤٹ کردیا۔

اَلْحَكَمُ: غَيْرُ خَارِجٍ ! / لَمْ تُخْرِجْهُ فَقَدْ وَصَلَ إِلٰى الْخَطِّ قَبْلَ إِصَابَةِ الْكُرَةِ بِالْهَدَفِ. امپائر: ناٹ آؤٹ ! گیند وکٹ پر لگنے سے پہلے وہ کرس میں پہنچ گیا۔

اَلرَّئِيسُ 1: يَـاخَالدُ! لَاتَرْمِ الْكُرَةَ بِدُوْنِ اِرْتِطَامِهَا عَلٰى الْأَرْضِ فَعَلَيْکَ أَنْ تَرْمِيَهَا قَرِيْبًا مِنَ الضَّارِبِ. کیپٹن 1: خالد ! فل ٹاس گیند مت کراؤ، بیٹس مین کے قریب گیند کو ٹپکادو۔

اَلْحَكَمُ: اِنْتَهٰى الشَّوْطُ الْأَوَّلُ. امپائر! پہلی اننگ ختم ہوگئی۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ (نئے الفاظ)

سَاحَةٌ	میدان	حَارِسُ االْهَدَفِ	وکٹ کیپر
حُدُوْدُ السَّاحَةِ	باؤنڈری	مُدَافِعٌ	فلڈر
مُسْتَطِيْلٌ/مَرْكَضٌ	پچ	كَابتن/رَئِيْسُ الْفَرِيْقِ	کیپٹن
حَشِيْشٌ	گھاس	ضَرْبُ الْكُرَاتِ	بیٹنگ
هَدَفٌ/مَرْمًى	وکٹ	رَمْيُ الْكُرَاتِ	بالنگ
جِذْعٌ	گلی	اَلضَّارِبُ الْأَوَّلُ	اوپنر
مِضْرَبٌ	بیٹ	غَيْرُ الضَّارِب	ون ڈاؤن
حِذَاءُ الرِّيَاضَةِ	بوٹ	نُقْطَةٌ/قَطْعُ الْمَسَافَةِ	رن
مَدَارِجُ السَّاحَةِ	گراؤنڈ کی سیڑھیاں	سِتُّ نِقَاطٍ	چھکا
حَكَمٌ	امپائر	أَرْبَعُ نِقَاطٍ	چوکا
مُرَاقِبُ خَطٍّ	لیگ امپائر	رَمْيَةٌ خَارِجَ الْحُدُوْدِ	وائڈ بال
مُسَاعِدُ حَكَمٍ	//	رَمْيَةٌ فَاشِلَةٌ/خَاطِئَةٌ	نو بال
حَكَمٌ ثَالِثٌ	تھرڈ امپائر	رَمْيَةٌ مَيِّتَةٌ	ڈیڈھ بال
جَوْلَةٌ	اوور	رَمْيَةٌ دَوَّارَةٌ	سونگ بال
شَوْطٌ/دَوْرٌ	اننگ	رَمْيَةٌ سَرِيْعَةٌ/خَاطِفَةٌ	فاسٹ بال
اَلرَّامِي الْأَوَّلُ	اٹیک بولر	رَمْيَةٌ مُتَوَسِّطَةٌ	میڈیم فاسٹ بال

جَرْیٌ	دوڑ	خَارِجٌ	آؤٹ
خُوْذَةٌ/وَاقِيَةُ الرَّأْسِ	ہیلمٹ	وَاقِيَةُ سَاقٍ	پیڈ
قُفَّازٌ مَطَّاطِيٌّ	دستانے/گلف	اَلتَّلَقُّفُ/اَلْإِمْسَاكُ	کیچ کرنا
لَاعِبٌ اِحْتِيَاطِيٌّ	ایکسٹرا کھلاڑی	اَلنِّقَاطُ الْإِضَافِيَّةُ	ایکسٹرا اسکور
تَعَادُلُ الْفَرِيْقَيْنِ	ڈرا	اَلْفَوْزُ	جیتنا
فَرِيْقٌ فَائِزٌ	جیتنے والی ٹیم	اَلْهَزِيْمَةُ	شکست
فَرِيْقٌ خَاسِرٌ/مُنْهَزِمٌ	ہارنے والی ٹیم	مُبَارَاةٌ	میچ
تَصْفِيَاتٌ	ٹورنامنٹ	مُبَارَيَاتٌ دُوَلِيَّةٌ	انٹرنیشنل میچز
تَصْفِيَاتُ آسيا	ایشیاء ٹورنامنٹ	مُبَارَايَاتٌ مَحَلِيَّةٌ	مقامی مقابلے
مُبَارَاةُ الْكَأْسِ الْعَالَمِيِّ	ورلڈ کپ میچ	اَلْمُبَارَاةُ النِّهَائِيَّةُ	فائنل میچ
غَيْرُ مُؤَهَّلٍ	ان فٹ	بَذْلَةٌ	وردی
إِقْصَاءٌ ثلاثِيٌّ مُتَتَالٍ	ہیٹرک	مِائَةُ نُقْطَةٍ	سنچری
نِدَاءٌ/طَلَبٌ	اپیل	خَمْسُوْنَ نُقْطَةً	ففٹی
لَمْ يَخْرُجْ/غَيْرُ خَارِجٍ	ناٹ آؤٹ	خَطُّ الرَّمْيِ	بولنگ کریز
خَطُّ الضَّرْبِ	بیٹنگ کرس	خَطُّ التَّرَاجُعِ	//

اَلْمُبَارَاةُ النِّهَائِيَّةُ عَلَى الْكَأْسِ الْعَالَمِيِّ		ورلڈ کپ فائنل میچ	
لَاعِبُ الْجَانِبِ الْأَيْمَنِ	رائٹ ہینڈر	قَاذِفُ الْكُرَةِ	بولر
لَاعِبُ الْجَانِبِ الْأَيْسَرِ	لیفٹ ہینڈر		

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ لُعْبَةِ كريكيت

(کرکٹ میچ سے متعلق سوالات وجوابات)

۱: یاکاشف! لا تَلْعَبِ الْكُرَةَ خَارِجَ خَطِّ الضَّرْبِ.	۱: کاشف! کریز سے نکل کر گیند مت کھیلو۔
۲: كُنْتُ أُرِيْدُ ضَرْبَهَا قَبْلَ اِرْتِطَامِهَا بِالْأَرْضِ.	۲: میں اس کو ٹپا لگنے سے پہلے کھیلنا چاہ رہا تھا۔
۱: مَالَكَ يَاسَلِيْمُ! تَضْرِبُ الرَّمْيَةَ الْخَارِجَةَ مِنَ الْحُدُوْدِ.	۱: سلیم! تمہیں کیا ہوا وائڈ بال کھیل رہے ہو۔
۲: عَفْوًا يَارَئِيْسُ! ضَرَبْتُهَا خَطَأً.	۲: کیپٹن صاحب معاف کرنا! غلطی سے کھیل لیا۔
۱: لاتَجْرِ الْآنَ يَاسلمانُ! فَالْكُرَةُ بِجِوَارِيْ.	۱: سلمان! ابھی مت دوڑنا گیند میرے قریب میں ہے۔
۲: اُرْكُضْ يَاأَهْبَلُ! يُمْكِنُنِيْ أَنْ أَصِلَ إِلَى الْخَطِّ بِأَمَانٍ.	۲: بے وقوف! دوڑو میں کریز میں آرام سے پہنچ سکتا ہوں۔
اَلْحَكَمُ: كُرَةٌ فَاشِلَةٌ!	امپائر: نو بال!
اَلرَّامِيْ: يَاأَخِيْ! قَدَمَايَ كَانَتْ دَاخِلَ الْخَطِّ فَالرَّمْيَةُ لَيْسَتْ فَاشِلَةً.	بولر: بھائی! میرے دونوں پیر کریز میں تھے نو بال نہیں ہے۔

اَلْحَکَمُ: اُنْظُرْ إِلٰی ذٰلِکَ الْمُدَافِعِ فَهُوَ جَالِسٌ. امپائر: اس فلڈر کو دیکھو بیٹھا ہوا ہے۔

اَلرَّامِي: یَاهٰذَا مَالَکَ! جَلَسْتَ؟ بولر: ارے تمہیں کیا ہوا! بیٹھ گئے؟

اَلْمُدَافِعُ: عَفْوًا! أُصِبْتُ بِجُرْحٍ فِيْ قَدَمِي الْيُمْنٰی فَلا أَقْدِرُ عَلَی الْقِیَامِ. فلڈر: معاف کرنا! میرے دائیں پیر میں چوٹ لگ گئی میں کھڑا نہیں ہوسکتا۔

اَلرَّئِیْسُ: یَاسلیم! رَمْیَاتُکَ مَیْتَةٌ فَعَلَیْکَ أَنْ تَرْطُمَ الْکُرَةَ بِقُوَّةٍ. کیپٹن: سلیم! تم ڈیڈھ بال کرار ہے ہو گیند کو زور سے ٹپکا دو۔

سلیم: یَاأَخِيْ! کَمَا أَرٰی اِنْشَقَّتِ الْکُرَةُ. سلیم: بھائی! میرا خیال ہے گیند پھٹ گئی۔

اَلرَّئِیْسُ: اِرْمِ الْکُرَةَ دَوَّارَةً یَاسَلِیْمُ! کیپٹن: سلیم! سونگ بال کراؤ۔

سلیم: لا أُجِیْدُ رَمْیَةً دَوَّارَةً. سلیم: مجھے سونگ بال کرانا نہیں آتی۔

اَلرَّئِیْسُ: بِکَمْ جَوْلَةً قُمْتَ یا کاشفُ! کیپٹن: کاشف! تم نے کتنے اوورز کرائے ہیں؟

کاشف: بَقِیَتْ لِيْ جَوْلَةٌ فَقَطْ / تَمَّتْ جَوْلاتِيْ. کاشف: میرا صرف ایک اوور رہ گیا / میرے اوورز مکمل ہوگئے۔

اَلرَّئِیْسُ: یاسلمانُ! عَلَیْکَ أَنْ تُسَجِّلَ أَرْبَعَ نِقَاطٍ فَقَطْ. کیپٹن: سلمان! تم صرف چار رنز بنالو۔

سلمان: سَأُحَاوِلُ أَنْ أُحْرِزَ سِتَّ نِقَاطٍ عَلٰی رَمْیَةٍ وَاحِدَةٍ. سلمان: میں چھکا لگانے کی کوشش کرونگا۔

١ :مَاهِيَ النَّتِيْجَةُ الْآنَ؟	١:اب تک کیا رزلٹ ہے؟
٢ : أَصْبَحَتِ الْمُبَارَاةُ سَاخِنَةً يَاأَخِيْ! عَلٰى فِرِيْقِ الْخَصْمِ أَنْ يُسَجِّلَ سِتَّ نِقَاطٍ عَلٰى ثَلاثِ رَمْيَاتٍ فَقَطْ.	٢: بھائی! میچ بہت گرم ہوگیا ہے، مدمقابل ٹیم کو صرف تین بالوں پر چھ رنز بنانے ہیں۔
١ : كَمْ نُقْطَةً سَجَّلْتَ؟	١:تم نے کتنے رنز بنائے؟
٢ :يَاأَخِيْ! مِنْ سُوْءِ حَظِّيْ خَرَجْتُ الْيُوْمَ عَلٰى صفر.	٢:بھائی! بدقسمتی سے آج میں صفر پر آؤٹ ہوگیا۔
١ : كَمْ ضَارِبًا خَرَجَ حَتَّى الْآنَ؟	١:اب تک کتنے کھلاڑی آؤٹ ہوگئے؟
٢ :خَرَجَ ثَلاثَةُ لاعِبِيْنَ مُتَوَالِيْنَ.	٢: تین کھلاڑی لگاتار آؤٹ ہوگئے۔
١ :يَاأَخِيْ! كَمَاأَرىٰ فَرِيْقُنَا سَيُنْهَزِمُ الْيُوْمَ.	١:بھائی! میرا خیال ہے آج ہماری ٹیم ہار جائیگی۔
٢ :بِالْفِعْلِ! سَيَنَالُ هَزِيْمَةً سَاحِقَةً.	٢:بالکل! آج زبردست شکست کھائے گی۔
١ :هَلْ شَاهَدْتَ مُبَارَاةَ أَمْسِ؟	١: کیا تم نے کل کا میچ دیکھا؟
٢ .لا! لِمَنْ كَانَتِ الْمُبَارَاةُ ؟	٢:نہیں کس کا میچ تھا؟
١ : أَمَاعَلِمْتَ يَاأَخِيْ ! كَانَتْ بَيْنَ الْهِنْدِ وَبَاكستان.	١:بھائی تمہیں پتا نہیں! پاکستان اور انڈیا کے درمیان میچ تھا۔

٢ :أَيُّهُمَا فَازَتْ باكستان أَمْ الْهِنْدُ؟	٢:کون جیتا پاکستان یا انڈیا؟
ا :وَاللّٰهِ يَاأَخِيْ! لَقَدْ هَزَمَتْ باكستانُ الْهِنْدَ هَزِيْمَةً نَكْرَاءَ .	ا:بخدا بھائی! پاکستان نے انڈیا کو بہت سخت شکست دی ہے۔
٢ :مَاذَاعَنِ الْكَأْسِ الْعَالَمِيِّ مَنْ فَازَبِهَا؟	٢:ورلڈ کپ کا کیا ہوا کون جیتا؟
ا :غَدًا سَتَكُوْنُ الْمُبَارَاةُ النِّهَائِيَّةُ عَلَى الْكَأْسِ.	ا:کل ورلڈ کپ کا فائنل میچ ہوگا۔
اَلرَّئِيْسُ :يَاسلمانُ! أَمْسِكِ الْمِضْرَبَ بِقُوَّةٍ وَقُمْ بِإِزَاءِ الْهَدَفِ.	کیپٹن:سلمان! بیٹ مضبوطی سے پکڑو اور وکٹ کے سامنے کھڑے ہو جاؤ۔
سلمان:لَا تَخَفْ عَلَيَّ يَارَئِيْسُ! فَأَنَاأُجِيْدُ ضَرْبَ الْكُرَةِ.	سلمان:کیپٹن! فکر مت کرو میں بیٹنگ اچھی طرح کرسکتا ہوں۔
اَلرَّئِيْسُ 1 :أَحْسَنْتَ يَاسليمُ!فَقَدْ أَصَبْتَ الْهَدَفَ وَأَسْقَطْتَهُ .	کیپٹن ا:بہت اچھا سلیم !تم نے تو وکٹ ہی گرادی۔
اَلرَّئِيْسُ 2:أَمَاقُلْتُ لَكَ أَنِ احْذَرْ.	کیپٹن٢:میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ احتیاط کرو۔
سلمان: كُنْتُ حَذِرًاوَلٰكِنَّهُ رَاوَغَنِيْ بِتَغْيِيْرِ جِهَةِ الْكُرَةِ.	سلمان: میں محتاط تھا لیکن اس نے مجھے گگلی بال کرا کر فریب دیا۔

اَلرَّئِيسُ 1: اَلْكُرَةُ فِي الْهَوَاءِ مُتَّجِهَةٌ إِلَيْكَ يَا كَاشِف! تَلَقَّفْهَا.

کیپٹن ا: کاشف! گیند فضا میں تمہاری طرف آرہی ہے، کیچ کرو۔

كاشف: هَاأَنَاأَتَلَقَّفُ.

کاشف: میں کیچ کررہا ہوں۔

حِوَارٌ حَوْلَ الْحَاسُوبِ (لِلْمُسْتَوىٰ الْأَوَّلِ)

کمپیوٹر سے متعلق گفتگو (لیول:۱)

نبيل: السلام عليكم!

نبیل: السلام علیکم!

وقاص: وعليكم السلام! أَهْلًا بِأَخِينَا! كَيْفَ زُرْتَنَا الْيَوْمَ يَا أَخِي؟

وقاص: وعلیکم السلام! خوش آمدید! آج کیسے آنا ہوا؟

نبيل: يَا أَخِي! طَالَمَا أَرَدْتُ أَنْ أَتَعَلَّمَ الْحَاسُوبَ فَجِئْتُكَ الْيَوْمَ.

نبیل: بھائی! میرا کئی دنوں سے ارادہ تھا کہ کمپیوٹر سیکھوں، تو تمہارے پاس آگیا۔

وقاص: مَا أَحْسَنَ هٰذَا! وَلٰكِنْ يَجِبُ أَنْ تُوَاظِبَ.

وقاص: کیا ہی اچھی بات ہے! لیکن تمہیں پابندی سے آنا ہوگا۔

نبيل: سَأَكُونُ مُوَاظِبًا إِنْشَاءَ اللّٰهُ! فَمَا رَأْيُكَ لَوْ نَبْدَأُ مِنَ الْيَوْمِ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَدَيْكَ مَانِعٌ.

نبیل: انشاء اللہ! میں پابندی کرونگا کیا خیال ہے اگر تمہیں کوئی کام نہ ہو تو ابھی سے شروع کردیں۔

وقاص: جَمِيلٌ! لَا مَانِعَ عِنْدِي فَلْنَبْدَأْ الْآنَ.

وقاص: اچھا ہے! میرا کوئی کام نہیں ہے ابھی شروع کرتے ہیں۔

وقاص: اُنْظُرْ إِلٰى هٰذَا الزِّرِّ يَانبيلُ! يُسَمَّى زِرَّ التَّشْغِيلِ أَوْ زِرَّ الطَّاقَةِ وَبِهِ يَشْتَغِلُ الْحَاسُوْبُ.

وقاص: نبیل یہ بٹن دیکھو اس کو اسٹارٹ یا پاور بٹن کہتے ہیں اسی سے کمپیوٹر آن ہوتا ہے۔

نبیل: أَنَا أَعْلَمُ بِهٰذَا وَهٰذِهِ لَوْحَةُ الْمَفَاتِيْحِ وَهٰذِهِ شَاشَةٌ وَهٰذِهِ فَأْرَةٌ.

نبیل: یہ مجھے معلوم ہے اور یہ کی بورڈ ہے اور یہ مانیٹر ہے اور یہ ماؤس ہے۔

وقاص: أَرَاكَ خَبِيْرًا بِالْحَاسُوْبِ سَتَتَعَلَّمُ بِسُهُوْلَةٍ يَاأَخِيْ.

وقاص: لگتا ہے تمہیں کمپیوٹر کے بارے میں کافی معلومات ہیں تم با آسانی سیکھ جاؤ گے۔

نبيل: أَنَا عَلٰى يَقِيْنٍ إِنْشَاءَ اللّٰهُ!

نبیل: مجھے یقین ہے، انشاء اللہ!

وقاص: حَسَنًا! هَلْ تَعْرِفُ الْأَجْزَاءَ/ الْقِطَعَ الدَّاخِلِيَّةَ؟

وقاص: بہتر ہے! کیا تمہیں اس کی اندر کی چیزوں کے بارے میں معلومات ہے؟

نَبِيل: لَا أَعْرِفُ شَيْئًا، أَخْبِرْنِيْ.

نبیل: کچھ نہیں جانتا، تم بتاؤ۔

وقاص: أُخْبِرُكَ بِالْأَجْزَاءِ الْمُهِمَّةِ، مِنْهَا هٰذِهِ مِرْوَحَةٌ، وَمُهِمَّتُهَا تَبْرِيْدُ الْحَاسُوْبِ.

وقاص: میں تم کو اس میں سے اہم چیزیں بتا دیتا ہوں، یہ پنکھا ہے اور اس کا کام کمپیوٹر کو ٹھنڈا رکھنا ہے۔

وَهٰذِهِ لَوْحَةُ الْأُمِّ فَجَمِيْعُ الْأَجْزَاءِ فِيْهَا.

اور یہ مدر بورڈ ہے ساری چیزیں اسی میں ہیں۔

نبيل: وَمَاهٰذه البَطَّارِيَّةُ كَأَنَّهَالِلسَّاعَةِ؟	نبیل: اور یہ سیل کس چیز کا ہے گویا کہ گھڑی کا سیل ہے؟
وقاص: نَعَمْ! هٰذِه بَطَّارِيَّةٌ وَهِيَ لِسَاعَةِ الْحَاسُوْبِ.	وقاص: ہاں یہ سیل ہے اور یہ کمپیوٹر کی گھڑی کا ہے۔
نبيل: وَمَاهٰذِه الْعُلْبَةُ الصَّغِيْرَةُ كَأَنَّهَا مُحَرِّكُ الْأَقْرَاصِ.	نبیل: اور یہ چھوٹا سا ڈبا کیا ہے گویا کہ سی ڈی روم ہے۔
وقاص: لَا، إِنَّمَاهُوَمُحَرِّكُ الْأَقْرَاصِ الْمَرِنَةِ.	وقاص: نہیں! یہ فلوپی ڈرائیو ہے۔
نبيل: فَمَاهِيَ مُهِمَّتُهُ؟	نبیل: اس کا کیا کام ہے/یہ کس لئے ہے؟
وقاص: مُهِمَّتُهُ لَا تَخْتَلِفُ عَنْ مُهِمَّةِ مُحَرِّكِ الْأَقْرَاصِ إِلَّا أَنَّهُ أَصْبَحَ مَتْرُوْكَ الْإِسْتِعْمَالِ هٰذِه الْأَيَّامَ وَحَلَّتْ مَحَلَّهُ الذَّاكِرَةُ الْمَنْقُوْلَةُ.	وقاص: اس کا کام سی ڈی روم کا کام ہی ہے تاہم ان دنوں اس کا استعمال ختم ہو گیا ہے اوراس کی جگہ یو ایس بی آ گئی۔
نبيل: أَخْبِرْنِي لَوِ انْطَفَأَ الْحَاسُوْبُ بِانْقِطَاعِ الْكَهْرَبَاءِ فَهَلْ يَتَعَطَّلُ؟	نبیل: یہ بتائیے اگر کمپیوٹر بجلی کے چلے جانے سے بند ہو جائے، تو کیا خراب ہو جاتا ہے؟
وقاص: قَدْ يَتَعَطَّلُ.	وقاص: کبھی خراب ہو جاتا ہے۔

نبيـل: يَـاأَخِـيْ ! عَـلِّـمْـنِـيْ تَـحْـمِيلَ الْوِنْدُوْز فَقَدْ سَمِعْتُ أَنَّهُ أَمْرٌ صَعْبٌ.	نبیل: بھائی! مجھے ونڈوز انسٹال کرنا سکھادو میں نے سنا ہے کہ یہ مشکل کام ہے۔
وقاص: لايَاأَخِيْ! فَمَاأَسْهَلَ تَحْمِيْلَهُ يُمْكِنُنِيْ أَنْ أُعَلِّمَكَ فِيْ سَاعَةٍ فَقَطْ.	وقاص: نہیں بھائی! اس کا انسٹال کرنا بہت آسان ہے! میں تمہیں صرف ایک گھنٹے میں سکھا سکتا ہوں۔
نبيـل: مَـاعِـنْدِيْ وَقْتٌ الْآنَ سَأَتَعَلَّمُ إِنْشَاءَ اللّٰهُ! فِي الْمَرَّةِ الْمُقْبِلَةِ.	نبیل: ابھی تو میرے پاس وقت نہیں ہے اگلی دفعہ انشاءاللہ! سیکھوں گا۔
وقاص: طَيِّبٌ! كَمَابَدَالَكَ.	وقاص: اچھا! جیسے تمہاری مرضی ہو۔

حِوَارٌ حَوْلَ الْحَاسُوْبِ (لِلْمُسْتَوىٰ الثَّانِيْ)

کمپیوٹر سے متعلق گفتگو (لیول:۲)

١: خَيْرَ مَقْدَمٍ يَاسَلِيْمُ! أَيْنَ كُنْتَ طَالَمَا افْتَقَدْ نَاكَ وَلَمْ تُشَرِّفْنَا بِزِيَارَتِكَ.	١: خوش آمدید سلیم کہاں تھے! بہت عرصہ سے ہم آپکی کمی محسوس کرر ہے ہیں آپ نے اپنی زیارت نہیں کرائی۔
٢: وَاللّٰهِ يَاأَخِيْ! أَنَامُنْشَغِلٌ تَمَامًا هٰذِهِ الْأَيَّامَ.	٢: بخدا! میں ان دنوں انتہائی مصروف ہوں۔
١: أَسْأَلُ اللّٰهَ لَكَ التَّيْسِيْرَيَاأَخِيْ! طَالَمَا أَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِيَ حَاسُوْبًا وَلٰكِنْ لَمْ أَعْرِفْ مِنَ الْحَاسُوْبِ إِلَّا اِسْمَهُ.	١: اللہ تعالی آسانی فرمائے! کافی عرصہ سے میں نے کمپیوٹر خریدنے کا ارادہ کیا ہے لیکن میں صرف کمپیوٹر کا نام ہی جانتا ہوں۔
٢: إِذَنْ عَلَيْكَ أَنْ تَتَعَلَّمَ بَرَامِجَهُ الرَّئِيْسِيَّةَ أَوَّلًا.	٢: تو تم پہلے اسکے اہم پروگرام سیکھو۔
١: نِعْمَ الْكَلَامُ! وَلٰكِنْ مَنْ لِيْ بِهِ؟	١: کیا ہی اچھی بات ہے! لیکن کون سکھائے گا؟
٢: لَا أَعِدُكَ وَلٰكِنَّنِيْ سَأُحَاوِلُ إِنْشَاءَ اللّٰهُ.	٢: میں تم سے وعدہ تو نہیں کرتا لیکن انشاء اللہ! کوشش ضرور کرونگا۔
١: فَمَارَأْيُكَ إِذَنْ، لَوْ تُمَرِّنُنِيْ قَلِيْلًا عَلٰى هٰذَا الْحَاسُوْبِ؟	١: کیا خیال ہے اگر تم مجھے اس کمپیوٹر پر تھوڑی مشق کراؤ؟

٢: كَمَابَدَالَکَ فَأَنَا فِيْ خِدْمَتِکَ يَاأَخِيْ! ٢: جناب جیسے آپکی مرضی ہو میں آپ کا خادم ہوں۔

١: عَلَيْکَ اأَنْ تُعَلِّمَنِيْ أَوَّلًا أَسْمَاءَ أَجْزَاءِ الْحَاسُوْبِ. ١: سب سے پہلے تو تم مجھے کمپیوٹر کے پارٹس کے نام سکھاؤ۔

٢: طَيِّبٌ! هٰذَاهُوَ الْحَاسُوْبُ أَمَامَکَ فَهٰذَا الشَّيْءُ الَّذِيْ يَعْرِضُ لَکَ الصُّوَرَ شَاشَةُ الْحَاسُوْبِ وَمُهِمَّتُهُ عَرْضُ الصُّوَرِ. ٢: ٹھیک ہے! یہ رہا آپکے سامنے کمپیوٹر یہ چیز جو تصویریں پیش کررہا ہے اسکرین ہے اس کا کام تصویر دکھانا ہے۔

١: وَمَاهٰذِه اللَّوْحَةُ؟ ١: اور یہ بورڈ کیا چیز ہے؟

٢: أَحْسَنْتَ ! هٰذِه لَوْحَةُ الْمَفَاتِيْحِ لِتَتَحَكَّمَ بِهَا فِي الْحَاسُوْبِ . ٢: بہت اچھے! یہ کی بورڈ ہے اسکے ذریعے آپ کمپیوٹر کو کنٹرول کرینگے۔

١: وَكَيْفَ لِيْ إِذَاأَرَدْتُ تَشْغِيْلَهُ؟ ١: میں اس کو کیسے اسٹارٹ کرونگا؟

٢: عَلَيْکَ أَنْ تَضْغَطَ زِرَّ التَّشْغِيْلِ فَقَطْ. ٢: آپ صرف اسٹارٹ کا بٹن دبا ئینگے۔

١: أَيْنَ هٰذَاالزِّرُّ؟ ١: یہ بٹن کہاں ہے؟

٢: هٰذِه وَحْدَةُ الْعَمَلِيَّاتِ الْمَرْكَزِيَّةِ وَزِرُّ التَّشْغِيْلِ فِيْهَا. ٢: یہ سی پی یو ہے اور اسٹارٹ بٹن اسی میں ہے۔

١: وَكَيْفَ تُحَرِّکُ هٰذَاالسَّهْمَ/الْمُؤَشِّرَ؟ ١: اور آپ یہ تیر نشان کو کیسے ہلا رہے ہیں؟

٢ :أَمَا تَرىٰ فِي يَدِي شَيْئًا يُشْبِهُ الْفَأْرَةَ اِسْمُهُ الْفَأْرَةُ اللِّيْزَرِيَّةُ. ٢: کیا تم میرے ہاتھ میں چوہے جیسی چیز نہیں دیکھ رہے اس کا نام ماؤس ہے۔

ا : وَأَيْنَ نَضَعُ الْأَقْرَاصَ إِذَا أَرَدْنَا تَشْغِيْلَهَا؟ ا: اگر سی ڈی چلانا چاہیں تو اسے کہاں رکھیں گے؟

٢ :لِلْأَقْرَاصِ جِهَازُمُشَغِّلِ الْأَقْرَاصِ، هَا هُوَ فِي وَحْدَةِ الْعَمَلِيَّاتِ ،تَضْغَطُ زِرَّهُ فَيَنْفَتِحُ. ٢: سی ڈیوں کیلئے سی ڈی روم ہے، یہ رہا سی پی یو میں، اسکے بٹن کو آپ دبائینگے تو یہ کھل جائے گا۔

ا :مَاذَاعَلَيَّ إِذَاوَضَعْتُ الْقُرْصَ فِيْهِ؟ ا: اس میں سی ڈی رکھنے کے بعد کیا کرنا ہے؟

٢ : تُعِيْدُ ضَغْطَ زِرِّهِ وَتَفْتَحُ بَرَامِجَ الْقُرْصِ. ٢: آپ دوبارہ اسکے بٹن کو دبائینگے اور سی ڈی کے پروگرام کھول دینگے۔

ا :وَلٰكِنَّ الْمُشْكِلَةَ يَاأَخِي لَاأَعْرِفُ الْاِنْجِلِيْزِيَّةَ ا: مسئلہ یہ ہے کہ مجھے انگلش نہیں آتی۔

٢ :إِذَنْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُحَوِّلَ لُغَةَ حَاسُوْبِكَ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ. ٢: تو آپ اپنے کمپیوٹر کو عربی میں کر سکتے ہیں۔

ا :جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًايَاأَخِي!لَقَدْعَلَّمْتَنِي شَيْئًا كُنْتُ أَجْهَلُهُ. ا: جزاک اللہ بھائی! آپ نے مجھے وہ چیز سکھا دی جو میں نہیں جانتا تھا۔

٢ :سَتَتَعَلَّمُ أَكْثَرَ بَرَامِجِهِ فِي بِضْعَةِ أَيَّامٍ إِذَااشْتَرَيْتَهُ. ٢: اگر آپ خرید لیں تو اس کے اکثر پروگرام چند دنوں میں سیکھ جائیں گے۔

حِوَارٌ فِیْ مَحَلِّ الْحَاسُوْبِ

(کمپیوٹر کی دکان میں گفتگو)

ا :عَفْوًا ! أُرِيْدُ حَاسُوْبًا جَدِيْدًا.	ا: معاف کیجئے گا! میں ایک نیا کمپیوٹر خریدنا چاہتا ہوں۔
صَاحِبُ الْمَحَلِّ: عِنْدَنَاالْآنَ حَاسُوْبٌ بِتَقْنِيَّةٍ حَدِيْثَةٍ كورتو دو.	دکاندار: ہمارے پاس ابھی ایک نئی ٹیکنالوجی کورٹو ڈو موجود ہے۔
ا :أَمَاعِنْدَكُمْ بينتيم4 ؟	ا: کیا آپ کے پاس پینٹیم 4 نہیں ہے؟
صَاحِبُ الْمَحَل: بِالْفِعْلِ! عِنْدَنَاوَلٰكِنَّهُ تَقْنِيَّةٌ قَدِيْمَةٌ ،وَالْحَدِيْثَةُ هٰذِه.	دکاندار: بالکل! ہمارے پاس ہے لیکن وہ ٹیکنالوجی پرانی ہے، نئی یہ ہے۔
ا :طَيِّبٌ! مَاهِيَ مِيْزَاتُهُ ؟	ا: اچھا! اس میں کیا خصوصیت ہے؟
صَاحِبُ الْمَحَلِّ: يَاأَخِيْ! هٰذَاأَكْثَرُ سُرْعَةً مِنْ بينيتم فوروَبَرْنَامَجُهُ أَحْسَنُ.	دکاندار: بھائی اس کی اسپیڈ پینٹیم فور سے زیادہ ہے اور اس کے پروگرام زیادہ اچھے ہیں۔
ا :إِذَنْ قَدْيَكُوْنُ غَالِيًاجِدًّا.	ا: پھر تو یہ بہت مہنگا ہوگا۔
صَاحِبُ الْمَحَلِّ: طَبْعًا ! هُوَ كَذٰلِكَ.	دکاندار: بالکل! مہنگا تو ہے۔
ا :اَللَّوْحَةُ مِنْ أَيِّ شَرِكَةٍ فِيْهِ ؟	ا: اس میں مدر بورڈ کونسی کمپنی کا ہے؟

صَاحِبُ الْمَحَلِّ: هِيَ مِنْ شَرِكَةِ انتل، وَلَا تَسْخُنُ هٰذِهِ اللَّوْحَةُ أَبَدًا لِأَنَّهَا تَحْمِلُ مِرْوَحَتَيْنِ.	دکاندار: بورڈ انٹل کا ہے، اور یہ بورڈ کبھی گرم نہیں ہوتا کیونکہ اس میں دو پنکھے لگے ہوئے ہیں۔
ا: هَلْ فِيْهِ بِطَاقَةُ الْفِيْدِيوهَاتِ ؟	ا: کیا اس میں ویڈیو کارڈ ہے؟
صَاحِبُ الْمَحَلِّ: طَبْعًا! فِيْهِ بِالْإِضَافَةِ إِلٰى بِطَاقَةِ الصَّوْتِ الَّتِي تَجْعَلُ الْأَصْوَاتَ بِصُوْرَةٍ طَبِيْعِيَّةٍ.	دکاندار: بالکل! اس میں کارڈ ہے اس کے ساتھ ساتھ ساؤنڈ کارڈ بھی ہے جو آواز کو بالکل اصلی حالت میں کر دیتا ہے۔
ا: وَهَلْ يُمْكِنُنِي أَنْ أَسْتَعْمِلَهُ لِلُّعَبِ؟	ا: اور کیا میں اس میں گیم کھیل سکتا ہوں؟
٢: طَبْعًا يَاأَخِي! يُمْكِنُكَ أَنْ تَفْعَلَ كُلَّ شَيْءٍ إِلَّا أَنَّكَ تَحْتَاجُ إِلٰى بِطَاقَةِ الْفِيديوهاتِ لِلُّعَبِ.	٢: بالکل آپ سب کچھ کر سکتے ہیں مگر گیم کیلئے آپ کو ویڈیو کارڈ کی ضرورت پڑے گی۔
ا: وَأَنَابِحَاجَةٍ إِلٰى الشَّاشَةِ كَذٰلِكَ فَمَاذَاعَنْهَا؟	ا: مجھے ایل سی ڈی بھی چاہئے تو اس کے بارے میں کیا ہے؟
صَاحِبُ الْمَحَلِّ: يَاسَيِّدِي! أَ تُرِيْدُ الشَّاشَةَ الْمُسْتَوْرَدَةَ أَمِ الْمَحَلِّيَّةَ ؟	دکاندار: جناب آپ کو امپورٹڈ ایل سی ڈی چاہئے یا لوکل؟
ا: مَاالْفَرْقُ بَيْنَهُمَا ؟	ا: دونوں میں کیا فرق ہے؟

صَاحِبُ الْمَحَلِّ: اَلْمُسْتَوْرَدَةُ تُسْتَوْرَدُ مِنَ الْبُلْدَانِ الْأُخْرٰى وَهِيَ مُسْتَعْمَلَةٌ وَ لَيْسَتْ لَهَا ضَمَانٌ، بَيْنَمَا الْمَحَلِيَّةُ جَدِيْدَةٌ وَذَاتُ ضَمَانٍ.	دکاندار: امپورٹڈ باہر ممالک سے آتی ہے اور استعمال شدہ ہوتی ہے اور اس کی کوئی وارنٹی نہیں ہوتی جبکہ لوکل نئی اور وارنٹی والی ہوتی ہے۔
ا: إِذَنْ أَرِنِيْ شَاشَةً مَحَلِيَّةً حَجْمُهَا سَبْعَ عَشْرَةَ بُوْصَةً.	ا: تو پھر مجھے سترہ انچ کی لوکل ایل سی ڈی دکھادیں۔
صَاحِبُ الْمَحَلِّ: عِنْدَنَا، وَلٰكِنَّهَا مِنْ شَرِكَةٍ أُخْرٰى.	دکاندار: ہمارے پاس ہے، لیکن وہ دوسری کمپنی کی ہے۔
ا: وَأُرِيْدُ لَوْحَةَ الْمَفَاتِيْحِ وَالْفَأْرَةَ مِنْ نَوْعِيَّةٍ جَيِّدَةٍ.	ا: ایک کی بورڈ اور ماؤس اچھی کوالٹی کا چاہئے۔
صَاحِبُ الْمَحَلِّ: هٰذِهِ اللَّوْحَةُ مِنْ شَرِكَةٍ جَدِيْدَةٍ؛ وَمَعَهَا الْفَأْرَةُ تَفَضَّلْ!	دکاندار: یہ کی بورڈ ایک نئی کمپنی کا ہے، اور اس کے ساتھ ماؤس ہے، لیجئے۔
ا: أَصِيْنِيٌّ صُنْعُهَا؟	ا: کیا یہ چائنا کا ہے؟
صَاحِبُ الْمَحَلِّ: نَعَمْ! وَلٰكِنَّهَا مِنْ نَوْعِيَّةٍ جَيِّدَةٍ.	دکاندار: جی ہاں! لیکن اچھی کوالٹی ہے۔

ا: عَفوًا! لا أُرِيدُ شَيئًا مِنَ الصِّينِ . ا: معاف کیجئے گا! مجھے چائنا کی کوئی چیز نہیں چاہئے

صَاحِبُ المَحَلِّ: لَابَأْسَ يَاسَيِّدِي! عِنْدِي دکاندار: کوئی بات نہیں جناب! میرے پا

مِنْ شَرِكَةِ كومبيك كَذَالِكَ. س کومپیک کا بھی ہے۔

ا: طَيِّبْ! كَمْ الْحِسَابُ أَصْبَحَ ؟ ا: ٹھیک ہے! کیا حساب ہوگیا؟

صَاحِبُ المَحَلِّ: يَاسَيِّدِي! هٰذِهِ الْأَشْيَاءُ دکاندار: جناب! یہ ساری چیزیں بیس ہزار

كُلُّهَا بِعِشْرِيْنَ أَلْفًا، وَلَكَ بَعْدَ الْخَصْمِ کی ہیں، اور آپ کیلئے رعایت کے بعد

بِخَمْسَةَ عَشَرَ أَلْفًا. پندرہ ہزار روپے کی ہے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ (نئے الفاظ)

شَاشَةُ الْحَاسُوْب	مونیٹر	سَمَّاعَةٌ	ہیڈفون
عَارِضٌ	//	مُوْدِمٌ	موڈیم
وَحْدَةُ الْعَمَلِيَّاتِ الْمَرْكَزِيَّةِ	سی پی یو	مُشَغِّلُ الْأَقْرَاصِ الْمَضْغُوْطَةِ	ڈی وی ڈی روم
لَوْحَةُ الْمَفَاتِيْحِ	کی بورڈ	قُرْصٌ مَرِنٌ	فلوپی ڈسک
اَلْفَأْرَةُ اللِّيْزَرِيَّةُ	ماؤس	زِرُّ التَّشْغِيْلِ	اسٹارٹ بٹن
مُحَرِّكُ الْقُرْصِ الصُّلْبِ	ڈسک ڈرائیو	مُحَرِّكُ الْقُرْصِ الثَّابِتِ	ڈسک ڈرائیو
مُحَرِّكُ الْأَقْرَاصِ	سی ڈی روم	لَوْحَةُ اللَّمْسِ	ٹچ پیڈ
طَابِعَةٌ	پرنٹر	سِلْكٌ	کیبل
مَاسِحٌ ضَوْئِيٌّ	اسکینر	بَطَّارِيَّةٌ	بیٹری
مَاسِحَةُ تَصْوِيْرٍ	//	تَنْزِيْلٌ	ڈاؤن لوڈ
لَوْحَةُ الْأُمِّ	مدر بورڈ	تَحْمِيْلٌ	اپ لوڈ
قُرْصٌ صُلْبٌ	ہارڈ ڈسک	نَسْخٌ	کاپی
قُرْصٌ ثَابِتٌ	//	لَصْقٌ	پیسٹ

مُكَبِّرُ الصَّوتِ	اسپیکر	قَطْعٌ	کٹ
مُحَرِّكُ الْقُرْصِ الْمَرِن	فلوپی ڈسک ڈرائیو	وَحْدَةُ إِجْرَاءِ الْعَمَلِيَّاتِ	پروسیسر
مَنْفَذُ الذَّاكِرَةِ الْمَنْقُوْلَةِ	یوایس بی پورٹ	فَايْرُوْس	وائرس
مَقْبِسُ الذَّاكِرَةِ الْمَنْقُوْلَةِ	یوایس بی پورٹ	مَضَادُّ الْفَايْرُوْسَاتِ	اینٹی وائرس
نَقْلٌ	موو	تَحْدِيْثٌ	اپ ڈیٹ
مَسْحٌ	ڈیلیٹ	بَرْنَامَجُ النِّظَامِ	سوفٹ ویئر
مُؤَشِّرٌ / سَهْمٌ	ایرو	أَجْهِزَةُ الْحَاسُوْبِ	کمپیوٹر ہارڈ ویئر
اَلشَّبَكَةُ الْعَالَمِيَّةُ	انٹرنیٹ	بَرْنَامَجٌ	پروگرام
اَلشَّبَكَةُ الْعَنْكَبُوْتِيَّةُ	//	مِلَفٌّ	فائل
مُتَصَفِّحٌ	براوزر	بُرْغِيٌّ	اسکرو
مَوْقِعٌ عَلَى الشَّبَكَةِ	ویب سائٹ	اَلْحَاسُوْبُ الْمَحْمُوْلُ	لیپ ٹاپ
بَرِيْدٌ اِلِكْتُرُوْنِيٌّ	ای میل	سَلَّةُ الْمُهْمَلَاتِ	ریسائیکل بن
عُنْوَانٌ اِلِكْتُرُوْنِيٌّ	//	إِمْدَادَاتُ الطَّاقَةِ	پاور سپلائی
سَطْحُ الشَّاشَةِ	ڈیسک ٹاپ	اِنْتَرْنَت / نت	انٹرنیٹ
خَلْفِيَّةُ الشَّاشَةِ	اسکرین بیک گراؤنڈ	غُرْفَةُ الدَّرْدَشَةِ	چیٹنگ روم
تَخْزِيْنٌ	اسٹوریج	غُرْفَةُ الْمُحَادَثَةِ	//

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ الْحَاسُوْبِ

(کمپیوٹر سے متعلق سوالات وجوابات)

۱: كَمْ سُرْعَةُ حَاسُوْبِكَ؟	۱: آپ کے کمپیوٹر کی اسپیڈ کتنی ہے؟
۲: سُرْعَتُهُ تَفُوْقُ وَاحِد جِيْجَاهِرتز.	۲: اس کی اسپیڈ ایک گیگا ہارڈز سے زیادہ ہے۔

۱: يَا أَخِيْ! اِجَدِّدْلِيْ بَرْنَامَجَ وِنْدُوْز فِيْ حَاسُوْبِيْ.	۱: بھائی! میرے کمپیوٹر میں نئی ونڈوز ڈال دو۔
۲: لِمَ! هَلْ تَعَطَّلَ الْقَدِيْمُ؟	۲: کیوں! کیا پرانی خراب ہوگئی؟

۱: نَعَمْ! تَعَطَّلَ بِسَبَبِ بَعْضِ الْفَيْرُوْسَاتِ.	۱: ہاں! کچھ وائرس کی وجہ سے کرپٹ ہوگئی۔
۲: طَيِّبٌ! أُجَدِّدُهُ لَکَ وَلٰكِنْ عَلَيْكَ أَنْ تُثَبِّتَ فِيْ حَاسُوْبِكَ مُضَادًّا لِلْفَيْرُوْسَاتِ.	۲: ٹھیک ہے! میں نئی ونڈوز ڈال دیتا ہوں لیکن تم اپنے کمپیوٹر میں اینٹی وائرس انسٹال کرلو۔

۱: تَقْرِيْبًا بِكَمْ سِعْرُ الْحَاسُوْبِ الْمَحْمُوْلِ؟	۱: تقریبا لیپ ٹاپ کتنے تک کا ہے؟
۲: أَسْعَارُهُ مُخْتَلِفَةٌ بِاخْتِلَافِ الشَّرِكَةِ والسُّرْعَةِ.	۲: اس کے ریٹ کمپنی اور اسپیڈ کے لحاظ سے مختلف ہیں۔

۱ :هَلْ تَسْتَخْدِمُ الشَّبَكَةَ الْعَنْكَبُوْتِيَّةَ؟	۱: کیا تم نیٹ استعمال کرتے ہو؟
۲ :أَعَاذَنَااللّٰهُ مِنهَا!لَاأَسْتَخْدِمُهَا.	۲: اللہ اس سے بچائے! میں استعمال نہیں کرتا۔

۱ :يَاأَخِيْ! إِذَاأَحْسَنْتَ اِسْتِخْدَامَهَا فَهِيَ مُجْدِيَةٌ جِدًّا.	۱: بھائی! اگر تم اسے صحیح استعمال کروگے تو وہ بہت فائدہ مند ہے۔
۲ :أَجَلْ يَاأَخِيْ! وَلٰكِنَّهَارَغْمَ ذٰلِكَ لَا تَخْلُوْمِنَ الْفَسَادِ.	۲: ٹھیک ہے بھائی! لیکن اس کے باوجود فساد سے خالی نہیں ہے۔

۱ :يَاأَخِيْ! أُرِيْدُ هٰذَاالْبَرْنَامَجَ عَلٰى سَطْحِ الشَّاشَةِ.	۱: بھائی! میں یہ پروگرام ڈیسک ٹاپ پر چاہتا ہوں۔
۲ :سَأَنْسَخُهُ لَكَ...!	۲: میں کاپی کردونگا۔

۱ :أُرِيْدُ أَنْ أُنَزِّلَ بَعْضَ الْكُتُبِ فِيْ جِهَازِيْ عَبْرَالشَّبَكَةِ.	۱: میں نیٹ کے ذریعہ اپنے کمپیوٹر میں کچھ کتابیں ڈاؤن لوڈ کرنا چاہتا ہوں۔
۲ : تَصَفَّحْتُ الْبَارِحَةَ بَعْضَ الْمَوَاقِعِ فَعَثَرْتُ مِنْ خِلَالِ التَّصَفُّحِ عَلٰى مَكْتَبَةٍ غَنِيَّةٍ بِالْكُتُبِ الْإِسْلَامِيَّةِ.	۲: میں نے رات کو کچھ ویب سائیٹس چیک کی ہیں اس دوران مجھے ایک کتب خانہ ملا جو اسلامی کتابوں سے بھرا ہوا تھا۔

۱ : فَهَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُنَزِّلَهَا لِيْ فِي الذَّاكِرَةِ الْمَنْقُوْلَةِ؟	۱: کیا تم اسے میرے لئے یو ایس بی میں ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہو؟

٢ :نَـزَّلْتُهَـافِـيْ جِهَازِيْ إِلَّا أَنَّ بَعْضَ مِلَفَّاتِهَاتَلِفَتْ.	٢:میں نے اسے اپنے کمپیوٹر میں ڈاؤن لوڈ کیا ہے مگراس کی بعض فائلیں ضائع ہوچکی ہیں۔
١ :أَرْجُوْكَ يَاأَخِيْ! أَنْ تُـعَاوِدَ التَّنْزِيْلَ فَأَنَابِأَمَسِّ الْحَاجَةِ إِلَيْهَا.	١:مہربانی ہوگی بھائی !اسے دوبارہ ڈاؤن لوڈ کردو مجھےاس کی بہت ضرورت ہے۔
٢ :مِنْ أَيِّ شَرِكَةٍ لَوْحَةُ الْأُمِّ ؟	٢:مدربورڈ کس کمپنی کا ہے؟
١ :هِيَ مِنْ شَرِكَةِ انتل.	١: بورڈ انٹل کمپنی کا ہے۔
٢ :هَلْ عِنْدَكَ طَابِعَةٌ مُلَوَّنَةٌ؟	٢: کیاتمہارے پاس رنگین پرنٹر ہے؟
١ :نَعَمْ!عِنْدِيْ إِلَّا أَنَّ الْحِبْرَ قَدِانْتَهٰى فِيْهَا.	١:جی ہاں !مگراس کی سیاہی ختم ہوگئی ہے۔
٢ :هَـلْ لِيْ أَنْ أَسْتَخْرِجَ بِهَاصُوْرَتِيْ إِذَاسَجَّلْتُهَافِيْ الْجِهَازِ؟	٢:اگر میں کمپیوٹر میں اپنی تصویر سیو کردوں تو کیااس کے ذریعہ میں پرنٹ نکال سکتا ہوں؟
١ :نَـعَـمْ!وَلٰـكِـنَّـهَالَا تَكُوْنُ وَاضِحَةً لِأَنَّ طَابِعَتِيْ قَدِيْمَةٌ جِدًّا.	١:ہاں !مگر واضح نہیں ہوگی کیونکہ میراپرنٹر بہت پرانا ہے۔
٢ :أَرَدْتُ أَنْ آخُـذَ حَـاسُـوْبِيْ إِلٰى مُصَلِّحٍ فَهَلْ تَعْرِفُ أَحَدًا؟	٢:میں اپنا کمپیوٹر مکینک کے پاس لے جارہا ہوں کیاتم کسی کو جانتے ہو؟
١ :مَاذَاتَعَطَّلَ فِيْ جِهَازِكَ؟	١:تمہارے کمپیوٹر میں کیا خرابی ہے؟

٢: عَلٰى مَاأَرَىٰ أَنَّ وَحْدَةَإِجْرَاءِ الْعَمَلِيَّاتِ تَسْخُنُ تَتَوَقَّفُ بَعْدَ خَمْسِ دَقَائِقَ. ٢: میرے خیال میں پروسیسر گرم ہوجاتا ہے اسلئے پانچ منٹ بعد پھر بند ہوجاتا ہے۔

حِوَارٌ حَوْلَ رِحْلَةٍ تَرْفِيهِيَّةٍ (بَيْنَ الْأَصْدِقَاءِ)

سیر وتفریح سے متعلق گفتگو (دوستوں کے درمیان)

١: مَابَالُكَ يَاسليمُ!أَرَاكَ مَهْمُومًا فِيمَاتُفَكِّرُ؟ ١: سلیم! کیابات ہے کافی فکرمند لگ رہے ہو کیا سوچ رہے ہو؟

٢: وَاللّٰهِ يَاأَخِي!طَالَمَالَمْ نَخْرُجْ لِرِحْلَةٍ تَرْفِيهِيَّةٍ فَأَنَامُتْعَبٌ،فَمَارَأْيُكَ لَوْنُنَسِّقُ بَرْنَامَجًالِلْخُرُوجِ؟ ٢: بھائی بخدا! کافی عرصہ سے سیر وتفریح کیلئے نہیں نکلے میں اکتا گیا ہوں تو کیا خیال ہے اگر نکلنے کا کوئی پروگرام بنایا جائے؟

١: مَاأَحْسَنَ رَأْيَكَ! أَنَامُوَافِقٌ تَمَامًا فَلْنَسْتَشِرِ الْآخَرِينَ. ١: کیا ہی اچھا خیال ہے! میں بالکل متفق ہوں ہمیں دوسرے ساتھیوں سے مشورہ کرنا چاہئے۔

٢: طَيِّبٌ!وَلٰكِنْ إِلٰى أَيِّ مَكَانٍ نَذْهَبُ؟ ٢: ٹھیک ہے! لیکن کہاں جائیں؟

١: يَاأَخِي!هٰذَاأَمْرٌ نَطْرَحُهُ عَلَيْهِمْ بَعْدَ مُوَافَقَتِهِمْ إِيَّانَا. ١: بھائی! انکے اتفاق کے بعد ہی یہ مسئلہ، ان کے سامنے پیش کریں گے۔

٢: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ! نِلْنَا مُوَافَقَةَ الْجَمِيعِ. ٢: الحمدللہ! ہمیں سب کی موافقت حاصل ہوگئی/الحمدللہ! سب متفق ہوگئے۔

ا : فَلْیَکُنْ أَحَدُنَا أَمِیْرًا لِیُنَظِّمَ جَمِیْعَ الْأُمُوْرِ.

ا: ہم میں سے ایک کو امیر ہونا چاہئے تا کہ وہ تمام امور کو ترتیب دے۔

اَلْأَصْدِقَاءُ: صَاحِبُ الْفِکْرَةِ أَوْلٰی بِهَا مِنَ الْآخَرِیْنَ فَأَنْتَ أَمِیْرُنَا فِی الرِّحْلَةِ.

ساتھی: بھائی! فکرمند ساتھی ہی زیادہ حقدار ہے، پکنک میں تم ہمارے امیر ہو۔

ا : طَیِّبٌ! فَلْتَکُنِ الْمَسْؤُلِیَّاتُ/ الْأُمُوْرُ مُوَزَّعَةً عَلَی الْجَمِیْعِ.

ا: ٹھیک ہے! ذمہ داریاں سب پر تقسیم ہونی چاہئے۔

اَلْأَصْدِقَاءُ: مُوَافِقُوْنَ.

ساتھی: ہمیں اتفاق ہے/ہم متفق ہیں۔

ا : حَسَنًا یَا سَلِیْمُ! عَلَیْکَ أَنْ تَحْجِزَ لَنَا حَافِلَةً تَسَعُ الْجَمِیْعَ وَحَاوِلْ أَنْ تَکُوْنَ أُجْرَتُهَا قَلِیْلَةً.

ا: اچھا سلیم! تمہارے ذمہ ایک بس بک کرانا ہے جس میں سب ساتھی آسکیں اور کوشش کرنا کہ اس کا کرایہ کچھ کم ہو۔

سلیم: أَ تُرِیْدُوْنَهَا مُکَیَّفَةً أَمْ بِغَیْرِ تَکْیِیْفٍ؟

سلیم: ایئر کنڈیشنڈ بس چاہئے یا بغیر ایئر کنڈیشن کے؟

ا : اَلْجَوُّ مُعْتَدِلٌ هٰذِهِ الْأَیَّامَ فَنُرِیْدُهَا بِدُوْنِ تَکْیِیْفٍ.

ا: ان دنوں موسم درمیانہ ہے تو بغیر ایئر کنڈیشن کی چاہئے۔

ا :وَأَنْتَ يَاحَمَّادُ! كَلِّمِ الطَّبَّاخَ لِيَطْبَخَ طَعَامَ خَمْسِيْنَ فَرْدًا الوَجْبَتَيْنِ. | ا: اور حماد! تم باورچی سے بات کرلوتا کہ وہ پچاس آدمیوں کیلئے دوٹائم کا کھانا پکا لے۔

حَمَّاد: طَيِّبٌ! وَلٰكِنْ مَاذَا تُرِيْدُوْنَ مِنَ الطَّعَامِ؟ | حماد: ٹھیک ہے! لیکن کھانے میں کیا چاہئے/ لیکن کھانے میں کیا پکوانا ہے؟

ا :هٰذَا مَانُخْبِرُكَ بِهِ بَعْدَ الْمَشُوْرَةِ. | ا: یہ ہم تمہیں مشورہ کے بعد بتا دیں گے۔

ا :يَاإِخْوَةُ! سَنَحْتَاجُ إِلَى الْأَوَانِيْ وَالْخِيَامِ وَالْكَرَاسِيِّ وَغَيْرِ ذٰلِكَ مِنَ الْأَشْيَاءِ. | ا: بھائیوں! ہمیں برتن خیمے اور کرسیوں وغیرہ کی ضرورت ہوگی۔

كاشف: أَمَّا الْأَوَانِيْ فَهِيَ عَلَيَّ. | کاشف: برتن تو میرے ذمہ ہیں۔

ا :أَمَّا الْخِيَامُ وَالْكَرَاسِيُّ فَسَنَسْتَأْجِرُهَا إِنْشَاءَ اللّٰهُ! | ا: ٹینٹ اور کرسیاں انشاء اللہ! کرائے پر لے لینگے۔

عَامِر: مَتٰى سَنَتَحَرَّكُ؟ | عامر: کب روانہ ہونگے؟

ا : سَنَتَحَرَّكُ صَبَاحَ يَوْمِ الْجُمُعَةِ إِنْشَاءَ اللّٰهُ! | ا: انشاء اللہ! جمعہ کی صبح کو روانہ ہونگے۔

يَوْمُ الرِّحْلَةِ (پکنک کا دن)

ا :حَضَرَ الْجَمِيْعُ أَمْ هُنَاكَ مَنْ لَمْ يَحْضُرْ بَعْدُ؟ | ا: سب حاضر ہوگئے یا کوئی اب تک باقی ہے؟

سليم: دَعْنِيْ أَعُدُّ. | سلیم: مجھے شمار کرنے دو۔

سليم: كاشف غَائِبٌ.	سلیم: کاشف غائب ہے۔
ا :اِتَّصِلْ بِهِ وَقُلْ لَهُ أَنْ يَسْتَعْجِلَ فَنَحْنُ عَلٰى وَشَكِ الذَّهَابِ.	ا: اس کو فون کرو اور کہو کہ جلدی کرے ہم نکلنے والے ہیں۔
سليم: هَا هُوَ قَدْجَاءَ.	سلیم: یہ رہا آ گیا۔

كاشف: مَعْذِرَةً يَاإِخْوَةُ! اِسْتَيْقَظْتُ الْيَوْمَ مُتَأَخِّرًا.	کاشف: معذرت بھائیو! آج میں دیر سے جاگا ہوں۔
ا :طَيِّبْ!هَلْ أَحْضَرْتَ الْخِيَامَ وَالْكَرَاسِيَّ؟	ا: ٹھیک ہے! ٹینٹ اور کرسیاں لائے ہو؟
كاشف :نَعَمْ ! أَحْضَرْتُهَاالْبَارِحَةَ.	کاشف: ہاں وہ میں کل رات ہی لے آیا تھا۔

ا :اِسْتَمِعُوْا!جَزَاكُمُ اللّٰهُ خَيْرًا! اِرْكَبُوْا السَّيَّارَةَ وَلٰكِنْ إِيَّاكُمْ أَنْ تَتَشَاجَرُوْا عَلَى الْمَقَاعِدِ.	ا: بھائیو! بات سنو گاڑی میں سوار ہو جاؤ لیکن آپس میں سیٹوں پر نہیں لڑنا ہے۔
اَلْجَمِيْعُ: حَاضِرٌ يَا أَمِيْرُ!	سب ساتھی: ٹھیک ہے، امیر صاحب!

ا :قَاتَلَ اللّٰهُ شَيَاطِيْنَكُمْ! مَنْ شَغَّلَ الْغِنَاءَ أَطْفِئُوا الْمُسَجِّلَ.	ا: اللہ شیطان کا بیڑا غرق کرے! گانا کس نے چلایا، ٹیپ بند کرو۔
سليم: عَفْوًا يَاأَمِيْرُ! كُنْتُ أُشَغِّلُ أُنْشُوْدَةً إِسْلَامِيَّةً فَأَخْطَأْتُ فِي الشَّرِيْطِ.	سلیم: معاف کرنا امیر صاحب! میں تو نظم چلا رہا تھا تو کیسٹ میں مجھ سے غلطی ہوگئی۔

عامر :هَانَحْنُ قَدْ وَصَلْنَاالشَّاطِىءَ.	عامر: لوہم ساحل پہنچ گئے۔
ا :اِنْتَظِرُوْايَاإِخْوَةُ!حَتّٰى تَتَوَقَّفَ الْحَافِلَةُ.	ا: بھائیو! ذرا انتظار کرو گاڑی کو رکنے دو۔
سليم: فَلْيَنْزِلْ كُلُّ وَاحِدٍ بِشَيْءٍ مِنَ الْأَمْتِعَةِ.	سلیم: ہر کوئی اپنے ساتھ کچھ سامان سے لے کر اترے۔
ا : يَاكاشف! اِنْصِبِ الْخِيَامَ فِيْ هٰذَا الْمَكَانِ فَهُوَفَارِغٌ.	ا: کاشف! ٹینٹ اس جگہ لگا دو یہ جگہ فارغ ہے۔
كاشف: نَعَمْ يَاأَمِيْرُ!	کاشف: جی ہاں امیر صاحب!
ا : يَاإِخْوَةُ ! عَلَيْكُمْ بِطَرَفِ الشَّاطِىءِ وَإِيَّاكُمْ أَنْ تَسْبَحُوْافِيْ الْوَسَطِ.	ا: بھائیو! ساحل کے کنارے پر ہی رہنا بیچ میں مت تیرنا۔
سليم: سَمْعًاوَطَاعَةً يَاأَمِيْرُ!	سلیم: امیر صاحب آپ کا حکم سر آنکھوں پر!
كاشف: وَاللّٰهِ! تَمَتَّعْنَا الْيَوْمَ كَثِيْرًا.	کاشف: بخدا بھائی! آج بہت مزہ آیا۔
ا : طَيِّبْ!يَاإِخْوَةُ يَجِبُ أَنْ نَخْرُجَ قَبْلَ أَنْ يَغْشَانَا اللَّيْلُ، فَاسْتَعِدُّوا.	ا: بھائیو! ہمیں سورج غروب ہونے سے پہلے نکلنا ہے، تیار ہو جاؤ۔

حِوَارٌ حَوْلَ رِحْلَةٍ تَرْفِيْهِيَّةٍ (الأستاذ مَعَ الطُّلابِ)

سیر وتفریح سے متعلق گفتگو (استاذ طلبہ کے ساتھ)

الأستاذ: اَلْيَوْمَ سَنَقُوْمُ بِرِحْلَةٍ تَرْفِيْهِيَّةٍ إِلٰى مِنْطَقَةٍ سَاحِلِيَّةٍ جَمِيْلَةٍ، يَكْثُرُ فِيْهاالْمَحَّارُ وَالْحَيَوَانَاتُ الْبَرْمَائِيَّةُ.

استاذ: آج ہم ایک خوبصورت ساحلی علاقہ کی سیر کرینگے، جس میں سیپ اور خشکی تری پر رہنے والے جانور بکثرت پائے جاتے ہیں۔

الطلاب: يَاأُسْتَاذَنَا! مَامَعْنٰى الْحَيَوَانَاتِ الْبَرْمَائِيَّةِ؟

طلبہ: خشکی تری پر رہنے والے جانوروں کا کیا مطلب ہے؟

الأستاذ: اَلْحَيَوَانَاتُ الْبَرْمَائِيَّةُ هِيَ حَيَوَانَاتٌ تَعِيْشُ فِي الْمَاءِ وَالْبَرِّ.

استاذ: خشکی تری پر رہنے والے جانوروں سے مراد وہ جانور ہیں جو خشکی اور پانی دونوں میں رہتے ہیں۔

الطلاب: وَهَلْ لَهَاقُدْرَةٌ عَلٰى ذٰلِكَ؟

طلبہ: کیا وہ اس پر قادر ہیں؟

الأستاذ: نَعَمْ! اللّٰهُ تعالٰى أَعْطَاهَا قُدْرَةً عَلٰى الْعَيْشِ فِي الْبَرِّ مُدَّةً طَوِيْلَةً وَكَذَالِكَ فِي الْبَحْرِ مُدَّةً طَوِيْلَةً.

استاذ: جی ہاں! اللہ تعالیٰ نے انہیں خشکی پر اور اسی طرح پانی میں طویل مدت رہنے کی طاقت دی ہے۔

الطالبُ الأوَّلُ: وَمَامَعْنٰى يَاأُسْتَاذَنَا الْكَرِيْمَ! اَلْمَحَّارُ؟

طالب علم 1: استاذ جی سیپ کا مطلب کیا ہے؟

اَلْأُسْتَاذُ: اَلْمَحَّارُ، هُوَنَوْعٌ مِنَ الْحَيَوَانَاتِ الْبَحْرِيَّةِ لَهَا بَيْتٌ فَوْقَ ظَهْرِهَا وَتَخْتَبِئُ فِيْهِ عِنْدَ الضَّرُوْرَةِ تَقْرِيْبًا مِثْلَ الْحَلَزُوْنِ، وَالسُّلَحْفَاتِ.	استاذ: سیپ بحری جانوروں کی قسم ہے جسکے اوپر ایک خول ہوتا ہے جس میں وہ ضرورت پڑنے پر چھپ جاتی ہے، تقریبا گھونگے اور کچھوے کی طرح ہوتی ہے۔
اَلطَّالِبُ الثَّانِيْ: يَا أُسْتَاذَنَا! وَلٰكِنَّ بَيْتَ الْمَحَّارِ أَقْوٰى مِنْ بَيْتِ الْحَلَزُوْنِ.	طالب علم 2: لیکن استاذ جی! سیپ کا بل گھونگے کے بل سے زیادہ مضبوط ہوتا ہے۔
اَلْأُسْتَاذُ: صَدَقْتَ، فَاللّٰهُ حَكِيْمٌ بِخَلْقِهِ خَبِيْرٌ بِمَخْلُوْقَاتِهِ.	استاذ: تم نے ٹھیک کہا، اللہ تعالی اپنی خلقت میں حکمت والا ہے اور اپنی مخلوقات سے باخبر ہے۔
اَلْأُسْتَاذُ: دَعْنَا مِنَ الْأَسْئِلَةِ الْآنَ، حَتّٰى لَا نُضَيِّعَ الْوَقْتَ، وَنُنَظِّمَ الرِّحْلَةَ تَنْظِيْمًا كَامِلًا.	استاذ: ابھی سوالات چھوڑو، تاکہ وقت ضائع نہ کریں اور ہم پکنک کے لئے ایک مکمل ترتیب بنالیں۔
اَلطُّلَّابُ بِصَوْتٍ وَاحِدٍ: نَعَمْ يَا أُسْتَاذَنَا الْجَلِيْلَ!	طلبہ بیک آواز: جی استاذ جی!
اَلْأُسْتَاذُ: مَنْ مِنَ الطُّلَّابِ يَسْتَطِيْعُ تَهْيِئَةَ الْخِيَامِ، وَالْأَعْمِدَةِ، وَالْفُرُشِ؟	استاذ: طلبہ میں سے کون خیموں، بانسوں، اور بستروں کا انتظام کرسکتا ہے؟
زيد: أَنَا مُسْتَعِدٌّ لِهٰذِهِ الْأُمُوْرِ.	زید: میں اس کے لئے تیار ہوں۔

عربی	اردو
الْأُسْتَاذُ: وَمَنْ مَعَکَ يَازَيْدُ؟	استاذ: تمہارے ساتھ اور کون ہے؟
زيد: مَعِيَ عمرو، وعثمان، وريحان.	زید: میرے ساتھ عمرو، عثمان، اور ریحان ہیں۔
الأستاذ: أَحْسَنْتُمْ، وَبَارَکَ اللّٰهُ فِيْ سَعْيِكُمْ!	استاذ: بہت اچھے، اللہ تعالیٰ تمہاری محنت میں برکت دے!

عربی	اردو
الأستاذ: وَمَنْ فِيْ إِعْدَادِ الطَّعَامِ؟	استاذ: اور کھانا کون تیار کریگا؟
علی: أَنَامُسْتَعِدٌّ، وَمَعِيَ صالح، وعرفان.	علی: استاذ جی میں تیار ہوں، اور میرے ساتھ صالح اور عرفان ہیں۔
الأُستاذ: جَزَاكُمُ اللّٰهُ خَيْرًا!	استاذ: اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دے!

عربی	اردو
الأستاذ: ومَنْ يَتَكَفَّلُ لَنَاباسْتِئْجَارِ السَّيَّارَةِ وَرَبْطِ الْأَغْرَاضِ وَتَنْظِيمِ الْإِخْوَةِ؟	استاذ: گاڑی کرایہ پر لینے کی، اور سامان باندھنے اور ساتھیوں کو منظم کرنے کی ذمہ داری کون لے گا؟
كريم: أَنَايَاأُسْتَاذِيْ مُسْتَعِدٌّ، وَيُرَافِقُنِيْ سعد، وأشرف، وحازم.	کریم: استاذ جی! میں تیار ہوں اور میرے ساتھ سعد، اشرف، اور حازم ہیں۔

عربی	اردو
الأستاذ: أَحْسَنْتُمْ يَاطُلَّابَ الْخَيْرِ!	استاذ: عزیز طلبہ بہت اچھا!

عَلٰی سَاحِلِ الْبَحْرِ (ساحل سمندر پر)

بَعْدَ أَنْ حَطَّتِ الْحَافِلَةُ رِحَالَهَا ، وَضُرِبَتِ الْخِيَامُ، وَجُهِّزَ الْمَكَانُ. — گاڑی کا سفر مکمل ہونے اور خیمے لگنے اور جگہ تیار ہوجانے کے بعد۔

الأستاذ: مَارَأْيُكُمْ يَاطلابَنَا مَا هُوَ الْبَرْنَامَجُ لِهٰذَا الْيَوْمِ؟	استاذ: عزیز طلبہ! آج کے دن کے پروگرام کی ترتیب کیا ہوگی؟
الطُّلَّابُ: رَأْيُكَ هُوَ رَأْيُنَا يَاأُسْتَاذَنَا.	طلبہ: استاذ جی! آپکی رائے ہماری رائے ہے۔
الأستاذ: إِذًا، الْبَرْنَامَجُ كَمَايَلِي:	استاذ: تو پروگرام مذکورہ ترتیب سے ہوگا:
أَوَّلًا: نَسْبَحُ جَمِيْعًا فِي الْبَحْرِ.	1: ہم سب سمندر میں تیرینگے۔
ثَانِيًا: يُقَسَّمُ الطُّلَّابُ إِلٰى فَرِيْقَيْنِ، فَرِيْقٌ لِلُعْبَةِ كُرَةِ الْقَدَمِ ، وَفَرِيْقٌ لِلُعْبَةِ الْكِيْرِيْكِيت.	2: طلبہ کو دو جماعتوں میں تقسیم کیا جائے گا، ایک جماعت فٹ بال کیلئے، اور دوسری جماعت کرکٹ کیلئے۔
ثَالِثًا: نُصَلِّي الظُّهْرَ فِي أَوَّلِ وَقْتِهِ ثُمَّ بَعْدَ ذٰلِكَ نَأْكُلُ الطَّعَامَ، مَعَ تَعْيِيْنِ بَقِيَّةِ أَوْقَاتِ الصَّلَوَاتِ.	3: ظہر کی نماز پہلے وقت میں پڑھیں گے پھر اسکے بعد کھانا کھائینگے، اور بقیہ نمازوں کے اوقات کی تعین بھی کرینگے۔
رَابِعًا: نَشْرَبُ الشَّايَ وَالْقَهْوَةَ، وَبَعْدَهَا نُقِيْمُ نَدْوَةً فِكْرِيَّةً يُشَارِكُ فِيْهَا جَمِيْعُ الطُّلَّابِ.	4: چائے اور کافی پیئے ینگے، اور اس کے بعد ایک فکری مجلس رکھیں گے، جس میں تمام طلبہ شریک ہونگے۔

خَامِسًا بَعْدَهَا أَعْمَالٌ خُصُوْصِيَّةٌ فَالَّذِيْ يُـرِيْدُ أَنْ يَلْعَبَ فَلْيَلْعَبْ، وَالَّذِيْ يُرِيْدُ أَنْ يَسْتَـرِيْحَ فَلْيَسْتَرِحْ، إِلٰى غَيْرِ ذٰلِکَ مِنَ الْأُمُوْرِ التَّرْفِيْهِيَّةِ الشَّرْعِيَّةِ.

5: اس کے بعد انفرادی کام ہونگے، جو کھیلنا چاہے کھیلے، اور جو آرام کرنا چاہے وہ آرام کرے وغیرہ۔

عمر: هُنَاکَ شَيءٌ، لَمْ أَفْهَمْهُ يَاأُسْتَاذِيْ!

عمر: استاذ جی! میں ایک چیز نہیں سمجھا۔

الأستاذ: تَفَضَّلْ يَاوَلَدِيْ! اِطْرَحْ سُؤَالَکَ.

استاذ: کہو بیٹا! کیا سوال ہے؟

عمر: ذَكَرْتَ يَاشَيْخَنَا أَنَّنَا نُقِيْمُ نَدْوَةً فِكْرِيَّةً فَفِيْمَا تَتَمَثَّلُ هٰذِهِ النَّدْوَةُ؟

عمر: استاذ جی! آپ نے فرمایا کہ ہم ایک فکری مجلس رکھیں گے تو اس مجلس کی کیا شکل ہوگی؟

الأستاذ: هٰذِهِ النَّدْوَةُ تَتَمَثَّلُ فِيْ مُبَارَزَاتٍ شِعْرِيَّةٍ بَيْنَ الطُّلَابِ؛ فَمَثَلًا: اَلطَّالِبُ الْأَوَّلُ يَأْتِيْ بِبَيْتِ شِعْرٍ، والثانِيْ يَأْخُذُ آخِرَ حَرْفٍ مِنْ ذٰلِکَ الْبَيْتِ الشِّعْرِيِّ، وَيُنْشِئُ عَلَيْهِ بَيْتًا شِعْرِيًّا آخَرَ حَتّٰى يَعْجِزَ أَحَدُهُمْ عَلٰى إِتْمَامِ هٰذِهِ الْمُبَارَاةِ.

استاذ: یہ مجلس طلبہ کے درمیان شعری مقابلہ کی شکل میں ہوگی مثال کے طور پر پہلا طالب علم نظم کا ایک شعر پیش کرے گا، تو دوسرا طالب علم اس شعر کے آخری حرف کو لے کر اس سے شعر کی ابتدا کر کے شعر کہے گا اور یہ سلسلہ چلے گا یہاں تک کہ ان میں سے ایک اس مقابلے سے عاجز آجائے۔

علی: وَهٰذِه فَقَطْ فِي الشِّعْرِ؟ علی: یہ صرف اشعار میں ہوگا........؟

الأستاذ: لا، یاأَبْنَائِيْ! بَلْ فِي الشِّعْرِ وَالْحِكَمِ وَالْأَمْثَالِ، وَالْمُزَاحِ الْمَشْرُوْعِ. استاذ: پیارے بچو نہیں! بلکہ اشعار، اور حکمت کی باتوں، کہاوتوں، اور جائز/شرعی مذاق میں ہوگا۔

الطلاب: هٰذَا إِبْدَاعٌ ذِهْنِيٌّ یاأُسْتَاذَنَا. طلبہ: استاذ جی! یہ خود بنانا ہوگا۔

الأُسْتَاذُ: نَعَمْ! فَلْنَبْدَأْ بِخُطَّتِنَا، هَيَّابِنَا. استاذ: جی ہاں! آؤ اپنا پروگرام شروع کرتے ہیں۔

الطلاب: هَيَّابِنَا... هَيَّا...... هَيَّا.... طلبہ: چلو آؤ!..... جلدی کرو!......آ ؤ!

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ (نئے الفاظ)

خَيْمَةٌ	خیمہ/ٹینٹ	آنِيَةٌ	برتن
فِرَاشُ نَوْمٍ	سیلپنگ بیگ	كَظِيْمَةٌ (بَرَّادٌ)	کولر
حَقِيْبَةٌ	بیگ	رَمْلٌ	ریت
شَبَكَةُ صَيْدٍ	شکاری جال	صَخْرَةٌ	چٹان
صِنَّارَةٌ	شکار کا کانٹا	سِبَاحَةٌ	تیرنا
حَبْلٌ	رسی	اِنْزِلَاقٌ	پھسلنا
سِكِّيْنٌ	چھری	مِزْلَقَةٌ	سلائیڈ
قِرْبَةُ مَاءٍ	پانی کا مشکیزہ	مَسْبَحٌ	سوئمنگ پل
قَارِبٌ	چھوٹی کشتی	مُنْتَزَهٌ	پارک/تفریح گاہ
زَوْرَقٌ	درمیانی کشتی	شَاطِئٌ	ساحل
سَفِيْنَةٌ	کشتی	حَجْزٌ	بکنگ
مِظَلَّةٌ	چھتری	حَدِيْقَةٌ	پارک
كُرْسِيٌّ	کرسی	مَرْهَمٌ وَاقٍ مِنْ أَشِعَّةِ الشَّمْسِ/مَرْهَمٌ ضِدَّ أَشِعَّةِ الشَّمْسِ	سن کریم

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ الرِّحْلَةِ التَّرْفِيهِيَّةِ

(سیر وتفریح سے متعلق سوالات وجوابات)

ا: هَيَّا يَا سَلِيمُ! اِنْرَكَبْ هٰذَا الْقَارِبَ الَّذِي يَنْزَلِقُ عَلَى الْمِزْلَقَةِ.	ا: سلیم! آؤ اس کشتی میں سوار ہوتے ہیں جو سلائیڈ پر پھسلتی ہے۔
٢: عَفْوًا! أُرِيدُ السِّبَاحَةَ.	٢: معاف کرنا! میرا دل تیرنے کو چاہ رہا ہے۔
ا: لَا تَخَفْ يَا أَخِي! أَنَا مَعَكَ.	ا: بھائی! ڈرو مت میں تمہارے ساتھ ہوں۔
٢: لَا أَخَافُ يَا أَخِي! لٰكِنَّهُ لَا يُعْجِبُنِي.	٢: میں ڈر نہیں رہا لیکن مجھے پسند نہیں۔
٢: إِنْ أَرَدْتَ الْمُسَابَقَةَ فَسَابِقْنِي فِي السِّبَاحَةِ.	٢: اگر تمہیں مقابلہ کرنا ہے تو تیراکی میں میرا مقابلہ کرو۔
ا: حَسَنًا! أَنَا مُسْتَعِدٌّ.	ا: ٹھیک ہے! میں تیار ہوں۔
٢: فَلْنَسْبَحْ مِنْ هٰذَا الطَّرَفِ، فَإِذَا سَبَقَ أَحَدُنَا صَاحِبَهُ إِلَى تِلْكَ النُّقْطَةِ فَهُوَ فَائِزٌ.	٢: ہم اس جانب سے تیرتے ہیں، اگر ہم میں کوئی دوسرے سے پہلے اس نشان تک پہنچ گیا تو وہ جیت جائے گا۔
ا: صَحِيحٌ! أَعُدُّ إِلَى ثَلَاثَةٍ فَإِذَا أَنْهَيْتُ نَبْدَأُ.	ا: ٹھیک ہے! میں تین تک شمار کرونگا جیسے ہی میں گنتی ختم کروں تو ہم تیرنا شروع کردینگے۔

١ :أَيْنَ وَضَعْتَ الْأَوَانِيْ يَاسلِيمُ! حَانَ مَوْعِدُ الطَّعَامِ.
١:سلیم !تم نے برتن کہاں رکھے ہیں، کھانے کا وقت ہو گیا۔

٢ :يَاأَخِيْ ! مَاوَضَعْتُهَا إِنَّمَاوَضَعَهَا كاشف.
٢: بھائی !برتن میں نے نہیں رکھے وہ کاشف نے رکھے ہیں۔

١ :وَاللّٰهِ!لَقَدْ أَعْجَبَنِيْ هٰذَا الْمُنتَزَهُ.
١:بخدا! مجھے یہ پارک بہت پسند آیا۔

٢ :نَعَمْ! لَا شَكَّ فِيْ جَمَالِهِ إِلَّا أَنَّ رَسْمَ الدُّخُوْلِ فِيْهِ بَاهِضٌ جِدًّا.
٢:اس کے خوبصورت ہونے میں تو شک نہیں لیکن اس کی انٹری فیس بہت مہنگی ہے۔

١ : اَلْمَسْبَحُ صَغِيْرٌ جِدًّا كَأَنَّهُ لِلْأَطْفَالِ.
١:سوئمنگ پل بہت چھوٹا ہے گویا کہ بچوں کیلئے ہے۔

٢ :يَاأَخِيْ! اَلْمَسَابِحُ عَادَةً بِنَفْسِ المَسَاحَةِ.
٢: بھائی! سوئمنگ پول عام طور سے اسی سائز کے ہوتے ہیں۔

حِوَارٌ حَوْلَ الْمَصْرِفِ

(بینک سے متعلق گفتگو)

١ :هَيَّايَاسَلِيْمُ! نَذْهَبُ إِلٰى الْمَصْرِفِ لِإِيْدَاعِ بَعْضِ الْمَبَالِغِ. ١: آؤ سلیم! بینک میں کچھ رقم جمع کرنے چلتے ہیں۔

٢ :رَأْيِيْ أَنْ لَا تُوْدِعَ شَيْئًافِي الْبُنُوْكِ. ٢: میری رائے یہ ہے کہ تم بینکوں میں کچھ بھی نہ رکھو۔

١ :لِمَ ؟ ١: کیوں؟

٢ :اَلْمَصَارِفُ كُلُّهَاعَلٰى نِظَامٍ وَاحِدٍ، أَقْصِدُ النِّظَامَ الرِّبَوِيَّ. ٢: کیونکہ سارے بینکوں کا نظام ایک ہی ہوتا ہے، یعنی سودی نظام۔

١ :إِذَنْ يَلْزَمُنِيْ أَنْ آخُذَكَ مَعِيْ إِلٰى الْمَصْرِفِ كَيْ يَتَحَقَّقَ الْأَمْرُ عِنْدَكَ. ١: تو ضروری ہے کہ میں تمہیں بینک لے جاؤں تاکہ تمہارے سامنے سارا معاملہ کھل جائے۔

فِي الْمَصْرِفِ (بینک میں)

١ :مِنْ فَضْلِكَ! أُرِيْدُ فَتْحَ حِسَابٍ. ١: برائے مہربانی! میں اکاؤنٹ کھلوانا چاہتا ہوں۔

٢ :أَيَّ حِسَابٍ تُرِيْدُ الْجَارِيْ أَمِ التَّوْفِيْرِيْ؟ ٢: کونسا اکاؤنٹ، کرنٹ یا سیونگ؟

١ :أَرْجُوْ! أَنْ تُوَضِّحَ لِيْ بِمَايَقُوْمُ نِظَامُ الْحِسَابِ الْجَارِيْ عِنْدَكُمْ؟ ١: برائے مہربانی! آپ ذرا وضاحت کردیں کہ کرنٹ اکاؤنٹ کا نظام آپ کے ہاں کیا ہے؟

٢ :يُضَافُ إِلَى الْحِسَابِ الْجَارِيْ بَعْضُ الْفَوَائِدِ الْمُكْتَسَبَةِ بِالْمُضَارَبَةِ حَسَبَ السَّهْمِ الَّذِيْ يَضَعُهُ الْمُسَاهِمُوْنَ.	٢: کرنٹ اکاؤنٹ میں شیئر ہولڈرز کے شیئر کے مطابق کچھ منافع کا اضافہ کیا جاتا ہے جو مضاربت کے ذریعے حاصل کیے جاتے ہیں۔
١ :وَهَلْ يَخْسَرُ فِيْهِ الْمُسَاهِمُ إِذَا خَسِرَ الْمَصْرِفُ ؟	١: کیا بینک کا خسارہ ہونے کی صورت میں شیئر ہولڈر کا نقصان ہوتا ہے؟
٢ :طَبْعًا ! يَخْسَرُ وَلٰكِنْ قَلَّمَا يَخْسَرُ الْمَصْرِفُ .	٢: ظاہر سی بات ہے ! لیکن بہت کم ہی بینک کا نقصان ہوتا ہے۔
١ :طَيِّبٌ! أُرِيْدُ فَتْحَ الْحِسَابِ الْجَارِيْ.	١: ٹھیک ہے! میں کرنٹ اکاؤنٹ کھلوانا چاہوں گا۔
٢ :يُمْكِنُكَ فَتْحُهُ بِإِيْدَاعِ أَلْفِ رُوْبِيَّةٍ عَلَى الْأَقَلِّ .	٢: آپ کم از کم ہزار روپے جمع کرا کرا سے کھلوا سکتے ہیں۔
١ :عَفْوًا ! مَاهُوَ الْحَدُّ الْأَدْنَى بِمُدَّةِ سَحْبِ النُّقُوْدِ؟	١: معاف کیجئے گا! پیسے نکالنے کی کم سے کم مدت کیا ہے؟
٢ :مَايُمْكِنُكَ أَنْ تَسْحَبَ شَيْئًا مِنَ الْبَنْكِ إِلَّا بَعْدَ سِتَّةِ أَشْهُرٍ.	٢: آپ اپنے اکاؤنٹ سے چھ مہینے بعد ہی کچھ رقم نکال سکتے ہیں۔

١ : طَيِّبٌ!هَاتِ الْاِسْتِمَارَةَ لِأَمْلَأَهَا.
١: ٹھیک ہے! فارم لائیے میں بھر دیتا ہوں۔

٢ : تَفَضَّلْ ! سَلِّمْهَا بَعْدَ مَلْإِهَا إِلٰى صَاحِبِ الشُّبَّاكِ رَقْمِ ٥.
٢: یہ لیجئے! اسے بھرنے کے بعد کاؤنٹر نمبر 5 - پر جمع کرادیں۔

١ :تَفَضَّلْ! هٰذِهِ الْاِسْتِمَارَةُ قَدْ مَلَأْتُهَا.
١: لیجئے! میں نے یہ فارم پر کردیا ہے۔

٢ :هَلْ تَعْرِفُ شَخْصًايُمْكِنُهُ أَنْ يُوَقِّعَ هُنَا مِنْ مُسَاهِمِيْ الْمَصْرِفِ؟
٢: کیا آپ بینک کے کسی شیئر ہولڈر کو جانتے ہیں جو یہاں دستخط کر سکے؟

١ :نَعَمْ لِيْ مَعْرِفَةٌ بِكَثِيْرٍمِنْ مُسَاهِمِيْ هٰذَاالْمَصْرِفِ.
١: جی ہاں! میں اس بینک کے بہت سے شیئر ہولڈرز کو جانتا ہوں۔

٢ :فَلْيُوَقِّعْ أَحَدُهُمْ هُنَا كَشَاهِدٍ
٢: تو ان میں ایک یہاں گواہ کے طور پر دستخط کرے۔

١ :مِنْ أَيْنَ أَتَسَلَّمُ دَفْتَرَ الصُّكُوْكِ إِذَاتَمَّ فَتْحُ الْحِسَابِ؟
١: جب اکاؤنٹ کھل جائے تو میں چیک بک کہاں سے لونگا؟

٢ :أَوْدِعِ الْمَبْلَغَ عِنْدَ الصَّرَّافِ تَجِدْ دَفْتَرَ الصُّكُوْكِ مَعَ رَقْمِ حِسَابِكَ.
٢: کیشیر کے پاس رقم جمع کرادیں تو آپ کو چیک بک اکاؤنٹ نمبر سمیت مل جائے گی۔

١ :إِذَا أَرَدْتُ صَرْفَ الصَّكِّ فَمَاذَا عَلَيَّ؟
١: چیک کو کیش کرانے کیلئے مجھے کیا کرنا پڑے گا؟

٢ :مَاعَلَيْكَ إِلَّا أَنْ تُوَقِّعَ عَلَى الصَّكِّ مَعَ تَعْيِيْنِ الْمَبْلَغِ الَّذِيْ تُرِيْدُ سَحْبَهُ.
٢: آپ کو صرف چیک پر دستخط کیساتھ مطلوبہ رقم جسے آپ نکلوانا چاہتے ہیں لکھنا پڑے گی۔

۱: شُكْرًا يَاسَيِّدِيْ عَلٰى إِرْشَادِكَ! ۱: جناب آپ کی رہنمائی کا شکریہ!

۲: لَاشُكْرَ عَلٰى وَاجِبٍ! ۲: یہ تو ہمارا فرض ہے!

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ (نئے الفاظ)

حِسَابٌ	اکاؤنٹ	أُجْرَةٌ/ضَرِيْبَةٌ	چارج
رَقْمُ الْحِسَابِ	اکاؤنٹ نمبر	ضَرِيْبَةٌ	ٹیکس
حِسَابٌ تَوْفِيْرِيٌّ	سیونگ اکاؤنٹ	سُحُوْبَاتٌ زَائِدَةٌ	اوورڈرافٹ
إِيْدَاعٌ	ڈپازٹ	فَاتُوْرَةٌ	بل
شِيْكٌ	چیک	طَلَبٌ	آرڈر
بِطَاقَةُ اِئْتِمَانٍ/تَصْرِيْفٍ	کریڈٹ کارڈ	مِيْزَانِيَّةٌ	بجٹ
رَصِيْدٌ	بیلنس	قُرُوْضٌ طَوِيْلَةُ الْأَجَلِ	طویل المدت قرضہ
أَجَلٌ	کریڈٹ	إِيْرَادٌ	ان کمنگ
تَحْوِيْلٌ/حَوَالَةٌ	ٹرانسفر	فَرْعٌ	برانچ
قَرْضٌ	لون	مَحَلِّيٌّ	لوکل
رُسُوْمٌ	فیس	دُوَلِيٌّ	انٹرنیشنل/عالمی
عُمْلَةٌ	کرنسی	اِسْتِثْمَارٌ	انوسمنٹ
مَصْرُوْفٌ	آؤٹ	اَلْحِسَابُ الْجَارِيْ	کرنٹ اکاؤنٹ

مَخْزَنٌ	اسٹاک	اَلْحِسَابُ الْمَفْتُوحُ	چالو اکاؤنٹ
عُمُولَةٌ	کمیشن	حِسَابُ الْمُطَالَبَاتِ	کلیم اکاؤنٹ
رَأْسُ مَالٍ	اصل رقم / سرمایہ	آلَةُ السَّحْبِ	اے ٹی ایم مشین

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ الْمَصْرِفِ

(بینک سے متعلق سوالات وجوابات)

۱: مَاهِيَ الْأَرْبَاحُ الَّتِي تَعُودُ لِلْمُضَارِبِ ؟	۱: شیئر ہولڈر کو کیا منافع دیا جاتا ہے؟
۲: تُضَافُ إِلَى رَصِيدِ الْمُضَارِبِ نِسْبَةُ الرِّبْحِ عَلَى قَدْرِ الْمَبِيعِ .	۲: شیئر ہولڈر کے اکاؤنٹ میں منافع کا اضافہ سامان فروخت کے بقدر کیا جاتا ہے۔

۱: هَلْ يُضَافُ هٰذَا الرِّبْحُ سَنَوِيًّا؟	۱: کیا اس منافع کا اضافہ سالانہ ہوتا ہے؟
۲: لَا ،إِنَّمَا يُضَافُ شَهْرِيًّا.	۲: نہیں، بلکہ ماہانہ اضافہ کیا جاتا ہے۔

۱: هَلْ هُنَاكَ رِبْحٌ فِي الْحِسَابِ الْجَارِي؟	۱: کیا سونگ اکاؤنٹ میں کچھ منافع ہوتا ہے؟
۲: لَا، إِنَّمَا الرِّبْحُ فِي الْحِسَابِ التَّوْفِيرِي فَقَطْ.	۲: نہیں، بلکہ منافع صرف کرنٹ اکاؤنٹ میں ہوتا ہے۔

۲ :عفوًا! وَقِّعوا هُنا.	۲:برائے مہربانی! یہاں دستخط کریں۔
ا :مَعْذِرَةً! لا أَقْدِرُ عَلٰى التَّوْقِيعِ.	ا:معاف کیجئے گا! میں دستخط نہیں کرسکتا۔
۲ :لاعَلَيْکَ !اِبْصِمْ بِإِبْهَامِکَ الْأَيْمَنِ.	۲:کوئی بات نہیں!اپنادائیں ہاتھ کاانگوٹھالگادیں۔

ا :عَفْوًا ! كَيْفَ يُسْتَخْرَجُ الْمَبْلَغُ بِبِطَاقَةِ السَّحْبِ؟	ا:معاف کیجئے گا!ATM کارڈ کے ذریعہ رقم کیسے نکالی جاتی ہے ؟
۲ :أَدْخِلِ الْبِطَاقَةَ فِيْ جِهَازِ الصَّرْفِ، وَ سَجِّلْ فِيْهِ الرَّقْمَ السِّرِّيَّ لِبِطَاقَتِکَ وَاكْتُبْ مَا تُرِيْدُهُ مِنَ الْمَبْلَغِ.	۲: کارڈ کوآپ مشین میں ڈالیں،اور کارڈ کاخفیہ کوڈاس میں درج کریں،اور مطلوبہ رقم لکھ دیں۔

ا :وَكَيْفَ أَطَّلِعُ عَلٰى الرَّقْمِ السِّرِّيِّ لِلْبِطَاقَةِ ؟	ا: کارڈ کے پاس خفیہ کوڈ کا علم مجھے کیسے ہوگا؟
۲ :تُعْطٰى هٰذَاالرَّقْمَ بَعْدَ اِسْتِخْرَاجِکَ الْبِطَاقَةَ بِأُسْبُوْعٍ.	۲: کارڈ حاصل کرنے کے ایک ہفتہ بعد آپ کو یہ نمبر دے دیا جائیگا۔

ا :أَتُقْطَعُ الزَّكٰوةُ مِنْ هٰذَا الْحِسَابِ؟	ا: کیااس اکاؤنٹ سے زکوٰۃ کٹتی ہے؟
۲ :بِالْفِعْلِ ! إِنَّهَاتُؤْخَذُ فِيْ غُرَّةِ شَهْرِ رَمَضَانَ.	۲:جی بالکل !زکوٰۃ رمضان کے مہینے کی ابتداء میں لے لی جاتی ہے۔

۱: عَفْوًا! أُرِيدُ أَنْ لَا تُقْطَعَ الزَّكٰوةُ مِنْ رَصِيدِي.	۱: معاف کیجئے گا! میں اپنے سرمایہ سے زکوٰۃ نہیں کٹوانا چاہتا۔
۲: عَلَيْكَ أَنْ تَمْلَأَ الْاِسْتِمَارَةَ لِمَنْعِ قَطْعِ الزَّكٰوةِ مِنْ رَصِيدِكَ.	۲: آپ زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا فارم پر کریں۔

۱: عَفْوًا! هَلْ لَكَ أَنْ تُسَاعِدَنِي فِي إِيدَاعِ مَبْلَغٍ فِي حِسَابِ وَالِدِي؟	۱: معاف کیجئے گا! میں نے اپنے والد کے اکاؤنٹ میں رقم جمع کرانی ہے، اس بارے میں آپ میری مدد کر سکتے ہیں؟
۲: نَعَمْ! اَلْأَمْرُ بَسِيطٌ اِذْهَبْ إِلٰى ذٰلِكَ الْعَامِلِ هُنَاكَ، وَسَلِّمْ هٰذَا الْإِيْصَالَ إِلَيْهِ بَعْدَ مَلْئِهِ.	۲: جی ہاں! کام آسان ہے اس ورکر کے پاس جائیے، اور یہ سلپ پُر کرنے کے بعد جمع کرا دیں۔

۱: أَ تَقْصِدُ هٰذَا الْإِيْصَالَ الْأَخْضَرَ؟	۱: کیا آپ کی مراد یہ ہری والی سلپ ہے؟
۲: لَا، هٰذَا الْإِيْصَالُ لِسَحْبِ الْمَبْلَغِ وَأَمَّا الْإِيْصَالُ لِإِيدَاعِ الْمَبْلَغِ فَهُوَ أَبْيَضُ لَوْنُهُ.	۲: نہیں، یہ سلپ رقم نکالنے کے لیے ہے رقم جمع کرانے کی سلپ سفید ہے۔

۱: عَفْوًا! هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُسَاعِدَنِي فِي مَلْأِ هٰذَا الْإِيْصَالِ؟	۱: برائے مہربانی! کیا آپ اس سلپ کے پُر کرنے میں میری مدد کریں گے؟

٢ : مَعْذِرَةً ! فَأَنَامَشْغُولٌ ، هٰذَا زَمِيلِي يُسَاعِدُکَ فِي مَلْئِهِ. ٢:معاف کیجئے گا! میں مصروف ہوں میرا یہ ساتھی آپ کی مدد کردیگا۔

١ :عَفْوًا ! أُرِيْدُ بِطَاقَةَ سَحْبٍ. ١:معاف کیجئے گا! مجھے ATM کارڈ چاہئے۔

٢ :هَلْ لَکَ حِسَابٌ فِيْ هٰذَاالْفَرْعِ؟ ٢:کیا آپ کااس برانچ میں کوئی اکاؤنٹ ہے؟

١ :نَعَمْ ! لِي حِسَابٌ إِلَّا أَنِّيْ قُمْتُ بِالسَّحْبِ وَالْإِيْدَاعِ عَلٰى الْخَطِّ عَبْرَ الشَّبَکَةِ . ١:جی ہاں! میرا اکاؤنٹ ہے لیکن میں اب تک رقم کا جمع کرانا اورنکلوانا کمپیوٹر آن لائن کے ذریعے کرتا آیا ہوں۔

٢ :طَيِّبٌ !إِمْلَأْ هٰذِهِ الْإِسْتِمَارَةَ، تَجِدُ بِطَاقَةَ سَحْبٍ فِيْ غُضُوْنِ شَهْرٍ،وَ يَتِمُّ قَطْعُ مِائَةِ رُوْبِيَّةٍ مِنْ حِسَابِکَ. ٢:ٹھیک ہے!یہ فارم پر کیجئے آپ کوایک مہینہ کے اندرکارڈ مل جائے گا ،اور آپ کے اکاؤنٹ سے سوروپے کاٹ لئے جائیں گے۔

١ :وَهَلْ يُمْکِنُ اسْتِخْدَامُهَا کَبِطَاقَةِ الْإِئْتِمَانِ؟ ١:کیا میں اس کو کریڈٹ کارڈ کے طور پر استعمال کرسکتا ہوں؟

٢ :لَا يُمْکِنُ لِأَنَّهَا تَخْتَلِفُ عَنْهَا تَمَامًا وَلَهَاشُرُوْطٌ أُخْرٰى. ٢:یہ ممکن نہیں کیونکہ کریڈٹ کارڈ اس سے بالکل مختلف ہے اوراس کی اپنی شرائط ہیں۔

صَرَّاف: هٰذِه الْعُمْلَةُ بَالِيَة جدًّا.	چینجر: یہ نوٹ بہت بوسیدہ ہے۔
ا: عَفْوًا! مَا عِنْدِي سِوَاهَا فَلَوْ سَمَحْتَ! ضُمَّهَا إِلَى الْعُمْلَاتِ الْبَالِيَةِ الَّتِي تَسْتَبْدِلُوْنَهَا بِالْجَدِيْدَة مِنَ الْمَصْرِفِ الْمَرْكَزِيِّ.	ا: معاف کیجئے گا! میرے پاس اس کے علاوہ نہیں ہے برائے مہربانی! اسے ان نوٹوں میں شامل کردیں جنہیں آپ اسٹیٹ بینک سے نئے نوٹوں سے تبدیل کرتے ہیں۔

ا: عَفْوًا! أُرِيْدُ صَرْف هٰذَا الصَّكِّ.	ا: معاف کیجئے گا! میں یہ چیک کیش کرانا چاہتا ہوں۔
۲: حَاضِرٌ! هَلْ وَقَّعْتُمْ عَلٰى كِلَا الْوَجْهَيْنِ؟	۲: حاضر جناب! کیا آپ نے اس کی دونوں جانب دستخط کردیے ہیں؟

ا: عَفْوًا! أُرِيْدُ الْاِسْتِقْرَاضَ لِشِرَاءِ سَيَّارَةٍ فَهَلْ لِيْ أَنْ أَطَّلِعَ عَلٰى الشُّرُوْطِ الْمَطْلُوْبَةِ؟	ا: معاف کیجئے گا! میں گاڑی کولون پر لینا چاہتا ہوں تو کیا میں مطلوبہ شرائط جان سکتا ہوں؟
۲: نَعَمْ وَبِكُلِّ سُرُوْرٍ! تَفَضَّلْ هٰذِه الْاِسْتِمَارَةَ طَالِعْهَا، تَدُلُّكَ عَلٰى جَمِيْعِ الشُّرُوْطِ.	۲: جی ہاں بالکل خوشی سے! یہ فارم لیجئے اسے غور سے پڑھئے، آپ کو تمام شرائط کی جانکاری دے گا۔

١: عَفْوًا! أُرِيْدُ أَنْ أَطَّلِعَ عَلٰى الرَّصِيْدِ فِيْ حِسَابِيْ.
١: معاف کیجئے! میں اپنا بیلنس چیک کرنا چاہتا ہوں۔

٢: حَسَنًا! مَا رَقْمُ حِسَابِکَ؟
ٹھیک ہے! آپ کا اکاؤنٹ نمبر کیا ہے؟

١: هَلْ فُرُوْعُ هٰذَا الْمَصْرِفِ فِيْ جَمِيْعِ الْبَلَدِ؟
١: کیا اس بینک کی برانچیں تمام شہروں میں ہیں؟

٢: طَبْعًا! فُرُوْعُهُ فِيْ جَمِيْعِ الْمُدُنِ الْكَبِيْرَةِ بِالْإِضَافَةِ إِلٰى بَعْضِ الْقُرٰى.
٢: جی ہاں! اس کی شاخیں تمام بڑے شہروں کیساتھ ساتھ بعض دیہات میں بھی ہیں۔

١: هَلْ يُمْكِنُ السَّحْبُ بِالْبِطَاقَةِ حَيْثُ شِئْتُ مِنَ الْمُدُنِ؟
١: کیا کارڈ کے ذریعہ رقم نکالنا ہر شہر میں ممکن ہے؟

٢: بِالْفِعْلِ! يُمْكِنُكَ أَنْ تَسْحَبَ فِيْ أَيِّ مَدِيْنَةٍ شِئْتَ.
٢: جی ہاں بالکل! آپ کسی بھی شہر میں رقم نکال سکتے ہیں۔

١: عَفْوًا! كَيْفَ لِيَ السَّحْبُ بِالصَّکِّ؟
١: میں چیک کے ذریعہ رقم کیسے نکالوں گا؟

٢: وَقِّعْ عَلٰى الصَّکِّ، أَوْ إِبْصِمْ بَعْدَ أَنْ تَكْتُبَ عَلَيْهِ الْمَبْلَغَ الْمَطْلُوْبَ وَسَلِّمْهُ إِلٰى الصَّرَّافِ.
٢: آپ چیک پر مطلوبہ رقم درج کرنے کے بعد دستخط یا انگوٹھا لگائیں، اور کیشیر کو دے دیں۔

حِوَارٌ حَوْلَ مُقَابَلَةٍ لِلتَّدْرِيسِ (المقطع الأول)

تدریس کیلئے انٹرویو سے متعلق گفتگو (پہلا حصہ)

۱ : السَّلامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ!	۱: السلام علیکم!
۲ : وَعَلَيْكُمُ السَّلامُ وَرَحْمَةُ اللهِ! تَفَضَّلْ مَا الْخِدْمَةُ؟	۲: وعلیکم السلام! تشریف لائیے کیا خدمت کریں؟
۱ : اِسْمِي حَامِدٌ، وَقَدْ تَخَرَّجْتُ مِنْ جَامِعَةِ الشُّبَّانِ سَنَةَ أَلْفَيْنِ، بَلَغَنِي أَنَّ عِنْدَكُمْ شَاغِرًا تَدْرِيسِيًّا.	۱: میرا نام حامد ہے، میں نے جامعہ شبان سے سن دو ہزار میں سند فراغت حاصل کی ہے، مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ کے ہاں تدریس کیلئے کوئی جگہ ہے۔
۲ : نَعَمْ! هُوَ كَذٰلِكَ، مِنْ أَيْنَ أَنْتُمْ؟	۲: جی ہاں! بات یوں ہی ہے، آپ کا تعلق کہاں سے ہے؟
۱ : أَنَا مِنْ لَاهُور.	۱: میرا تعلق لاہور سے ہے۔
۲ : هَلْ تَلَقَّيْتُمْ جَمِيعَ الدُّرُوسِ فِي نَفْسِ الْجَامِعَةِ الَّتِي تَخَرَّجْتُمْ مِنْهَا؟	۲: کیا آپ نے تمام اسباق اسی جامعہ میں پڑھے ہیں جہاں سے آپ فارغ التحصیل ہیں؟
۱ : نَعَمْ! تَلَقَّيْتُ فِيهَا جَمِيعَ الدُّرُوسِ إِلَّا الصَّفَّ الْأَوَّلَ.	۱: جی ہاں! سوائے درجہ اولیٰ کے تمام اسباق وہی پڑھے ہیں۔
۲ : هَلْ سَبَقَ لَكَ أَنْ مَارَسْتَ هٰذِهِ الْمِهْنَةَ؟	۲: کیا پہلے بھی آپ تدریس کر چکے ہیں؟
۱ : نَعَمْ! مَارَسْتُهَا سِنِينَ فِي مَدَارِسَ شَتّٰى.	۱: جی ہاں بالکل! میں نے مختلف مدارس میں کئی سال پڑھایا ہے۔

٢: أَيُّ مَدْرَسَةٍ كُنتَ تُدَرِّسُ فِيهَا؟	٢: ماضی قریب میں آپ کس مدرسہ میں پڑھاتے رہے ہیں؟
ا: دَرَّسْتُ فِي مَدَارِسَ كَثِيرَةٍ، وَآخِرُ مَدْرَسَةٍ دَرَّسْتُ فِيهَا خَيْرُ الْعُلُومِ.	ا:۔ میں نے بہت سے مدارس میں پڑھایا ہے، اور آخر میں، میں نے خیر العلوم میں پڑھایا ہے۔
٢: كَمْ كَانَ مُرَتَّبُكَ ؟	٢: آپ کی تنخواہ کیا تھی؟
ا: اَلْمُرَتَّبُ بِصُورَةٍ عَامَّةٍ سِتَّةُ آلافٍ فِي جَمِيعِ الْمَدَارِسِ الَّتِي اشْتَغَلْتُ فِيهَا.	ا: جن مدارس میں میں نے پڑھایا ہے سب میں تقریباً تنخواہ چھ ہزار روپے تھی۔
٢: وَهَلْ أُعْطِيتَ التَّسْهِيلاتِ مَعَ هٰذَا الْمُرَتَّبِ؟	٢: کیا آپ کو اس تنخواہ کیساتھ کچھ اور مراعات بھی دی گئی تھیں؟
ا: نَعَمْ! أُعْطِيتُ بَعْضَ التَّسْهِيلاتِ فِي كُلِّ مَدْرَسَةٍ، كَالسَّكَنِ مَعَ الْعَائِلَةِ وَغَيْرِهَا مِنَ التَّسْهِيلاتِ	ا: جی ہاں! کچھ مراعات مجھے ہر مدرسہ میں دی گئیں، جیسے اہل خانہ کیساتھ رہائش کیلئے گھر وغیرہ۔
٢: شُكْرًا عَلٰى تَشْرِيفِكَ! نَحْنُ بِحَاجَةٍ إِلٰى مُدَرِّسٍ يُحْسِنُ الْعَرَبِيَّةَ نُطْقًا وَكِتَابَةً.	٢: آپ کے تشریف لانے کا شکریہ! ہمیں ایک ایسے مدرس کی ضرورت ہے جو عربی بول چال اور انشاء اچھی طرح جانتا ہو۔
ا: سَيِّدِي! أَنَا أَحْمِلُ شَهَادَةَ التَّخَصُّصِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ.	ا: جناب! میں تخصص باللغۃ العربیہ میں سند یافتہ ہوں۔

٢ : أَيْنَ تَخَصَّصْتَ؟	٢: آپ نے تخصص کہاں سے کیا ہے؟
١ : تَخَصَّصْتُ بِجَامِعَةِ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ.	١: میں نے جامعہ عثمانؓ میں تخصص کیا ہے۔
٢ : طَيِّبْ! هَلْ أَخَذْتُمْ مَعَكُمْ جَمِيْعَ مُؤَهَّلاتِكُمُ الْعِلْمِيَّةِ؟	٢: کیا آپ اپنے ساتھ اپنی تمام ضروری اسناد لائے ہیں؟
١ : مَا أَخَذْتُهَا الْيَوْمَ مَعِيْ وَلٰكِنِّيْ سَأُحْضِرُهَا غَدًا إِنْشَاءَ اللّٰهُ!	١: آج تو نہیں لایا ہوں لیکن کل انشاء اللہ! لے آؤں گا۔
٢ : حَسَنًا! إِذَا أَحْضَرْتُمْ مُؤَهَّلاتِكُمْ تَكُوْنُ مُقَابَلَتُكُمْ مَعَ مُدِيْرِ الْجَامِعَةِ.	٢: ٹھیک ہے! جب اپنی اسناد لے آئیں تو مدرسہ کے مہتمم صاحب آپ کا انٹرویو لیں گے۔
١ : مَتَى أَحْضُرُ غَدًا؟	١: کل کس وقت آجاؤں؟
٢ : تَفَضَّلُوْا فِيْ نَفْسِ هٰذَا الْمَوْعِدِ.	٢: اسی وقت تشریف لے آئیے۔
١ : هَلْ هُنَاكَ شَيْءٌ آخَرُ دُوْنَ الْمُؤَهَّلاتِ أُحْضِرُهُ؟	١: ضروری اسناد کے علاوہ اگر کسی اور چیز کی ضرورت ہو تو میں لے آؤں؟
٢ : مَا عَلَيْكَ إِلَّا أَنْ تُحْضِرَ مُؤَهَّلاتِكَ.	٢: آپ صرف اسناد لے آئیں۔
١ : عَفْوًا! مَا اسْمُ مُدِيْرِ الْمَدْرَسَةِ؟	١: معاف کیجئے گا! مدرسہ کے مہتمم کا کیا نام ہے؟
٢ : اِسْمُهُ الشَّيْخُ إِبْرَاهِيْم.	٢: ان کا نام شیخ ابراہیم ہے۔

ا: جَيِّدٌ! سَأَحْضُرُ غَدًا إِنْشَاءَ اللّٰهُ! ا: ٹھیک ہے! انشاء اللہ! کل حاضر ہو جاؤنگا

السلام عليكم! السلام علیکم!

۲: وعليكم السلام! ۲: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ!

حِوَارٌ حَوْلَ مُقَابَلَةٍ لِلتَّدْرِيْسِ (المقطع الثاني)

تدریس کیلئے انٹرویو سے متعلق گفتگو (دوسرا حصہ)

الأستاذ: السلام عليكم! اُستاذ: السلام علیکم!

العامل: وعليكم السلام! خادم: وعلیکم السلام!

الأستاذ: هَلْ هٰذِهِ الْمَدْرَسَةُ الإِمَامُ أَبُوْ حَنِيفَةَ؟ استاذ: کیا یہ مدرسہ امام ابوحنیفہ ہے؟

العامل: نَعَمْ! هِيَ بِعَيْنِهَا. خادم: جی ہاں! بالکل یہی ہے۔

الأستاذ: أَيْنَ مَكْتَبُ الْمُدِيْرِ؟ استاذ: مہتمم صاحب کا دفتر کہاں ہے؟

العامل: لِمَهُ! هَلْ عِنْدَكَ مَعَهُ مَوْعِدٌ؟ خادم: کیوں، کیا آپ کا ان کے ساتھ وقت طے ہے؟

الأستاذ: نَعَمْ! فَمَوْعِدِيْ الْيَوْمَ، وَعِنْدِيْ مُقَابَلَةٌ مَعَهُ عَلَى السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ وَالنِّصْفِ. استاذ: جی ہاں! مجھے آج کا وقت دیا ہے۔ ساڑھے دس بجے ان کے پاس انٹرویو ہے۔

العامل: اَلْمُدِيْرُ الْآنَ مَشْغُوْلٌ، بَقِيَ مِنَ الْوَقْتِ خَمْسُ دَقَائِقَ، فَانْتَظِرْ حَتَّى يَطْلُبَكَ. خادم: مہتمم صاحب ابھی مصروف ہیں، پانچ منٹ باقی ہیں آپ انتظار کیجئے وہ آپ کو بلا لینگے۔

الأستاذ: أَنَا مَوْجُودٌ هُنَا، أَقْرَأُ الْإِعْلَانَاتِ الْمَكْتُوبَةَ، فَإِذَا طَلَبَنِي فَأَخْبِرْنِي.
استاذ: میں یہاں کھڑا نوٹس بورڈ پڑھ رہا ہوں، جب وہ بلائیں تو مجھے بتادینا۔

العامل: اِطْمَئِنَّ، فَأَنَا مَوْجُودٌ لِهٰذَا لِهٰذَا الْغَرَضِ.
خادم: اطمنان رکھئے، میں اسی کام کیلئے یہاں موجود ہوں۔

العامل: يَاسَيِّدِي! تَفَضَّلْ فَالْمُدِيرُ يَطْلُبُكَ.
خادم: جناب تشریف لایئے! مہتمم صاحب آپ کو بلارہے ہیں۔

الأستاذ: شُكْرًا لَكَ!
استاذ: آپ کا شکریہ!

الأستاذ: السلام عليكم!
استاذ: السلام علیکم!

اَلْمُدِيرُ: وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ، تَفَضَّلْ اِجْلِسْ.
مہتمم: وعلیکم السلام! آیئے تشریف رکھئے۔

الأستاذ: شُكْرًا!
استاذ: شکریہ!

اَلْمُدِيرُ: مَا اسْمُكَ بِالْكَامِلِ؟
مہتمم: آپ کا پورا نام کیا ہے؟

الأستاذ: اِسْمِي صالح احمد.
استاذ: میرا نام صالح احمد ہے۔

المدير: مِنْ أَيِّ مِنْطَقَةٍ؟
مہتمم: کہاں سے آپکا تعلق ہے؟

الأستاذ: أَنَا مِنْ مِنْطَقَةِ جلشن إِقْبَال.
استاذ: میرا تعلق گلشن اقبال سے ہے۔

اَلْمُدِيْرُ: مَتَى تَخَرَّجْتَ ؟	مہتمم: آپ کی فراغت کب ہوئی ہے؟
الأستاذ: تَخَرَّجْتُ سَنَةَ أَلْفَيْنِ وَاثْنَيْنِ.	استاذ: میں سن 2002 میں فارغ التحصیل ہو چکا ہوں۔
الْمُدِيْرُ: وَمَاهِيَ مُؤَهَّلاتُكَ ؟	مہتمم: آپ کی کوالیفکیشن کیا ہے؟
الأستاذ: عِنْدِيْ شَهَادَةُ ماجِسْتيرفِي الْعُلُوْمِ الشَّرْعِيَّةِ، وَشَهَادَةٌ فِيْ الْفِقْهِ الْإِسْلَامِيِّ، وَشَهَادَةٌ فِيْ عُلُوْمِ الْحَدِيْثِ.	استاذ: میرے پاس علوم شرعیہ میں ماسٹر کی ڈگری ہے اور فقہ اسلامی اور علوم حدیث کی اسناد ہیں۔
المدير: جَمِيْلٌ، وَهَلْ دَرَّسْتَ فِيْ مَدْرَسَةٍ مَّا؟	مہتمم: اچھا! کیا آپ نے کسی مدرسہ میں پڑھایا ہے؟
الأستاذ: نَعَمْ ! دَرَّسْتُ فِيْ مَدْرَسَةِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ.	استاذ: جی ہاں! میں نے مدرسہ ابن مسعودؓ میں پڑھایا ہے۔
المدير: وَمَاذَادَرَّسْتَ ؟	مہتمم: کیا پڑھایا ہے؟
الأستاذ: دَرَّسْتُ الْفِقْهَ، وَالْحَدِيْثَ، وَالتَّفْسِيْرَ، وَاللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ مِنْ نَحْوٍ، وَ بَلاغَةٍ، وَأَدَبٍ، وَشِعْرٍ.	استاذ: میں نے، فقہ، حدیث، تفسیر اور لغت عربی میں نحو، بلاغت، اور ادب واشعار کے فنون پڑھائے ہیں۔

المدير: جَيِّدٌ جِدًّا، وَهَلْ لَكَ مُؤَهَّلاتٌ إِدَارِيَّةٌ ؟	مہتمم: بہت اچھا! اور کیا آپ کے پاس انتظامی صلاحیت ہے؟
الأستاذ: نَعَمْ ! كُنْتُ مَعَ التَّدْرِيْسِ مُنَظِّمًا لِلْأُمُوْرِ الْإِدَارِيَّةِ بِجَمِيْعِ أَنْوَاعِهَا.	استاذ: جی ہاں! تدریس کے ساتھ تمام انتظامی امور بھی سرانجام دیتا تھا۔
المدير: إِذًا لِمَاذَا تَرَكْتَ تِلْكَ الْمَدْرَسَةَ وَجِئْتَ إِلٰى هٰذِهِ الْمَدْرَسَةِ؟	مہتمم: تو آپ نے وہ مدرسہ کیوں چھوڑا اور یہاں تشریف لے آئے؟
الأستاذ: تِلْكَ الْمَدْرَسَةُ جَيِّدَةٌ، وَلٰكِنَّ مُؤَهَّلاتِهَا الْمَادِيَّةَ ضَعِيْفَةٌ مَعَ عَدَمِ اهْتِمَامِهَا بِالْأَسَاتِذَةِ.	استاذ: وہ مدرسہ اچھا ہے لیکن اس کی مالی حالت کمزور تھی اور ساتھ ہی اساتذہ کے ساتھ بے اعتنائی کا معاملہ تھا۔
المدير: نَحْنُ نُحِبُّ مِثْلَ هٰؤُلَاءِ الْأَسَاتِذَةِ الْمُمَيَّزِيْنَ عِلْمًا وَأَدَبًا، وَلٰكِنْ لَابُدَّ مِنْ اِسْتِشَارَةِ بَقِيَّةِ الْأَعْضَاءِ.	مہتمم: ہمیں اسی طرح کے علم وادب میں فائق اساتذہ پسند ہیں تاہم دوسرے اراکین سے مشورہ کرنا بھی ضروری ہے۔
الأستاذ: نَعَمْ! هٰذَا مَطْلُوْبٌ فِيْ مِثْلِ هٰذِهِ الْمَدْرَسَةِ الْمَعْرُوْفَةِ.	استاذ: جی ہاں! اس جیسے مشہور ومعروف مدرسہ میں اسی طرح ہونا چاہئے۔
الأستاذ: عِنْدَكَ رُقْمُ هَاتِفِيْ، فَاتَّصِلْ بِيْ إِذَا قَرَّرْتُمْ شَيْئًا.	استاذ: میرا فون نمبر تو آپ کے پاس ہے، جب آپ لوگ کچھ طے کرلیں تو مجھے فون کر لیجئے گا۔

المدير: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ! كُنْ مُطْمَئِنًا.	مہتمم: انشاءاللہ! مطمئن رہیے۔
الأستاذ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ! السلام عليكم!	استاذ: انشاءاللہ! السلام علیکم!
المدير: وَعليكم السلام!	مہتمم: وعلیکم السلام!

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ مُقَابَلَةٍ لِلتَّدْرِيْسِ

(تدریس کیلئے انٹرویو سے متعلق سوالات وجوابات)

۱: هَلْ سَبَقَ لَكَ أَنْ دَرَّسْتَ فِيْ مَدْرَسَةٍ قَبْلَ هٰذَا؟	۱: کیا آپ نے اس سے پہلے کہیں پڑھایا ہے؟
۲: بِالْفِعْلِ! دَرَّسْتُ فِيْ مَدْرَسَةِ مَظَاهِرِ الْعُلُوْمِ ثَلاثَ سِنِيْنَ.	۲: جی ہاں! میں نے مدرسہ مظاہر العلوم میں تین سال پڑھایا ہے۔
۱: مَاذَا دَرَّسْتَ هُنَاكَ؟	۱: وہاں آپ نے کیا پڑھایا ہے؟
۲: دَرَّسْتُ هُنَاكَ كُتُبًا شَتّٰى.	۲: وہاں میں نے مختلف کتابیں پڑھائی ہیں۔
۱: أَيَّ فَنٍّ تُحْسِنُ تَدْرِيْسَهُ؟	۱: آپ کس فن میں مہارت رکھتے ہیں؟
۲: اَلْحَمْدُلِلّٰهِ! لَدَيَّ خِبْرَةٌ فِيْ تَدْرِيْسِ النَّحْوِ.	۲: الحمدللہ! مجھے نحو پڑھانے کا کافی تجربہ ہے۔
۱: مَا هُوَ سَبَبُ مُغَادَرَتِكَ لِتِلْكَ الْمَدْرَسَةِ؟	۱: اس مدرسہ کو چھوڑنے کی کیا وجہ تھی؟

٢ :غَادَرْتُهَا لِقِلَّةِ الرَّاتِبِ/ كَانَتِ الْإِدَارَةُ تُطَالِبُنِي بِوَقْتٍ طَوِيلٍ.	٢: کم تنخواہ کی وجہ سے چھوڑنا پڑا/ادارہ مجھ سے زیادہ وقت مانگ رہا تھا۔

١ :هَلْ كَانَتْ لَدَيْكَ الْمُرَاقَبَةُ دُوْنَ التَّدْرِيْسِ؟	١: کیا تدریس کے علاوہ آپ کی کوئی نگرانی بھی تھی؟
٢ :نَعَمْ ! كُنْتُ أُرَاقِبُ الْأَطْفَالَ عِنْدَ الْغَدَاءِ.	٢: جی ہاں! دوپہر کے کھانے میں بچوں کی نگرانی کرتا تھا۔

١ :وَمَاذَا يَشْغَلُكَ دُوْنَ التَّدْرِيْسِ؟	١: تدریس کے علاوہ آپ کی اور کیا مصروفیت ہے؟
٢ :عِنْدِيْ مَنْصِبُ الْإِمَامَةِ فِي الْمَسْجِدِ/ مَاعِنْدِيْ شُغْلٌ سِوَى التَّدْرِيْسِ.	٢: مسجد میں امامت ہے/تدریس کے علاوہ میری کوئی مصروفیت نہیں ہے۔

١ :هَلْ لَكَ صِلَةٌ بِالتَّبْلِيْغِ؟	١: کیا آپ تبلیغ میں جڑتے ہیں؟
٢ :طَبْعًا ! أَشْتَرِكُ فِيْ اِجْتِمَاعِ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ، وَأَخْرُجُ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا كُلَّ سَنَةٍ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ.	٢: یقیناً! شب جمعہ میں جڑتا ہوں، اور الحمد للہ! سالانہ چلہ لگاتا ہوں۔

١ :هَلْ أَنْتَ مُتَزَوِّجٌ؟	١: کیا آپ شادی شدہ ہے؟
٢ :نَعَمْ! لِيْ بِنْتٌ وَوَلَدَانِ.	٢: جی ہاں! میری ایک بیٹی اور دو بیٹے ہیں۔

۱ : كَمْ أَخًا لَكَ؟	۱: آپ کے بھائی کتنے ہیں؟
۲ :لِيْ أَرْبَعَةُ إِخْوَةٍ وَهُمْ يَشْتَغِلُوْنَ بِأُمُوْرٍ دُنْيَوِيَّةٍ.	۲: میرے چار بھائی ہیں،وہ سب دنیوی کاموں میں مصروف ہیں۔

۱ : كَمْ وَقْتًا تُرِيْدُ أَنْ تُعْطِيَ الْإِدَارَةَ يَوْمِيًّا؟	۱: آپ ادارہ میں روزانہ کتنا وقت دینا چاہتے ہیں؟
۲ :أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَغِلَ مِنَ الثَّامِنَةِ صَبَاحًا إِلٰى تَمَامِ الثَّانِيَةَ عَشْرَةَ.	۲: میں صبح آٹھ بجے سے دوپہر بارہ بجے تک وقت دینا چاہتا ہوں۔

۱ : لٰكِنَّنَا نُرِيْدُ أُسْتَاذًا يَشْتَغِلُ ثَمَانِيَ سَاعَاتٍ يَوْمِيًّا.	۱: لیکن ہمیں ایسے استاذ کی ضرورت ہے جو روزانہ آٹھ گھنٹے دے۔
۲ :طَيِّبٌ! أَتَشَاوَرُ وَ أَسْتَخِيْرُ كَذٰلِكَ.	۲: ٹھیک ہے !میں مشورہ کرلیتا ہوں اور استخارہ بھی۔

۱ :عِنْدَنَا بَعْضُ الْمُرَاقَبَاتِ سِوَى التَّدْرِيْسِ	۱: ہمارے ہاں تدریس کے علاوہ کچھ نگرانیاں بھی ہیں۔
۲ :ہاَ [illegible] سْتَعِدٌّ لِلْمُرَاقَبَةِ كَذٰلِكَ [illegible] ِرِى التَّدْرِيْسِ.	۲: ٹھیک ہے! تدریس کے علاوہ نگرانی کرنے کے لیے بھی تیار ہوں۔

١ : عِنْدَنا يُقْطَعُ شَيْءٌ مِنَ الرَّوَاتِبِ عَلَى الْغِيَابِ. ١: ہمارے ہاں غیر حاضری پر تنخواہ سے کچھ کٹوتی ہوتی ہے۔

٢ :سَأَلْتَزِمُ بِهٰذَاالْقَانُوْنِ إِنْشَاءَ اللّٰهُ! ٢: اِنشاءاللہ! میں اس قانون کا پابند رہوں گا۔

١ : لَايُسْمَحُ عِنْدَنا لِأَيِّ أُسْتَاذٍ أَنْ يُدَرِّسَ فِي مَدْرَسَةٍ أُخْرٰى. ١: ہمارے ہاں کسی بھی استاذ کو دوسرے مدرسہ میں تدریس کی اجازت نہیں ہے۔

٢ :نَعَمْ ! أَنَامُسْتَعِدٌّ لِهٰذَاالْقَانُوْنِ بِشَرْطِ أَنْ تُعْطُوْنِي كِفَايَتِي الْمَعَاشِيَّةَ. ٢: ٹھیک ہے! میں اس قانون کیلئے تیار ہوں بشرطیکہ آپ مجھے مکمل معاش دیں۔

١ :يَجِبُ عِنْدَنَاعَلَى الْأُسْتَاذِ أَنْ يُقِيمَ دَوْرَةَ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ فِي الْإِجَازَاتِ. ١: ہمارے ہاں چھٹیوں میں استاذ کیلئے لغت عربی کا دورہ کرانا ضروری ہے۔

٢ : عَفْوًا! عِنْدِي خُرُوْجٌ فِي الدَّعْوَةِ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًافِي الْإِجَازَةِ السَّنَوِيَّةِ. ٢: معذرت! سالانہ چھٹیوں میں میری تبلیغ میں چلہ کی ترتیب ہے۔

١ :سَتَكُوْنُ عَلٰى صِلَةٍ بِمُدِيْرِ التَّعْلِيْمِ فِيْ جَمِيْعِ أُمُوْرِكَ. ١: آپ اپنے تمام معاملات میں ناظم تعلیمات سے رابطہ میں رہیں گے۔

٢ :طَيِّبٌ! سَأَكُوْنُ عَلٰى صِلَةٍ بِهِ. ٢: ٹھیک ہے! میں انسے رابطہ میں رہوں گا۔

١ : تُرَاجِعُ مُدِيْرَ التَّعْلِيْمِ فِيْ جَمِيْعِ أُمُوْرِكَ. ١: آپ اپنے تمام معاملات میں ناظم تعلیم سے رجوع کرینگے۔

٢ :طَيِّبٌ! سَأُرَاجِعُهُ. ٢: ٹھیک ہے! میں اسے رجوع کرونگا۔

۱: لَايُسْمَحُ عِنْدَنَا بِضَرْبِ الْأَوْلَادِ إِنَّمَا يُرْسَلُوْنَ إِلَى مَكْتَبِ مُدِيْرِ التَّعْلِيْمِ بَدَلَ الضَّرْبِ.

۱: ہمارے ہاں بچوں کو مارنے کی اجازت نہیں ہے بلکہ مارنے کے بجائے ناظم تعلیمات کے دفتر بھیجا جاتا ہے۔

۲: سَأُحَاوِلُ أَنْ أَجْتَنِبَ الضَّرْبَ إِنْشَاءَ اللّٰهُ! إِلَّا أَنَّنِي بَشَرٌ قَدْ يَعْتَرِيْنِي الْغَضَبُ.

۲: انشاء اللہ! کوشش تو میری یہی ہوگی کہ میں مارنے سے بچا رہوں، پھر بھی انسان ہوں کبھی غصہ آ ہی جاتا ہے۔

۲: مَاهُوَ نِظَامُ الرَّاتِبِ عِنْدَكُمْ؟

۲: آپ کے ہاں تنخواہ کی کیا ترتیب ہے؟

۱: اَلْأَسَاتِذَةُ كُلُّهُمْ يُعْطَوْنَ الرَّاتِبَ فِي الْيَوْمِ الْخَامِسِ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ إِسْلَامِيٍّ.

۱: تمام اساتذہ کو اسلامی مہینہ کی پانچ تاریخ کو تنخواہ دی جاتی ہے۔

۲: وَإِذَامَسَّتْ بِالْمُدَرِّسِ حَاجَةٌ إِلَى الْإِجَازَةِ فَمَانِظَامُهَافِي الْإِدَارَةِ؟

۲: اور جب استاذ کو کسی کام کیوجہ سے اجازت لینی ہو تو ادارہ میں اسکی کیا ترتیب ہے؟

۱: عَلَيْهِ أَنْ يُسَلِّمَ الْعَرِيْضَةَ لِلْإِدَارَةِ أَوْ لِمُدِيْرِ التَّعْلِيْمِ.

۱: اس کے لیئے ضروری ہے کہ ادارہ میں یا ناظم تعلیمات کو درخواست پیش کر دے۔

۱: عَلَيْهِ أَنْ يَأْخُذَ الْمُوَافَقَةَ عَلَيْهَامِنَ الْإِدَارَةِ أَوْمِنْ مُدِيْرِ التَّعْلِيْمِ.

۱: اس کیلئے ضروری ہے کہ ادارہ یا ناظم تعلیمات سے اس کی منظوری لے۔

١ : إِذَا كَانَتِ الْإِجَازَةُ يَوْمًا أَوْيَوْمَيْنِ، فَلْيُرَاجِعْ مُدِيْرَ التَّعْلِيْمِ وَلْيُخْبِرْهُ وَإِلَّا فَلْيَأْخُذِ الْمُوَافَقَةَ مِنَ الْإِدَارَةِ.	۱: اگر ایک یا دو دن کی رخصت ہوتو ناظم تعلیمات کو اطلاع دے وگرنہ ادارہ سے اس کی منظوری کروائے۔
٢ : مَاهُوَ نِظَامُ مَجْلِسِ الشُّوْرٰی عِنْدَكُمْ؟	۲: آپ کے ہاں مجلس شوریٰ کی کیا ترتیب ہے؟
١ : اَلْمَجْلِسُ يُعْقَدُ عِنْدَنَا أُسْبُوْعِيًّا فَيَجِبُ عَلٰى كُلِّ اُسْتَاذٍ أَنْ يُشَارِكَ فِيْهِ.	۱: ہمارے ہاں ہفتہ وار مشورہ ہوتا ہے کہ جس میں ہر استاذ کی شرکت ضروری ہے۔

طَلَبٌ لِلتَّدْرِيْسِ (۱)

الموضوع: طَلَبُ تَعْيِيْنِ مُدَرِّسٍ

إِلٰى حَضْرَةِ الرَّئِيْسِ الْمُدِيْرِ الْعَامِ لِهَيْئَةِ التَّدْرِيْسِ وَالْمُدَرِّسِيْنَ

وَبعدُ:

قَدْبَلَغَنِيْ مِنْ إِعَلَا نَاتِكُمُ الْمَكْتُوْبَةِ عَلى الْجَرَائِدِ،أَنَّكُمْ سَتَنْتَدِبُوْنَ أَسَاتِذَةً لِلتَّدْرِيْسِ بِمَدْرَسَتِكُمُ الْمَشْهُوْرَةِ،فَأَرَدْتُ أَنْ أَكْتُبَ عَنْ حَالَتِيَ الْعِلْمِيَّةِ،وَأُبَيِّنَهَالَكُمْ،لَعَلِّيْ أَحْظَى بِمَكَانٍ فِيْ هٰذِه الْمَدْرَسَةِ الْمُبَارَكَةِ.

إِنِّيْ طَالِبٌ مُتَخَرِّجٌ مِنْ مَدْرَسَةِ الْفُرْقَانِ الْإِسْلَا مِيَّة سَنَةَ أَلْفَيْنِ وَخَمْسٍ، وَقَدْ نِلْتُ دَرَجَةَ (ممتاز) وَتَحَصَّلْتُ عَلٰى الرُّتْبَةِ الْأُوْلٰى بِالنِّسْبَةِ لِجَمِيْعِ مَدَارِسِ السندِ، وَأُسْنِدَتْ إِلَيَّ شَهَادَةُ تَقْدِيْرٍ وَإِعْجَابٍ.

وَقَدْ أَلْصَقْتُ مَعَ هٰذِه الرِّسَالَةِ شَهَادَةَ الْمَاجِسْتِير، وَشَهَادَةً أُخْرٰى فِيْ تَخَصُّصِ الْحَدِيْثِ،مَعَ الْعِلْمِ أَنِّيْ قَدْ أَخَذْتُ شَهَادَةَ تَكْمِيْلِ حِفْظِ الْقُرآنِ الْكَرِيْمِ عَلى الرِّوَايَاتِ الْعَشْرِ،وَذٰلِكَ فِيْ سَنَةِ أَلْفَيْنِ وَوَاحِدٍ.

أَرْجُوْسَيِّدِيْ الْكَرِيْمَ،أَنْ يَحْظَى هٰذَاالطَّلَبُ بِالْقَبُوْلِ وَالرِّعَايَةِ.

(المعلومات الخاصة بِيْ أدنى هٰذِه الصَّفحةِ)

والسلام

محمد شيرعلي

الاسم: محمدشيرعلي.

مولودفي: ۹/۴/۱۹۸۰م بكراتشى.

الشهائد: ۱: شهادة ماجستيرفي الشريعة الإسلامية بدرجة ممتاز

۲: شهادة تخصص في الحديث بدرجة ممتاز ۳: شَهَادة في القراء ات بدرجة ممتاز.

تدریس کیلئے درخواست (۱)

محترم جناب ناظم تعلیمات صاحب

بعدازسلام: مجھے اخبار میں آپ کے لکھے ہوئے اعلانات پہنچے، کہ آپ کو اپنے مشہور مدرسہ میں تدریس کیلئے اساتذہ مطلوب ہیں، تو میں نے ارادہ کیا کہ میں اپنی علمی صلاحیت کو آپ حضرات کے سامنے پیش کروں شاید کہ میں بھی اس مبارک مدرسہ میں حقیر سی جگہ پاسکوں۔

میں مدرسہ الفرقان الاسلامیہ سے سن ۲۰۰۵ میں فاضل اور ممتاز درجہ سے کامیاب ہوا ہوں، اور مدارس سندھ میں اول پوزیشن حاصل کی ہے، اور مجھے سند تحسین بھی دی گئی ہے۔

اور میں نے اس درخواست کے ساتھ ماسٹر کی اور تخصص فی الحدیث کی سند لفکر دی، اور یہ بھی آپ کے علم میں لاؤں کہ میں نے تکمیل حفظ قرآن کی سند بمع سبعہ عشر قراءت کے سن ۲۰۰۱ میں حاصل کی ہے۔

آنجناب سے گزارش ہیکہ میری درخواست کو منظور فرمادیں

(بندہ سے متعلق معلومات درج ذیل ہیں)

والسلام

محمد شیر علی

نام: محمد شیرلی

پیدائش: ــــــــــــکراچی

اسناد: ۱: ماسٹر ڈگری اسلامی شریعت میں ممتاز تقدیر کے ساتھ

۲: تخصص فی الحدیث کی سند ممتاز // // ۳: تجوید والقرآن کی سند // //

طَلَبٌ لِلتَّدْرِيْسِ (٢)

الموضوع: طَلَبٌ لِلتَّدْرِيْسِ

إِلٰى مَعَالِي وَزِيْرِ التَّرْبِيَةِ وَالتَّعْلِيْمِ.

أَمَابَعْد !

بَعْدَ التَّحِيَّةِ وَالسَّلَامِ، فَقَدْ بَلَغَنِيْ إِعْلَانُكُمُ المؤرخ في ٢٣/٠٤/٢٠٠٦ الَّذِيْ يَحْتَوِيْ عَلٰى انْتِدَابِ أَسَاتِذَةٍ لِلتَّدْرِيْسِ، فَهَا أَنَاذَا أُقَدِّمُ بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ طَلَبِي الْبَسِيْطِ، لَعَلِّيْ أَحْظُوْ بِمَنْصِبٍ فِيْ مَدْرَسَتِكُمُ الْكَرِيْمَةِ.

فَأَنَامِنْ خِرِّيْجِيْ مَدْرَسَةِ (التقوى) بِكَرَاتَشي، وَاسْمِيْ سرفرازمِنْ مَوَالِيْدِ 1986. قَدْ نِلْتُ شَهَادَةَ الْمَاجستيربدَرَجَةِ (ممتاز) وَلِيْ خِبْرَةٌ فِي التَّدْرِيْسِ مَايُقَابِلُ عَنْ ثَلَاثِ سَنَوَاتٍ، دَرَّسْتُ فِيْهَا، النحو، وَالصرف، وَالعروضَ وَالتفسيرَ فَضْلًا عَلٰى إِدَارَةِ بَعْضِ الْأُمُوْرِ الْإِدَارِيَّةِ كُلِفْتُ بِهَا.

أَرْجُوْسَيِّدِي الْكريم أَنْ يَكُوْنَ هٰذَا الطَّلَبُ قَدْ وَصَلَكُمْ واطَّلَعْتُمْ عَلَيْهِ.

والسلام

سرفرازخان

تدریس کیلئے درخواست (۲)

بخدمت جناب وزیر تعلیم وتربیت

بعد از سلام، بمورخہ 2006/4/23 کو مجھے آپ حضرات کے ایک اشتہار کے بارے میں معلوم ہوا، جس میں تدریس کیلئے اساتذہ کی ضرورت کا ذکر تھا، تو میں آپ حضرات کو اپنی معمولی سی درخواست پیش کرتا ہوں شاید آپ کے معروف مدرسہ میں بندہ کو بھی جگہ نصیب ہو۔

میں مدرسہ التقویٰ کراچی کے فضلاء میں سے ہوں اور میرا نام محمد سرفراز ہے اور پیدائش سن 1986 ہے میں نے ماسٹر کی ڈگری ممتاز نمبرات سے حاصل کی ہے اور میرا تدریس میں تقریبا تین سالہ تجربہ ہے جسمیں میں نے نحو، صرف، عروض، تفسیر پڑھائی ہے اور ساتھ ساتھ بعض انتظامی امور بھی سرانجام دیے ہیں۔

تو مجھے امید ہے کہ آنجناب کو یہ درخواست پہنچ گئی ہوگی اور اس سے باخبر ہونگے۔

والسلام

محمد سرفراز

حِوَارٌ حَوْلَ السَّفَرِ بِالْقِطَارِ

(ریل گاڑی کے سفر سے متعلق گفتگو)

١ :نَحْنُ عَلٰی عَتَبَةِ الْإِجَازَةِ السَّنَوِيَّةِ فَهَلْ أَخَذْتَ أُهْبَتَکَ لِلسَّفَرِ؟	١:ہماری سالانہ چھٹیاں قریب ہیں کیا تم نے سفر کی تیاری کی ہے؟
٢ :بِالْفِعْلِ يَاأَخِيْ! أَنَاعَلٰی أُهْبَةِ السَّفَرِ تَمَامًا.	٢:بالکل !میں نے سفر کیلئے مکمل تیاری کر رکھی ہے۔

١ : كَيْفَ سَتُسَافِرُ ؟	١:سفر کیسے کرو گے؟
٢ : کَالْعَادَةِ إِنْشَاءَ اللّٰهُ! سَأُسَافِرُ بِالْقِطَارِ.	٢:اِنشاءاللہ!حسب عادت ریل سے سفر کروں گا۔

١ :هَلْ حَجَزْتَ الْمَقْعَدَ فِيْهِ؟	١:کیاتم نے سیٹ بک کرائی ہے؟
٢ :لَمْ أَحجِزْبَعْدُإِنَّمَا أَحْجِزُهُ قَبْلَ سَفَرِيْ بِيَوْمٍ.	٢:میں نے اب تک بک نہیں کرائی ،روانہ ہونے سے ایک دن پہلے بک کراؤنگا۔

١ :مَارَأْيُکَ لَوْأُرَافِقُکَ فِيْ هٰذَا السَّفَرِ إِلٰی لاهور؟	١:کیا خیال ہے اگر میں تمہارے ساتھ لاہور تک کا سفر کروں؟
٢ : كِدْتُ أَقُوْلُ لَکَ وَلٰكِنَّکَ سَبَقْتَنِيْ.	٢:میں تم سے کہنے والا ہی تھا لیکن تم نے پہل کی۔

١: اَلْأَفْضَلُ أَنْ نَحْجِزَ الْمَقَاعِدَ مِنَ الْآنَ لِكَيْ لَانَتَعَرَّضَ لِأَيِّ مُشْكِلَةٍ.	١: بہتر یہ ہے کہ ہم ابھی سے سیٹیں بک کرالیں تاکہ بعد میں کوئی مشکل نہ ہو۔
٢: طَيِّبٌ! مَتٰى تُرِيْدُ ؟	٢: ٹھیک ہے! کب ارادہ ہے؟
١: نَحْجِزُ الْآنَ إِذَالَمْ يَكُنْ لَدَيْكَ شُغْلٌ.	١: ابھی بک کرالیتے ہیں اگر تم مصروف نہ ہو۔
٢: حَسَناً كَمَابَدَالَكَ.	٢: جیسے تمہاری مرضی۔

فِي الْمَحَطَّةِ (ریلوے اسٹیشن میں)

١: عَفْوًا! أَيْنَ مَكْتَبُ قَطْعِ التَّذَاكِرِ ؟	١: معاف کیجئے گا! ٹکٹ گھر کہاں ہے؟
٢: اَلْمَكْتَبُ عَنْ يَمِيْنِكَ .	٢: دفتر آپ کی دائیں جانب ہے۔
١: عَفْوًا! نُرِيْدُ حَجْزَ مَقْعَدَيْنِ مَعَ سَرِيْرٍ لِلنَّوْمِ لِيَوْمِ الْجُمُعَةِ لَيْلًا.	١: معاف کیجئے گا! ہمیں جمعہ کی رات کی دو سیٹیں برتھ سمیت چاہئے۔
٢: مَعْذِرَةً! اَلْمَقَاعِدُ كُلُّها مَحْجُوْزَةٌ فِيْ هٰذَا الْمَوْعِدِ.	٢: معذرت! اس وقت کی تمام سیٹیں بک ہیں۔
١: وَهَلْ هُنَاكَ مَقْعَدٌ لِمَوْعِدٍ آخَرَ فِيْ نَفْسِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ ؟	١: کیا اس دن دوسرے وقت میں کوئی سیٹ ہے؟
٢: نَعَمْ! هُنَاكَ بَعْضُ الْمَقَاعِدِ فَارِغَةٌ.	٢: جی ہاں! کچھ سیٹیں فارغ ہیں۔
١: طَيِّبٌ! نُرِيْدُ مَقْعَدَيْنِ فِيْ ذٰلِكَ الْمَوْعِدِ.	١: ٹھیک ہے! ہمیں اسی وقت میں دو سیٹیں چاہئے۔

يَوْمُ السَّفَرِ (سفر کا دن)

۱: عَفْوًا! مَا هُوَ مَوْعِدُ تَحَرُّكِ الْقِطَارِ بِالضَّبْطِ؟	۱: معاف کیجئے گا! ریل کے روانہ ہونے کا ٹھیک وقت کیا ہے؟
۲: اَلْمَوْعِدُ بِالضَّبْطِ اَلسَّاعَةُ الثَّانِيَةُ وَ قَدْ يَتَأَخَّرُ عَنْهُ.	۲: روانگی کا مقررہ وقت دو بجے ہے لیکن کبھی لیٹ ہوجاتی ہے۔

۱: فِي الْوَقْتِ مُتَّسَعٌ يَاسَلِيْمُ! فَمَاذَا تَرٰى؟ لَوْنُصَلِّي الظُّهْرَفِيْ هٰذَاالْمَسْجِدِ؟	۱: سلیم! ابھی کافی وقت ہے کیا خیال ہے اگر ظہر کی نماز اس مسجد میں پڑھ لیں؟
۲: نِعْمَ الرَّأْيُ! وَلٰكِنْ لَا تَتَأَخَّرْ بَعْدَ الصَّلَاةِ.	۲: اچھی رائے ہے! لیکن نماز کے بعد دیر مت کرنا۔

۱: هَيَّا نَذْهَبْ إِلٰى غُرْفَةِ الْاِنْتِظَارِ؟	۱: آؤ انتظارگاہ کیطرف چلتے ہیں۔
۲: أَيْنَ هِيَ؟	۲: وہ کس طرف ہے؟

۱: دَعِ الْغُرْفَةَ فَإِنَّ الْقِطَارَ قَدْ صَفَّرَ وَهُوَعَلَامَةُ تَحَرُّكِهِ.	۱: انتظارگاہ کو چھوڑو! ریل نے سیٹی بجادی ہے یہ اسکے روانہ ہونے کی علامت ہے۔
۲: يَاأَخِيْ! هٰذَاالْقِطَارُ مُتَّجِهٌ إِلٰى اسلام آباد.	۲: یار! یہ اسلام آباد جانے والی ریل ہے۔

١ :لِنَذْهَبْ إِلٰى مَكْتَبِ الْاِسْتِعْلَامَاتِ وَلْنَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقِطَارِ.
١:انکوائری آفس چلتے ہیں ان سے ٹرین کے بارے میں پوچھتے ہیں۔

٢ :عَفْوًا! مَتٰى يَتَحَرَّكُ الْقِطَارُ الْمُتَّجِهُ إِلٰى لاهور؟
٢:معاف کیجئے گا! لاہور کی ٹرین کب روانہ ہوگی؟

صاحبُ المَكْتَبِ: اَلْقِطَارُقَدْ تَأَخَّرَعَنْ مَوْعِدِهِ حَوَالَيْ نِصْفِ سَاعَةٍ.
دفتر والا: گاڑی اپنے وقت سے تقریبًا آدھا گھنٹہ لیٹ ہے۔

١ :طَيِّبْ! دُلَّنَاعَلَى الرَّصِيْفِ.
١:ٹھیک ہے! آپ ہمیں پلیٹ فارم بتادیں۔

صاحبُ المَكْتَبِ: اَلرَّصِيْفُ خَلْفَ هٰذَاالْمَكْتَبِ.
دفتر والا: پلیٹ فارم اس دفتر کے پیچھے ہے۔

١ :شُكْرًا!، يَاسَلِيْمُ!اِحْمِلْ أَمْتِعَتَكَ فَلْنَرْكَبِ الْقِطَارَ وَلْنَتَرَقَّبْ تَحَرُّكَهُ.
١:شکریہ!، سلیم اپنا سامان اٹھاؤ تا کہ ریل میں سوار ہوکر روانہ ہونے کا انتظار کریں۔

٢ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ! تَحَرَّكَ الْقِطَارُ بَعْدَ اِنْتِظَارٍ طَوِيْلٍ.
٢:الحمدللہ! کافی نتظار کے بعد چل پڑی۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ (نئے الفاظ)

قِطَارٌ	ریل گاڑی	رَصِيْفٌ	پلیٹ فارم
قَاطِرَةٌ مَقْطُوْرَةٌ	اگلا انجن پچھلا انجن	قَاعَةُ الْاِنْتِظَارِ اِصْطِدَامٌ	انتظار گاہ ایکسیڈنٹ
عَرَبَةٌ	بوگی	بَوَّابَةُ السِّكَّةِ	ریلوے پھاٹک
سَرِيْرٌ لِلنَّوْمِ	برتھ	مُحَوِّلٌ	ریلوے سوئچ مین
مَحَطَّةُ الْقِطَارِ	ریلوے اسٹیشن	كَبْحُ الطَّوَارِئ	ایمرجنسی بریک
صَفِيْرٌ	سیٹی	مُحَافِظُ الْقِطَارِ	ریلوے گارڈ
تَذْكِرَةٌ	ٹکٹ	عُمَّالُ السِّكَّةِ الْحَدِيْدِيَّةِ	ریلوے ملازمین
حَمَّالٌ/شَيَّالٌ	قلی	نَاظِرُ الْمَحَطَّةِ	ریلوے ماسٹر
سِكَّةٌ حَدِيْدِيَّةٌ	پٹڑی	عَلَمٌ أَحْمَرُ/أَخْضَرُ	سرخ/سبز جھنڈی
مَقْصُوْرَةٌ	کیبن	مُدَقِّقُ التَّذَاكِرِ	ٹکٹ چیکر
مَقْعَدٌ	سیٹ	قِطَارُ الْبَضَائِعِ	مال گاڑی
مَوْعِدٌ	وقت	اَلْقِطَارُ السَّرِيْعُ	ایکسپریس گاڑی
مَقْطَعُ عُبُوْرِ الْقِطَارِ		ریلوے کراسنگ پھاٹک	

أَسْئِلَةٌ وَأَجْوِبَةٌ حَوْلَ الْقِطَارِ

(ریل گاڑی سے متعلق سوالات وجوابات)

۱ :يَاأَخِي!عَرَبَاتُ هٰذَاالْقِطَارِ أَكْثَرُ مِنْ عِشْرِيْنَ فَأَيَّهَانَرْكَبُ؟	۱:بھائی !اس ریل میں بیس سے زیادہ بوگیاں ہیں کس بوگی میں سوار ہونا ہے؟
۲:اِرْكَبِ الْعَرَبَةَ الرَّابِعَةَ مِنَ الْقَاطِرَةِ	۲:انجن کی طرف سے چوتھی بوگی میں سوار ہو جاؤ۔

۱ :يَاسَلِيْمُ!خُذِالشَّيَّالَ مَعَكَ لِيَحْمِلَ الْأَمْتِعَةَ.	۱:سلیم !قلی کو اپنے ساتھ لے لو تا کہ وہ سامان اٹھالے۔
۲ :لَاحَاجَةَ إِلَيْهِ فَأَنَاأَحْمِلُ بِنَفْسِيْ.	۲:اس کی ضرورت نہیں ہے میں خود اٹھالونگا۔

۱ :أَسْرِعْ يَاأَخِيْ! اَلْقِطَارُقَدْ تَحَرَّكَ.	۱:جلدی کرو بھائی ریل چل پڑی ہے۔
۲ :يَااَللّٰهُ! فَاتَتْنَاعَرَبَتُنَا.	۲:اوہ اللہ! ہماری بوگی تو نکل گئی۔

۱ :لَا تُضَيِّعِ الْوَقْتَ فِي التَّفْكِيْرِ وَإِلَّا فَاتَكَ الْقِطَارُ بِتَمَامِهِ.	۱:سوچنے میں وقت ضائع مت کرو ورنہ پوری ریل گاڑی نکل جائے گی۔
۲ :طَيِّبٌ!فَلْنَرْكَبْ هٰذِهِ الْعَرَبَةَ وَلْنَصِلْ إِلٰى عَرَبَتِنَا مِنَ الدَّاخِلِ.	۲:ٹھیک ہے !اس بوگی میں سوار ہوتے ہیں اور اندر ہی اندر اپنی بوگی تک پہنچ جائینگے۔

١ :اِصْبِرْ يَاأَخِي ! اِحْمِلْ مَعِي هٰذِهِ الْحَقِيْبَةَ فَهِيَ ثَقِيْلَةٌ جِدًّا.	١:صبر کرو بھائی! یہ بیگ میرے ساتھ اٹھاؤ کیونکہ یہ بہت بھاری ہے۔
٢ :أَيُّهَا الْبَخِيلُ! أَمَاقُلْتُ لَکَ : اِسْتَأْجِرْ حَمَّالًا.	٢: کنجوس آدمی! میں نے تم سے نہیں کہا کہ قلی سے اٹھوالو۔

١ :عَفْوًا! مَاكُنْتُ أَظُنُّهَاثَقِيْلَةً إِلٰى هٰذِهِ الدَّرَجَةِ.	١:معاف کرنا! میں اسے اتنا بھاری نہیں سمجھ رہا تھا۔
٢ :عَفْوًا ! لِمَ تَوَقَّفَ الْقِطَارُ فِيْ مِثْلِ هٰذِهِ الْغَابَةِ؟	٢:معاف کیجئے گا! ریل اس جیسے جنگل میں کیوں رک گئی؟

١ : كَمَاأَرىٰ أَنَّ أَحَدَ الرُّكَّابِ جَذَبَ مِكْبَحَ الطَّوَارِیءِ.	١:میرے خیال میں کسی سواری نے ایمر جنسی بریک کھینچا ہے۔
٢ :هَيَّا نَنْزِلُ لِنَطَّلِعَ عَلَى السَّبَبِ.	٢: چلو اترتے ہیں تا کہ وجہ معلوم کرلیں۔

١ :حَسَنًا!وَلٰكِنْ لَا تَبْتَعِدْ عَنِ الْقِطَارِ كَثِيْرًا.	١:ٹھیک ہے !لیکن ریل سے زیادہ دور مت نکلنا۔
٢ :إِنَّالِلّٰهِ وَإِنَّاإِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ! أَعَاذَنَااللّٰهُ مِنْ هٰذَاالْإِبْتِلَاءِ! فَقَدْسَقَطَ أَحَدُ الرُّكَّابِ مِنَ الْقِطَارِ وَوَقَعَ عَلَى السِّكَّةِ.	٢:إِنَّالِلّٰهِ !اللہ اس آزمائش سے بچائے! ایک سواری ریل سے گرکر پٹری پر جاگرا ہے۔

ا :يَااللّٰهُ! وَكَيْفَ تَعَرَّضَ لِلسُّقُوْطِ؟	ا:اوہ! کیسے گر گیا؟
٢: كَانَ وَاقِفًاعِنْدَ الْبَابِ فَانْزَلَقَتْ رِجْلُهُ.	٢:وہ دروازے کے پاس کھڑا تھا کہ
٢: كَانَ وَاقِفًا عِنْدَ الْبَابِ فَفُوْجِئَ بِانْزِلَاقِ رِجْلِهِ.	اچانک اس کا پیر پھسل گیا۔

ا :يَاأَخِيْ! يَجِبُ عَلَيْنَاأَنْ نَكُوْنَ حَذِرِيْنَ.	ا: بھائی! ہمیں مکمل احتیاط برتنی چاہئے۔
٢: مَعَ الْأَسَفِ الشَّدِيْدِ! أَرَادَ أَحَدُهُمْ أَنْ يَنْتَحِرَ فَقَامَ وَسَطَ السِّكَّةِ حَتّٰى يَمُرَّ عَلَيْهِ الْقِطَارُ.	٢: سخت افسوس ہوا! ایک آدمی خودکشی کرنا چاہتا تھا تو وہ پٹری کے درمیان کھڑا ہو گیا تا کہ ریل اسے کچل دے۔

ا :فَمَاذَاحَدَثَ إِذَنْ؟	ا: پھر کیا ہوا؟
٢ :فَطِنَ السَّائِقُ لِخُطُوْرَةِ الْأَمْرِ وَكَبَحَ عَلٰى بُعْدٍ مِنْهُ وَأَنْقَذَ الرَّجُلَ مِنْ هٰذِهِ الْمَهْلَكَةِ.	٢: ڈرائیور معاملہ کی نزاکت کو سمجھ گیا اور اس سے فاصلہ پر بریک لگادیا اور آدمی کو اس ہلاکت سے بچالیا۔

ا :يَاأَخِيْ! حَافِظْ عَلٰى أَمْتِعَتِكَ فَإِنَّهَا قَدْ تَتَعَرَّضُ لِلسَّرِقَةِ.	ا: بھائی! اپنے سامان کی حفاظت کرو کیونکہ کبھی چوری ہو جاتا ہے۔
٢ :يَاسَلِيْمُ! أَيْنَ التَّذَاكِرُ؟ حَافِظْ عَلَيْهَا فَإِنَّ قَاطِعَ التَّذَاكِرِ عَلٰى وَشَكِ الْوُصُوْلِ.	٢: سلیم! ٹکٹیں کہاں ہیں اس کو حفاظت سے رکھو ٹکٹ چیکر آنے والا ہے۔

۱: اَلتَّذَاكِرُ عِنْدَكَ ،فَقَدْ أَعْطَيْتُكَ فِي الْمَحَطَّةِ.	۱: ٹکٹیں تمہارے پاس ہیں، میں نے تمہیں اسٹیشن میں دی تھیں۔
۲: يَاسَلَامُ!فَقَدْ نَسِيْتُهَاعِنْدَ حَامِدٍ.	۲: اوہ! میں اسے حامد کے پاس بھول گیا۔

۱: فَلْيَنَمْ أَحَدُنَاعَلَى السَّرِيْرِ وَالْآخَرُ عَلَى الْأَرْضِيَّةِ.	۱: ہم میں سے ایک برتھ پر سوجائے اور دوسرا نچلے حصہ میں۔
۲: يَاأَخِيْ! لَسْنَابِجَسِيْمَيْنِ، اَلسَّرِيْرُ يَسَعُ كِلَيْنَا.	۲: بھائی! ہم بھاری بھرکم نہیں ہیں برتھ میں دونوں ہی سما سکتے ہیں۔

۱: مِنْ فَضْلِكَ أُرِيْدُ النَّوْمَ فَأَرْجُوْأَنْ تُفْرِغَ لِيْ هٰذَاالسَّرِيْرَفَهُوَمُلْحَقٌ بِمَقْعَدِيْ.	۱: برائے مہربانی! میں سونا چاہتا ہوں آپ یہ برتھ خالی کردیں یہ میری سیٹ کے ساتھ ہے۔
۲: يَاأَخِيْ!قَدِاشْتَرَيْتُ التَّذْكِرَةَ وَرَكِبْتُ قَبْلَ سَاعَةٍ فَلَيْسَ لِيْ مَقْعَدٌ سِوَاهُ.	۲: بھائی! میں نے ٹکٹ خریدا ہے اور ایک گھنٹہ پہلے سوار ہوا ہوں اس کے علاوہ میری کوئی سیٹ نہیں ہے۔

۱: وَاللّٰهِ يَاأَخِيْ!لَقَدْ طَالَ وَقُوْفُ الْقِطَارِ فِيْ هٰذِهِ الْمَحَطَّةِ.	۱: بخدا بھائی! اس اسٹیشن پر ٹرین کا اسٹاپ بہت لمبا ہوگیا۔
۲: فِيْمَاأَرٰى حَدَثَ عُطْلٌ فِيْ مُحَرِّكِهٖ.	۲: میرے خیال میں اس کے انجن میں کوئی خرابی ہوگئی ہے۔

